نوح کی قوم اور کنویں والوں اور قوم ثمود نے اور قوم عاد

وَّ	فِرْعَوْنُ	وَ	اِخْوَانُ	لُوْطٍ ۝	وَّ	اَصْحٰبُ	الْاَيْكَةِ
اور	فرعون	اور	بھائی	لوط (کے)	اور	ساتھی ۔ والے	بن ۔ جنگل

وَّ فِرْعَوْنُ وَ اِخْوَانُ لُوْطٍ ۝۱۳ وَّ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ

اور فرعون اور لوط کی برادری والوں نے اور بن کے رہنے والوں (قوم شعیب) نے

وَ	قَوْمُ	تُبَّعٍ	كُلٌّ	كَذَّبَ	الرُّسُلَ	فَ	حَقَّ	وَعِيْدِ ۝
اور	قوم	تبع	تمام	جھٹلایا	بھیجے ہوئے	پس	ثابت ہوا	ڈرانا میرا

وَ قَوْمُ تُبَّعٍ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ ۝۱۴

اور (یمن کے بادشاہ) تبع کی قوم نے ان سب نے رسولوں کو جھٹلایا تو میرا وعدۂ عذاب سچ مچ پورا ہوا

اَ	فَ	عَيِيْنَا	بِ	الْخَلْقِ	الْاَوَّلِ	بَلْ	هُمْ	فِيْ	لَبْسٍ
کیا	پس	ہم تھک گئے	ساتھ	پیدائش	پہلی	بلکہ	وہ	میں	شک وشبہ

اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ

تو کیا ہم پہلی بار پیدا کر کے تھک ہار گئے (نہیں) بلکہ وہ نئی پیدائش کے بارے میں

مِّنْ	خَلْقٍ	جَدِيْدٍ ۝	وَ	لَ	قَدْ	خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ
سے	پیدائش	نئی	اور	البتہ	ضرور	ہم نے پیدا کیا	انسان

مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝۱۵ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ ع ۱ / ۱۵

شک وشبہ میں پڑ گئے ہیں اور ہم نے ہی انسان کو پیدا کیا اور

وَ	نَعْلَمُ	مَا	تُوَسْوِسُ	بِ	هٖ	نَفْسُ	هٗ	وَ	نَحْنُ	اَقْرَبُ
اور	ہم جانتے ہیں	جو	ناکارہ خیالات پیدا کرتا ہے	ساتھ	اس	جی	اس	اور	ہم	زیادہ نزدیک

وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ وَنَحْنُ اَقْرَبُ

ہمیں پتہ ہے جو اس کا جی اس کے اندر خیالات پیدا کرتا ہے اور ہم اس کی رگ جان سے بھی

اِلَیْ	هِ	مِنْ	حَبْلِ	الْوَرِیْدِ ○	اِذْ	یَتَلَقَّی	الْمُتَلَقِّیٰنِ
طرف	اس	سے	رسہ۔ رگ	رگ جو دل اور جگر کو خون پہنچاتی ہے	جب	لے لیتے ہیں	دو لینے والے

اِلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ ○ ۱۶ اِذْ یَتَلَقَّی الْمُتَلَقِّیٰنِ

اس کے زیادہ نزدیک ہیں جبکہ (انکی ہر بات کو) دو لینے والے (فرشتے) محفوظ کر لیتے ہیں

عَنِ	الْیَمِیْنِ	وَ	عَنِ	الشِّمَالِ	قَعِیْدٌ ○	مَا	یَلْفِظُ
سے	دائیں	اور	سے	بائیں	بیٹھا ہوا	نہیں	وہ بولتا

عَنِ الْیَمِیْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِیْدٌ ○ ۱۷ مَا یَلْفِظُ

ایک ان میں سے دائیں بیٹھا ہوا ہے اور ایک بائیں بیٹھا ہے کوئی بات بھی وہ زبان سے

مِنْ	قَوْلٍ	اِلَّا	لَدَیْ	هِ	رَقِیْبٌ	عَتِیْدٌ ○	وَ	جَآءَتْ
سے	بات	مگر	نزدیک	اس	نگہبان	تیار	اور	آئی

مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَیْهِ رَقِیْبٌ عَتِیْدٌ ○ ۱۸ وَجَآءَتْ

نہیں نکالتا مگر اس کے قریب ہی نگران تیار بر تیار موجود ہوتا ہے اور موت کی بیہوشی

سَکْرَةُ	الْمَوْتِ	بِ	الْحَقِّ	ذٰلِكَ	مَا	کُنْتَ	مِنْ	هُ
مدہوشی	موت (کی)	ساتھ	سچ	یہ	جو	تھا تو	سے	اس

سَکْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ مَا کُنْتَ مِنْهُ

بالیقین آ کر رہے گی (اس وقت کہا جائے گا) یہی وہ حالت ہے جس سے تو

تَحِیْدُ ○	وَ	نُفِخَ	فِی	الصُّوْرِ ؕ	ذٰلِكَ	یَوْمُ	الْوَعِیْدِ ○
تو بدکتا ہے	اور	پھونکا گیا	میں	بگل	یہ	دن	سزا کا وعدہ

تَحِیْدُ ○ ۱۹ وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ ؕ ذٰلِكَ یَوْمُ الْوَعِیْدِ ○ ۲۰

بدکتا تھا اور بگل میں پھونکا جائے گا یہ سزا کا دن ہوگا

وَ	جَآءَتْ	کُلُّ	نَفْسٍ	مَّعَ	هَا	سَآئِقٌ	وَّ	شَهِیْدٌ ○
اور	آئی	ہر	جان	ساتھ	اس	ہانکنے والا	اور	گواہی دینے والا

وَجَآءَتْ کُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِیْدٌ ○ ۲۱

اور ہر متنفس اس حال میں آئے گا کہ اس کے ساتھ ایک ہانکنے والا (فرشتہ) اور ایک گواہی دینے والا ہوگا

لَ	قَدْ	كُنْتَ	فِيْ	غَفْلَةٍ	مِّنْ	هٰذَا	فَ	كَشَفْنَا
البتہ	ضرور	تھا تو	بیچ	بے خبری	سے	اس	پس	کھول دیا ہم نے

لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا

تُو تو اس دن کے آنے سے بے خبری میں پڑا تھا سو ہم نے تجھ سے تیرا پردہ

عَنْ	كَ	غِطَآءَ	كَ	فَ	بَصَرُ	كَ	الْيَوْمَ	حَدِيْدٌ ۝
سے	تجھ	پردہ	تیرا	پس	نظر	تیری	آج	تیز

عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝۲۲

ہٹا دیا پس آج تیری نگاہ نہایت تیز ہے

وَ	قَالَ	قَرِيْنُ	هٗ	هٰذَا	مَا	لَدَ	يَّ	عَتِيْدٌ ۝
اور	کہا	ساتھی ہمنشین	اس	یہ	جو	پاس	میرے	تیار کیا ہوا

وَقَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ۝۲۳

اور اس کا ہمراہی کہے گا یہ میرے پاس (تیرا اعمالنامہ بھی) تیار موجود ہے

اَلْقِيَا	فِيْ	جَهَنَّمَ	كُلَّ	كَفَّارٍ	عَنِيْدٍ ۝	مَّنَّاعٍ
ڈال دو تم دونو	بیچ	دوزخ	تمام	انکار کرنیوالے	جان بوجھ کر مخالفت کرنیوالا ضدی	روکنے والا

اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ۝۲۴ مَّنَّاعٍ

ڈال دو تم دونو آتش جہنم میں ہر انکار کرنے والے ضدی مخالف حق کو نیکی سے

لِ	الْخَيْرِ	مُعْتَدٍ	مُّرِيْبِ ۝	الَّذِيْ	جَعَلَ	مَعَ
واسطے	نیک کام	حد سے نکلنے والا	شک کرنیوالا	جس (نے)	بنایا۔ مقرر کیا	ساتھ

لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبِ ۝۲۵ الَّذِيْ جَعَلَ مَعَ

روکنے والے حد سے بڑھنے والے دینی امور میں شبہات پیدا کرنے والے کو جس نے

اللّٰهِ	اِلٰهًا	اٰخَرَ	فَ	اَلْقِيَا	هُ	فِيْ	الْعَذَابِ	الشَّدِيْدِ ۝
اللہ تعالیٰ	معبود	دوسرا	پس	تم دونو ڈال دو	اسے	بیچ	دکھ	سخت

اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ۝۲۶

اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور معبود تجویز کر رکھے تھے، سو ڈال دو تم دونو اسے سخت عذاب میں

قَالَ	قَرِيْنُ	هٗ	رَبَّ	نَا	مَآ	اَطْغَيْتُ	هٗ	وَ	لٰكِنْ	كَانَ
کہا	ہمنشین رساتھی	اس	اے پروردگار	ہمارے	نہیں	سرکش بنایا میں نے	اسے	اور	لیکن	تھا وہ

قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ

اس کا (برا) ہمنشین کہے گا اے ہمارے پروردگار میں نے اسے سرکش نہیں بنایا ہاں یہ خود ہی پہلے درجہ کی

فِيْ	ضَلٰلٍ	بَعِيْدٍ ۝	قَالَ	لَا	تَخْتَصِمُوْا	لَدَ	يَّ
میں	گمراہی	دور	کہا اس نے	نہ	جھگڑا کرو تم	نزدیک	میرے

فِيْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ ۝۲۷ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَيَّ

گمراہی میں مبتلا تھا (اللہ تعالیٰ) فرمائیگا میرے حضور مت جھگڑو میں تو

وَ	قَدْ	قَدَّمْتُ	اِلَيْ	كُمْ	بِ	الْوَعِيْدِ ۝	مَا	يُبَدَّلُ
اور	ضرور	آگے کیا میں نے	طرف	تمہارے	ساتھ	عذاب سے ڈرانا	نہیں	بدلی جاتی

وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ بِالْوَعِيْدِ ۝۲۸ مَا يُبَدَّلُ

پہلے ہی تمہاری طرف عذاب کی خبر بھیج چکا تھا اب میرے حضور

الْقَوْلُ	لَدَ	يَّ	وَ	مَآ	اَنَا	بِ	ظَلَّامٍ	لِّ	الْعَبِيْدِ ۝	يَوْمَ
بات	نزدیک	میرے	اور	نہیں	میں	×	بہت ظلم کرنیوالا	واسطے	بندوں	دن

الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝۲۹ يَوْمَ ع ۲

(وعید والی) بات بدلی نہیں جائے گی اور ہم قطعاً بندوں پر ظلم روا نہیں رکھتے اس دن ہم

نَقُوْلُ	لِ	جَهَنَّمَ	هَلِ	امْتَلَاْتِ	وَ	تَقُوْلُ	هَلْ	مِنْ
ہم کہیں گے	واسطے	دوزخ	کیا	بھر گئی تو	اور	وہ کہے گی	کیا	سے

نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ

دوزخ سے دریافت کریں گے کیا تو بھر گئی اور وہ کہے گی کیا کچھ

مَّزِيْدٍ ۝	وَ	اُزْلِفَتِ	الْجَنَّةُ	لِ	الْمُتَّقِيْنَ	غَيْرَ	بَعِيْدٍ ۝
زیادتی	اور	قریب کی گئی	بہشت	واسطے	پرہیزگار لوگ	نہ	دور

مَزِيْدٍ ۝۳۰ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ۝۳۱

اور بھی ہے اور جنت پرہیزگاروں کے نزدیک تر کر دی جائیگی مطلق دور نہ ہوگی

هٰذَا	مَا	تُوْعَدُوْنَ	لِ	كُلِّ	اَوَّابٍ	حَفِيْظٍ ۝	مَنْ	خَشِيَ	
یہ	جو	وعدہ دیئے گئے تم	واسطے	تمام	رجوع کرنیوالا	حفاظت کرنیوالا	جو شخص	ڈر گیا	

هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ۝٣٢ مَنْ خَشِيَ

(کہا جائیگا) یہی وہ (انعام) ہے جس کا تم وعدہ دیئے گئے یعنی خدا کی طرف ہر ایک رجوع کرنیوالے حفاظت کرنیوالے کیلئے، جو

الرَّحْمٰنَ	بِ	الْغَيْبِ	وَ	جَآءَ	بِ	قَلْبٍ	مُّنِيْبِ ۝	ادْخُلُوْا	هَا
نہایت مہربان	ساتھ	پوشیدہ	اور	آیا وہ	ساتھ	دل	رجوع کرنیوالا	داخل ہوجاؤ تم	اس

الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِ ۝٣٣ ادْخُلُوْهَا

خدائے رحمٰن سے پوشیدہ طور پر ڈرتا رہا اور رجوع کرنے والا دل لے کر آیا (ہم کہینگے) اس (جنت) میں

بِ	سَلٰمٍ	ذٰلِكَ	يَوْمُ	الْخُلُوْدِ ۝	لَ	هُمْ	مَّا	يَشَآءُوْنَ	فِيْ	هَا
ساتھ	سلامتی	یہ	دن	ہمیشہ رہنے کا	واسطے	ان	جو	وہ چاہیں گے	بیچ	اس

بِسَلٰمٍ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ۝٣٤ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا

سلامتی کے ساتھ داخل ہوجاؤ یہ دن دائمی رہنے کا ہے ان کے لئے اسمیں وہ سب موجود ہوگا جو وہ چاہینگے

وَ	لَدَيْ	نَا	مَزِيْدٌ ۝	وَ	كَمْ	اَهْلَكْنَا	قَبْلَ	هُمْ	مِّنْ	قَرْنٍ
اور	پاس	ہمارے	زیادتی	اور	کتنی	ہم نے ہلاک کیں	پہلے	ان	سے	انہیں نسلیں

وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ۝٣٥ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ

اور ہمارے ہاں اور بھی بہت کچھ ہوگا اور ہم ان (کفار سے) پہلے کتنی نسلیں ہلاک کرچکے ہیں وہ ان سے

هُمْ	اَشَدُّ	مِنْ	هُمْ	بَطْشًا	فَ	نَقَّبُوْا	فِي	الْبِلَادِ	هَلْ
وہ	زیادہ سخت	سے	ان	پکڑنا	پس	چھید کیا انہوں نے	بیچ	شہروں	کیا

هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ ؕ هَلْ

کہیں بڑھ کر سخت طاقتور تھے لیکن جب گرفت ہوئی تو تمام شہروں کو چھان مارا کہیں بھاگ کر

مِنْ	مَّحِيْصٍ ۝	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَ	ذِكْرٰى	لِ	مَنْ	كَانَ	لَ	هٗ
سے	بھاگنے کی جگہ	بیشک	میں	اس	البتہ	نصیحت	واسطے	جو شخص	ہو	واسطے	اس

مِنْ مَّحِيْصٍ ۝٣٦ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ

جان بچانے کی جگہ مل جائے، یقیناً اس میں ضرور نصیحت ہے ہر اس شخص کیلئے جو سوچنے والا دل

قَلْبٌ	اَوْ	اَلْقَى	السَّمْعَ	وَ	هُوَ	شَهِيْدٌ ○	وَ	لَ	قَدْ	خَلَقْنَا
دل	یا	ڈالا اس نے	کان	اور	وہ	حاضر ہونیوالا	اور	البتہ	تحقیق	ہم نے پیدا کیا

قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ○ ۳۷ وَلَقَدْ خَلَقْنَا

رکھتا ہے یا سننے کے لئے کان لگاتا ہے اور وہ توجہ قائم رکھتا ہے اور ہم نے ہی آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضَ	وَ	مَا	بَيْنَ	هُمَا	فِيْ	سِتَّةِ	اَيَّامٍ
آسمانوں	اور	زمین	اور	جو	درمیان	ان دونو	میں	چھ	دنوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۳۸

زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ وقتوں میں پیدا کیا

وَ	مَا	مَسَّ	نَا	مِنْ	لُّغُوْبٍ ○	فَ	اصْبِرْ	عَلٰى	مَا	يَقُوْلُوْنَ
اور	نہیں	چھوا	ہمیں	سے	تھکان	پس	صبر کر تو	اوپر	جو	وہ کہتے ہیں

وَمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ○ ۳۸ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ

اور ہم کو تھکاوٹ نے چھوا تک نہیں سو آپ بھی جو یہ کہتے ہیں اس پر صبر کیجیے اور

وَ	سَبِّحْ	بِ	حَمْدِ	رَبِّ	كَ	قَبْلَ	طُلُوْعِ	الشَّمْسِ	وَ	قَبْلَ
اور	پاک ہونا بیان کر	ساتھ	تعریف	پروردگار	تیرا	پہلے	نکلنے	سورج	اور	پہلے

وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ

اپنے پروردگار کی حمد و ثنا کے ساتھ سورج کے طلوع اور غروب ہونے سے پہلے تسبیح

الْغُرُوْبِ ○	وَ	مِنَ	الَّيْلِ	فَ	سَبِّحْ	هُ	وَ	اَدْبَارَ	السُّجُوْدِ ○
ڈوب جانے	اور	سے	رات	پس	پاک ہونا بیان کر	اس	اور	پیچھے	سجدوں

الْغُرُوْبِ ○ ۳۹ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ○ ۴۰

کیا کیجیے اور رات کے کچھ حصہ میں اور عبادت کے بعد بھی اس کا پاکیزہ ہونا بیان کیجیے

وَ	اسْتَمِعْ	يَوْمَ	يُنَادِ	الْمُنَادِ	مِنْ	مَّكَانٍ	قَرِيْبٍ ○
اور	کان لگا کر سن	دن	پکارے گا	پکارنے والا	سے	جگہ	نزدیک

وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ○ ۴۱

اور کان لگا کر سنو جس دن نزدیک کی جگہ سے پکارنے والا پکارے گا

يَوْمَ	يَسْمَعُوْنَ	الصَّيْحَةَ	بِ	الْحَقِّ ؕ	ذٰلِكَ	يَوْمُ
دن	وہ سنیں گے	چیخ	ساتھ	سچ	یہ	دن

يَوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ

جس دن یہ سب لوگ چیخ دار آواز سن لیں گے یہی دن زندہ ہو کر نکلنے کا

الْخُرُوْجِ ۝	اِنْ	نَّا	نَحْنُ	نُحْيٖ	وَ	نُمِيْتُ	وَ	اِلَيْ	نَا الْمَصِيْرُ
نکلنا	بیشک	ہم	ہم	زندہ کرتے ہیں	اور	ہم موت دیتے ہیں	اور	طرف	ہمارے لوٹ کر آنا

الْخُرُوْجِ ۝۴۲ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ۝۴۳

دن ہو گا بیشک ہم ہی زندہ کرتے ہیں اور ہم ہی موت دیتے ہیں اور ہماری طرف سب کو لوٹ کر آنا ہے

يَوْمَ	تَشَقَّقُ	الْاَرْضُ	عَنْ	هُمْ	سِرَاعًا ؕ	ذٰلِكَ	حَشْرٌ
دن	پھٹ جائے گی	زمین	سے	ان	جلدی	یہ	اکٹھا کرنا

يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ؕ ذٰلِكَ حَشْرٌ

اس دن زمین (کی مٹی) ان سے ہٹ جائیگی وہ تیزی سے نکل کھڑے ہوں گے یہ جمع کر لینا ہم پر

عَلَيْ	نَا	يَسِيْرٌ ۝	نَحْنُ	اَعْلَمُ	بِ	مَا	يَقُوْلُوْنَ
اوپر	ہمارے	آسان	ہم	خوب جاننے والا	ساتھ	جو	وہ کہتے ہیں

عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ۝۴۴ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ

آسان ہو گا ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ وہ کہتے ہیں

وَ	مَآ	اَنْتَ	عَلَيْ	هِمْ	بِ	جَبَّارٍ ۫	فَ	ذَكِّرْ	بِ	الْقُرْاٰنِ
اور	نہیں	تو	اوپر	ان	x	زبردستی کرنے والا	پس	نصیحت کریں تو	ساتھ	قرآن

وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۫ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ

اور آپ ان پر ایک زبردست انسان نہیں ہیں (کہ جبر کریں) سو آپ ہر اس شخص کو جو میری وعید کا

مَنْ	يَّخَافُ	وَعِيْدِ ۝	
جو شخص	وہ ڈرتا ہے	ڈرانا میرا	

مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ۝۴۵

خوف رکھتا ہے اس قرآن کے ذریعے نصیحت کرتے رہیں

(۵۱) سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ (۶۷)

سورہ ذاریات مکی سورت ہے

آيَاتُهَا ۶۰ ——— رُكُوْعَاتُهَا ۳

اس کی ۶۰ آیات ——— اور ——— ۳ رکوع ہیں

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	باربار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان باربار رحم کرنے والا ہے

وَ	الذّٰرِيٰتِ	ذَرْوًا	فَ	الْحٰمِلٰتِ	وِقْرًا	فَ	الْجٰرِيٰتِ
قسم ہے	اڑانے والیاں۔ بکھیرنے والیاں	اڑانا۔ بکھیرنا	پس	اٹھانے والیاں	بوجھ	پس	چلنے والیاں

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ۙ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۙ فَالْجٰرِيٰتِ

قسم ہے ان ہواؤں کی جو بخارات کو اچھی طرح اڑاتی ہیں پھر (بادلوں کا) بوجھ اٹھانیوالی ہیں، پھر آہستگی سے

يُسْرًا	فَ	الْمُقَسِّمٰتِ	اَمْرًا	اِنَّ	مَا	تُوْعَدُوْنَ	لَ	صَادِقٌ
آہستہ آسان	پس	تقسیم کرنے والیاں	حکم معاملہ۔ بات	بیشک	جو	تم وعدہ دیئے جاتے ہو	البتہ	سچا

يُسْرًا ۙ فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۙ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۙ

چلتی چلاتی حکمِ الٰہی (کے موافق بارش) کو تقسیم کرتی ہیں (قدرت کا یہ فعل گواہ ہے کہ جو تم وعدہ دیئے گئے ہو وہ

وَ	اِنَّ	الدِّيْنَ	لَ	وَاقِعٌ	وَ	السَّمَآءِ	ذَاتِ	الْحُبُكِ	اِنَّ	كُمْ
اور	بیشک	مذہب۔ جزا	البتہ	ہونے والا	قسم ہے	آسمان	والا	راستوں	بیشک	تم

وَّاِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ ؕ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ۙ اِنَّكُمْ

قطعی سچ ہے، اور جزا سزا کا دن واقع ہونے والا ہے، قسم ہے دھاریدار آسمان کی تم یقیناً (اے اہل مکہ) اختلافی باتوں

لَ	فِيْ	قَوْلٍ	مُّخْتَلِفٍ	يُّؤْفَكُ	عَنْ	هُ	مَنْ	اُفِكَ
البتہ	بیچ	بات	علیحدہ علیحدہ۔ اختلاف والی	پھیرا جاتا ہے	سے	اس	جو	پھیر اگیا

لَفِيْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ۙ يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ؕ

میں پڑے ہوئے ہو اس (صداقت) سے وہی روگرداں رہیگا جس کا (مقدر) روگرداں رہنا ہے

قُتِلَ	الْخَرّٰصُوْنَ ۝	الَّذِيْنَ	هُمْ	فِيْ	غَمْرَةٍ	سَاهُوْنَ ۝
مارے گئے ہلاک کئے گئے	اٹکل بازی کرنیوالے جھوٹ بولنے والے	جو لوگ	وہ	میں	جہالت	غافل رہنے والے

قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ۝۱۰ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ۝۱۱

اٹکل بازی سے باتیں کرنیوالے ہلاک شدہ ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جو جہالت کے باعث بےخبری میں مبتلا ہیں

يَسْـَٔلُوْنَ	اَيَّانَ	يَوْمُ	الدِّيْنِ ۝	يَوْمَ	هُمْ	عَلَى	النَّارِ
وہ پوچھتے ہیں	کب	دن	جزا (کا)	دن	وہ	اوپر	آگ

يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ۝۱۲ يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ

وہ (آپ سے) پوچھتے ہیں کہ قیامت کا دن کب وقوع پذیر ہوگا جس دن وہ آگ میں ڈال کر

يُفْتَنُوْنَ ۝	ذُوْقُوْا	فِتْنَةَ	كُمْ	هٰذَا	الَّذِيْ	كُنْتُمْ	بِ	هٖ
عذاب دیئے جائینگے نکھارے جائینگے	چکھو تم	شرارت	تمہاری	یہ	جو	تھے تم	ساتھ	اس

يُفْتَنُوْنَ ۝۱۳ ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ

نکھارے جائینگے (اب) چکھو اپنی شرارت کا مزا، یہ (عذاب) وہی تو ہے جس کی

تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ	فِيْ	جَنّٰتٍ	وَّ	عُيُوْنٍ ۝
تم جلدی طلب کرتے ہو	بیشک	پرہیزگار لوگ	بیچ	باغوں	اور	چشمے

تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝۱۴ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝۱۵

تم جلدی مچاتے تھے بیشک پرہیزگار لوگ باغات اور چشموں میں مزے لے رہے ہونگے

اٰخِذِيْنَ	مَآ	اٰتٰى	هُمْ	رَبُّ	هُمْ	اِنَّ	هُمْ	كَانُوْا	قَبْلَ	ذٰلِكَ
پکڑنے والے	جو	دیا	انہیں	پروردگار	ان	بیشک	وہ	تھے وہ	پہلے	اس

اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ

جو ان کے پروردگار نے انہیں عطا کیا ہے وہ اسے حاصل کر لینے والے ہوں گے، بلاشبہ وہ اس

مُحْسِنِيْنَ ۝	كَانُوْا	قَلِيْلًا	مِّنَ	الَّيْلِ	مَا	يَهْجَعُوْنَ ۝
نیکی کرنے والے	تھے وہ	تھوڑا	سے	رات	×	وہ سوتے ہیں

مُحْسِنِيْنَ ۝۱۶ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ۝۱۷

(دخول جنت سے) پہلے نیک کردار تھے، وہ رات کا بہت تھوڑا حصہ سو کر گزارتے تھے

وَ	بِ	الْاَسْحَارِ	هُمْ	يَسْتَغْفِرُوْنَ○	وَ	فِيْٓ	اَمْوَالِ	هِمْ	حَقٌّ
اور	ساتھ	رات کے آخری حصے	وہ	بخشش مانگتے ہیں وہ	اور	میں	مالوں	ان	حصہ

وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۝١٨ وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ

اور اوقاتِ سحر میں وہ بخشش طلب کرتے تھے اور ان کے مالوں میں حصہ ہوتا تھا

لِ	السَّآئِلِ	وَ	الْمَحْرُوْمِ○	وَ	فِي	الْاَرْضِ	اٰيٰتٌ	لِ	الْمُوْقِنِيْنَ○
واسطے	سوال کرنے والا	اور	سوال نہ کرنے والا	اور	میں	زمین	نشانیاں	واسطے	یقین کرنے والے

لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝١٩ وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ۝٢٠

سوالی اور غیر سوالی کا اور یقین کرنیوالوں کے لئے ملک خدا میں بہت سے نشانات عبرت ہیں

وَ	فِيْٓ	اَنْفُسِ	كُمْ	اَ	فَ	لَا	تُبْصِرُوْنَ○	وَ	فِي	السَّمَآءِ	رِزْقُ	كُمْ
اور	میں	جانیں	تمہاری	کیا	پس	نہیں	تم دیکھتے ہو	اور	میں	آسمان	روزی	تمہاری

وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝٢١ وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ

اور خود تمہاری جانوں میں بھی پھر کیا تم دیکھو گے نہیں اور آسمان میں تمہاری روزی اور

وَ	مَا	تُوْعَدُوْنَ○	فَ	وَ	رَبِّ	السَّمَآءِ	وَ	الْاَرْضِ	اِنَّ	هٗ
اور	جو	تم وعدہ دیے جاتے ہو	پس	قسم	پروردگار	آسمان	اور	زمین	بیشک	وہ

وَمَا تُوْعَدُوْنَ ۝٢٢ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ

جس کا تم وعدہ دیے جاتے ہو موجود ہے، خالق ارض و سما کی قسم یہ بات اسی طرح

لَ	حَقٌّ	مِّثْلَ	مَآ	اَنَّ	كُمْ	تَنْطِقُوْنَ○	هَلْ	اَتٰى	كَ	حَدِيْثُ
البتہ	سچ	مانند	جو	یہ کہ	تم	بولتے ہو تم	کیا	آئی	تیرے	بات

لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ۝٢٣ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ

ع ١٨

برحق ہے جیسے تمہاری باتیں (تمہارے اپنے خیال کے مطابق سچ ہوتی ہیں) کیا تمہارے پاس

ضَيْفِ	اِبْرٰهِيْمَ	الْمُكْرَمِيْنَ○	اِذْ	دَخَلُوْا	عَلَيْ	هِ	فَ	قَالُوْا
مہمان	ابراہیم	عزت دیے گئے	جب	داخل ہوئے وہ	اوپر	اس	پس	کہا انہوں نے

ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ۝٢٤ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا

وقف لازم

ابراہیم کے معزز مہمانوں کی خبر پہنچی ہے جب وہ اس کے پاس آئے تو انہوں نے کہا

سَلٰمًا	قَالَ	سَلٰمٌ	قَوْمٌ	مُّنْكَرُوْنَ ۝	فَ رَاغَ	اِلٰٓى	اَهْلِ	هٖ
سلامتی سلام کرنا	کہا اس نے	سلامتی	لوگ	نہ پہچان والے ۔ اجنبی	پس متوجہ ہوا	طرف	گھر والے	اپنے

سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ۝٢٥ فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ

سلام عرض کرتے ہیں، جواباً ابراہیم نے کہا سلامتی ہو، اجنبی لوگ معلوم ہوتے ہو تو وہ چپکے سے اپنے گھر والوں کی

فَ	جَآءَ	بِ	عِجْلٍ	سَمِيْنٍ ۝	فَ	قَرَّبَ	هٗٓ	اِلَىْ	هِمْ	قَالَ	اَلَا
پس	آیا	ساتھ	بچھڑا	موٹا ۔ گھی میں تلا ہوا	پس	نزدیک کیا اس نے	اسے	طرف	ان	کہا اس نے	کیا نہیں

فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ۙ ۝٢٦ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا

طرف گئے اور ایک بھنا ہوا بچھڑا لے کر آگئے ، پس ان کے قریب لا کر رکھ دیا کہا تم کھاتے

تَاْكُلُوْنَ ۝	فَ	اَوْجَسَ	مِنْ	هُمْ	خِيْفَةً	قَالُوْا	لَا	تَخَفْ
تم کھاتے ہو	پس	دل میں محسوس کیا	سے	ان	ڈر	کہا انہوں نے	نہ	ڈر تو

تَاْكُلُوْنَ ۝٢٧ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ ؕ

کیوں نہیں غرض دل ہی دل میں ان سے خوف محسوس کیا وہ بولے ڈرو مت

وَ	بَشَّرُوْ	هُ	بِ	غُلٰمٍ	عَلِيْمٍ ۝	فَ	اَقْبَلَتِ	امْرَاَتُ	هٗ	فِىْ	صَرَّةٍ
اور	انہوں نے خوشخبری دی	اسے	ساتھ	لڑکا	علم والا	پس	آگے بڑھی	عورت	اس	میں	شور آواز

وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ۝٢٨ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِىْ صَرَّةٍ

اور اسے ایک صاحب علم لڑکے کی خوشخبری سنائی ابراہیم کی بیوی چیختی چلاتی آگے بڑھی اور (تعجب)

فَ	صَكَّتْ	وَجْهَ	هَا	وَ	قَالَتْ	عَجُوْزٌ	عَقِيْمٌ ۝	قَالُوْا
پس	ہاتھ مارا اس نے	چہرہ	اپنا	اور	کہا اس نے	بوڑھی	بانجھ	کہا انہوں نے

فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ۝٢٩ قَالُوْا

اپنا منہ پیٹ لیا اور بولی (ایک تو) بڑھیا اور پھر بانجھ بھی (تو میرے بچہ کیونکر ہوگا) وہ بولے

كَ	ذٰلِكِ	قَالَ	رَبُّ	كِ	اِنَّ	هٗ	هُوَ	الْحَكِيْمُ	الْعَلِيْمُ ۝
مانند	اس	کہا اس نے	پروردگار	تیرا	بے شک	وہ	وہ	حکمت والا	جاننے والا

كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۝٣٠

بات اسی طرح ہو (جیسے تو کہتی ہی) (مگر) تیرے پروردگار کا فرمان ہے وہ صاحب حکمت بھی ہے خوب علم والا بھی

قَالَ	فَ	مَا	خَطْبُ	كُمْ	اَيُّهَا	الْمُرْسَلُوْنَ ۝	قَالُوْٓا	اِنْ	نَّآ
اس نے کہا	پس	کیا	اہم کام	تمہارا	اے	بھیجے ہوئے	کہا انہوں نے	بیشک	ہم

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝ ۳۱ قَالُوْٓا اِنَّآ

(ابراہیم) بولے اے پیغام برو تمہارا بڑا مقصد کیا ہے بولے ہم تو

اُرْسِلْنَآ	اِلٰى	قَوْمٍ	مُّجْرِمِيْنَ ۝	لِ	نُرْسِلَ	عَلَىْ	هِمْ	حِجَارَةً
بھیجے گئے ہم	طرف	لوگ	جرم کرنے والے	تاکہ	ہم بھیجیں	اوپر	ان	پتھر

اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ۝ ۳۲ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً

مجرم لوگوں (قوم لوط) کی طرف بھیجے گئے ہیں تاکہ ہم ان پر کنکر یلے پتھر گیلی مٹی سے

مِّنْ	طِيْنٍ ۝	مُّسَوَّمَةً	عِنْدَ	رَبِّ	كَ	لِ	الْمُسْرِفِيْنَ ۝
سے	گیلی مٹی	نشان لگائے گئے	نزدیک	پالنے والا	تیرے	واسطے	حد سے بڑھنے والے

مِّنْ طِيْنٍ ۝ ۳۳ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ۝ ۳۴

تیار شدہ برسائیں جن پر تیرے پروردگار کی جانب سے حد سے بڑھنے والوں کے لئے نشان لگے گئے ہیں

فَ	اَخْرَجْنَا	مَنْ	كَانَ	فِيْ	هَا	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ ۝
پس	نکالا ہم نے	جو شخص	تھا وہ	بیچ	اس	سے	ایمان لانے والے

فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ ۳۵

پس اس بستی میں جو ایماندار شخص تھا اسے ہم نے نکال لیا

فَ	مَا	وَجَدْنَا	فِيْ	هَا	غَيْرَ	بَيْتٍ	مِّنَ	الْمُسْلِمِيْنَ ۝
پس	نہیں	پایا ہم نے	بیچ	اس	سوائے	گھر	سے	تسلیم کرنے والے

فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ ۳۶

لیکن ہم نے سوائے ایک مسلمان گھرانے کے اس میں کوئی اور مسلمان گھر نہ پایا

وَ	تَرَكْنَا	فِيْ	هَآ	اٰيَةً	لِ	الَّذِيْنَ	يَخَافُوْنَ	الْعَذَابَ	الْاَلِيْمَ ۝
اور	چھوڑا ہم نے	بیچ	اس	نشان	واسطے	جو لوگ	وہ ڈرتے ہیں	دکھ	دردناک

وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ۝ ۳۷

اور ہم نے اس بارے میں ان لوگوں کے لئے ایک نشان باقی چھوڑا جو دردناک عذاب سے ڈرتے ہیں

وَ	فِیْ	مُوْسٰٓی	اِذْ	اَرْسَلْنَا	هُ	اِلٰی	فِرْعَوْنَ	بِ	سُلْطٰنٍ
اور	میں	موسیٰ	جب	ہم نے بھیجا	اسے	طرف	فرعون	ساتھ	غلبہ۔ مضبوط دلیل

وَفِیْ مُوْسٰٓی اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰی فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ

اور موسیٰ (کے واقعہ) میں بھی (نشانِ عبرت ہے) جب ہم نے اسے فرعون کی طرف واضح دلیل دے کر

مُّبِیْنٍ۝	فَ	تَوَلّٰی	بِ	رُكْنِ	هٖ	وَ	قَالَ	سٰحِرٌ	اَوْ	مَجْنُوْنٌ۝
ظاہر۔ واضح	پس	پھر وہ	ساتھ	طاقت	اس	اور	کہا اُسنے	جادوگر	یا	دیوانہ

مُّبِیْنٍ۝ ۳۸ فَتَوَلّٰی بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ۝ ۳۹

بھیجا مگر وہ اپنے ارکان (سلطنت) کے بل بوتے پر برگشتہ ہوگیا اور بولا (موسیٰ) جادوگر ہے یا دیوانہ ہے

فَ	اَخَذْنَا	هُ	وَ	جُنُوْدَ	هٗ	فَ	نَبَذْنَا	هُمْ	فِی	الْیَمِّ	وَ	هُوَ مُلِیْمٌ۝
پس	پکڑا ہم نے	اسے	اور	لشکروں	اس	پس	پھینک دیا ہم نے	انہیں	بیچ	سمندر	اور	وہ ملامت کیا گیا

فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِی الْیَمِّ وَهُوَ مُلِیْمٌ۝ ۴۰

سو ہم نے اسے اور اس کے لشکر کو پکڑا اور سمندر میں اس حال میں دے مارا کہ وہ نشانۂ ملامت بن گیا

وَ	فِیْ	عَادٍ	اِذْ	اَرْسَلْنَا	عَلَیْ	هِمُ	الرِّیْحَ	الْعَقِیْمَ۝	مَا
اور	میں	عاد	جب	بھیجا ہم نے	اوپر	ان	ہوا	بانجھ۔ بے نفع	نہیں

وَفِیْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَیْهِمُ الرِّیْحَ الْعَقِیْمَ۝ ۴۱ مَا

اور عاد کے واقعہ میں بھی سبق ہے جب ہم نے ان پر ایک خیر سے عاری آندھی بھیجی (وہ ایسی تھی کہ) اس کا

تَذَرُ	مِنْ	شَیْءٍ	اَتَتْ	عَلَیْ	هِ	اِلَّا	جَعَلَتْ	هُ	كَ	الرَّمِیْمِ۝
وہ چھوڑتی	سے	چیز	آئی وہ	اوپر	اس	مگر	کردیا اس نے	اسے	مانند	گلی سڑی ہڈی

تَذَرُ مِنْ شَیْءٍ اَتَتْ عَلَیْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِیْمِ۝ ۴۲

جس چیز پر بھی گزر ہوتا اسے گلی سڑی ہڈی کی طرح کھوکھلا کر چھوڑتی

وَ	فِیْ	ثَمُوْدَ	اِذْ	قِیْلَ	لَ	هُمْ	تَمَتَّعُوْا	حَتّٰی	حِیْنٍ۝	فَ	عَتَوْا
اور	میں	ثمود	جب	کہا گیا	واسطے	ان (کے)	تم فائدہ اٹھاؤ	تک	مدت	پس	سرکشی کی انہوں نے

وَفِیْ ثَمُوْدَ اِذْ قِیْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰی حِیْنٍ۝ ۴۳ فَعَتَوْا

اور (واقعہ) ثمود میں بھی نشان ہے جب انہیں کہا گیا ایک عرصہ تک (دنیاوی) فائدہ اٹھاؤ پس انہوں نے بھی

عَنْ	اَمْرِ	رَبِّ	هِمْ	فَ	اَخَذَتْ	هُمُ	الصّٰعِقَةُ	وَ	هُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝
سے	حکم	پروردگار	ان	پس	پکڑا	انہیں	کڑک دار بجلی	اور	وہ وہ دیکھتے ہیں

عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝ ۴۴

اپنے پروردگار کے حکم کی سرتابی کی سو انہیں دیکھتے ہی دیکھتے ایک ہیبت ناک عذاب نے آپکڑا

فَ	مَا	اسْتَطَاعُوْا	مِنْ	قِيَامٍ	وَّ	مَا	كَانُوْا	مُنْتَصِرِيْنَ ۝	وَ	قَوْمَ
پس	نہ	طاقت پائی انہوں نے	سے	کھڑا ہونا	اور	نہ	ہوئے وہ	بدلہ لینے والے	اور	لوگ

فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ ۝ ۴۵ وَقَوْمَ

سو اس کے (آگے) وہ نہ تو کھڑے ہو سکے اور نہ وہ مقابلہ کر کے بدلہ ہی لے سکے اور اس سے پہلے

نُوْحٍ	مِّنْ	قَبْلُ	اِنَّ	هُمْ	كَانُوْا	قَوْمًا	فٰسِقِيْنَ ۝	وَ	السَّمَآءَ
نوح	سے	پہلے	بیشک	وہ	تھے وہ	لوگ	نافرمان لوگ	اور	آسمان

ربع

نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝ ۴۶ وَالسَّمَآءَ

نوح کی قوم کو (بھی ہم نے ہلاک کیا تھا) وہ بھی تو بدکردار لوگ تھے اور ہم نے آسمان کو

بَنَيْنَا	هَا	بِ	اَيْدٍ	وَّ	اِنَّا	لَ	مُوْسِعُوْنَ ۝	وَ	الْاَرْضَ	فَرَشْنَا	هَا
ہم نے بنایا	اسے	ساتھ	ہاتھوں	اور	بیشک ہم	البتہ	کشادہ کرنے والے	اور	زمین	بچھایا ہم نے	اسے

بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۝ ۴۷ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا

اپنے دست قدرت سے بنایا اور بلاشبہ ہم وسیع طاقت رکھتے ہیں اور ہم نے زمین کو بچھایا پس

فَ	نِعْمَ	الْمٰهِدُوْنَ ۝	وَ	مِنْ	كُلِّ	شَيْءٍ	خَلَقْنَا	زَوْجَيْنِ	
پس	اچھا عمدہ	بچھانے والے	اور	سے	تمام	چیز	پیدا کئے ہم نے	دو جوڑے	

فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ۝ ۴۸ وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ

ہم کیسا عمدہ بچھانے والے ہیں اور ہم نے ہر چیز کے جوڑے پیدا کئے

لَعَلَّ	كُمْ	تَذَكَّرُوْنَ ۝	فَ	فِرُّوْٓا	اِلَى	اللّٰهِ	اِنِّ	یْ	لَ	كُمْ	مِّنْ	هُ
تاکہ	تم	نصیحت پاؤ تم	پس	دوڑو تم	طرف	اللہ تعالیٰ	بیشک	میں	واسطے	تمہارے	سے	اس

لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ ۴۹ فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ

تاکہ تم ہماری قدرت کو سمجھو سو تم (غیر اللہ کو چھوڑ کر) اللہ تعالیٰ کی طرف دوڑو بلاشبہ میں اس کی طرف سے

نَذِيْرٌ	مُّبِيْنٌ	وَ	لَا	تَجْعَلُوْا	مَعَ	اللّٰهِ	اِلٰهًا	اٰخَرَ	اِنِّ	يْ
ڈرانے والا	ظاہر	اور	نہ	بناؤ تم	ساتھ	اللہ تعالیٰ	معبود	دوسرا	بیشک میں	

نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۚ وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ؕ اِنِّيْ

تمہارے لئے واضح رنگ میں ڈرانے والا ہوں ، اور خدا تعالیٰ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود تجویز مت کرو ہیں

لَ	كُمْ	مِّنْ	هُ	نَذِيْرٌ	مُّبِيْنٌ	كَ	ذٰلِكَ	مَا	اَتَى	الَّذِيْنَ
واسطے	تمہارے	سے	اس	ڈرانے والا	ظاہر	مانند	اس	نہیں	آیا	جو لوگ

لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۚ كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ

تمہارے لئے یقیناً اسکی طرف سے واضح طور پر تنبیہ کرنیوالا ہوں ۔ پہلے سے گزشتہ لوگوں میں بھی کوئی رسول نہیں

مِنْ	قَبْلِ	هِمْ	مِّنْ	رَّسُوْلٍ	اِلَّا	قَالُوْا	سَاحِرٌ	اَوْ	مَجْنُوْنٌ
سے	پہلے	ان	سے	بھیجا ہوا	مگر	کہا انہوں نے	جادوگر	یا	دیوانہ

مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ۚ

آیا مگر اسے بھی انہوں نے جادوگر یا دیوانہ ہی کہا

اَ	تَوَاصَوْا	بِ	هٖ	بَلْ	هُمْ	قَوْمٌ	طَاغُوْنَ	فَ	تَوَلَّ
کیا	ایک دوسرے کو وصیت کی ہوئی ہے	ساتھ	اس	بلکہ	وہ	لوگ	سرکشی کرنے والے	پس	منہ پھیر لے تو

اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ۚ فَتَوَلَّ

کیا یہ (منکرین حق) ایک دوسرے کو اسی بات کی وصیت کرتے چلے آئے ہیں (نہیں) بلکہ وہ سرکش لوگ ہیں ، سو آپ ان سے

عَنْ	هُمْ	فَ	مَا	اَنْتَ	بِ	مَلُوْمٍ	وَ	ذَكِّرْ	فَ	اِنَّ	الذِّكْرٰى
سے	ان	پس	نہیں	تو	×	ملامت کیا گیا	اور	نصیحت کر	پس	بیشک	نصیحت

عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ۫ وَّ ذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى

توجہ ہٹا لیجئے آپ پر کوئی الزام نہیں اور نصیحت کرتے جائیے کیونکہ

تَنْفَعُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	مَا	خَلَقْتُ	الْجِنَّ	وَ	الْاِنْسَ
فائدہ دیگی	ایمان والے لوگ	اور	نہیں	پیدا کیا میں نے	پوشیدہ مخلوق	اور	انسانوں

تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۞ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ

نصیحت ایمان والوں کو ضرور فائدہ دے گی اور ہم نے تو جن و انس کو پیدا ہی اس لئے کیا ہے کہ وہ

اِلَّا	لِ	يَعْبُدُوْنِ ی ○	مَآ	اُرِيْدُ	مِنْ	هُمْ	مِّنْ	رِّزْقٍ
مگر	واسطے	وہ عبادت کریں میری	نہیں	میں چاہتا	سے	ان	سے	روزی

اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ۞٥٦ مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ

میری عبادت کریں ۔ میں ان سے کوئی روزی تو طلب نہیں کرتا

وَ	مَآ	اُرِيْدُ	اَنْ	يُّطْعِمُوْنِ ی ○	اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	الرَّزَّاقُ
اور	نہیں	میں چاہتا	کہ	وہ کھانا کھلائیں مجھے	بیشک	اللہ تعالیٰ	وہ	روزی دینے والا

وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ۞٥٧ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ

اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کھلائیں ۔ یقیناً اللہ تعالیٰ ہی روزی رساں ہے

ذُو	الْقُوَّةِ	الْمَتِيْنُ ○	فَ	اِنَّ	لِ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	ذَنُوْبًا
صاحب والا	طاقت	مضبوط	پس	بیشک	واسطے	جو لوگ	ظلم کیا انہوں نے	ڈول قسمت حصہ

ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ۞٥٨ فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا

صاحب قدرت نہایت طاقتور ہے ۔ بلاشبہ جنہوں نے ظلم کیا ان کے ذمہ (سزا کا) بڑا حصہ لیناہی

مِّثْلَ	ذَنُوْبِ	اَصْحٰبِ	هِمْ	فَ	لَا	يَسْتَعْجِلُوْنِ ی ○
مانند	ڈول ۔ حصہ	ساتھی	ان	پس	نہ	وہ جلدی طلب کریں مجھ (سے)

مِثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ۞٥٩

مقرر ہے جیسا ان کے (سابقہ) ساتھیوں کا تھا سو وہ (عذاب کی) مجھ سے جلدی مانگ نہ کریں

فَ	وَيْلٌ	لِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ	يَّوْمِ	هِمُ	الَّذِیْ
پس	خرابی ۔ ہلاکت	واسطے	جو لوگ	انکار کیا انہوں نے	سے	دن	ان	جس (کا)

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِیْ

غرض ان منکرین حق کے لئے اس دن سے متعلق بڑی بربادی ہے جس کا وہ

يُوْعَدُوْنَ ع ○
وہ وعدہ دئے گئے

يُوْعَدُوْنَ ع ۞٦٠

وعدہ دیئے جارہے ہیں

ع ٣ ١٤ ٢

(۵۲) سُوْرَةُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ (۷۶)

سورۂ طور مکی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ۴۹ ——— رُكُوْعَاتُهَا ۲

اس کی ۴۹ آیات ——— اور ——— دو رکوع ہیں

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنیوالا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

وَ	الطُّوْرِ ۝	وَ	كِتٰبٍ	مَّسْطُوْرٍ ۝	فِيْ	رَقٍّ	مَّنْشُوْرٍ ۝
قسم ہے	طور (نام پہاڑ)	اور	کتاب	لکھی ہوئی	میں	جھلی - باریک کاغذ	کھلا ہوا

وَالطُّوْرِ ۝۱ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۝۲ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۝۳

قسم ہے خاص پہاڑ کی (جس پر موسیٰ کیلئے تجلی ہوئی تھی) اور اس لکھی ہوئی کتاب کی جو کھلے باریک کاغذ میں ہے

وَّ	الْبَيْتِ	الْمَعْمُوْرِ ۝	وَ	السَّقْفِ	الْمَرْفُوْعِ ۝	وَ	الْبَحْرِ
اور	گھر	آباد	اور	چھت	بلند کی گئی	اور	دریا

وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ۝۴ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۝۵ وَالْبَحْرِ

اور اس خاص گھر (کعبہ) کی (جو ہر وقت زائرین سے آباد ہے، اور بلند و بالا چھت (آسمان) کی اور بھرپور

الْمَسْجُوْرِ ۝	اِنَّ	عَذَابَ	رَبِّ	كَ	لَ	وَاقِعٌ ۝	مَّا	لَ	هٗ	مِنْ
بھڑکایا ہوا - بھرا ہوا	بیشک	دکھ - سزا	پروردگار	تیرا	البتہ	ہونے والا	نہیں	واسطے	اس	سے

الْمَسْجُوْرِ ۝۶ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۝۷ مَّا لَهٗ مِنْ

سمندر کی یقیناً آپ کے پروردگار کا عذاب ہو کر رہے گا جسے کوئی بھی ہٹا نہیں

دَافِعٍ ۝	يَّوْمَ	تَمُوْرُ	السَّمَآءُ	مَوْرًا ۝	وَّ	تَسِيْرُ	الْجِبَالُ
ٹالنے والا	دن	تھرتھرائے گا	آسمان	تھرتھرانا	اور	چل پڑیں گے	پہاڑ

دَافِعٍ ۝۸ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۝۹ وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ

سکے گا جس دن آسمان پوری طرح جنبش میں آئے گا اور پہاڑ (اپنی جگہ سے) پوری طرح

سَيْرًا ۝	فَ	وَيْلٌ	يَّوْمَ	ئِذٍ	لِّ	الْمُكَذِّبِيْنَ ۝	الَّذِيْنَ	هُمْ
چل پڑنا	پس	خرابی ہلاکت	دن	اس	واسطے	جھٹلانے والے	جو لوگ	وہ

سَيْرًا ۝۱۰ فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۱ الَّذِيْنَ هُمْ

سرک جائیں گے تب اس دن (حق کی) تکذیب کرنیوالوں کے لئے ہلاکت ہوگی یعنی وہ لوگ جو

فِيْ	خَوْضٍ	يَّلْعَبُوْنَ ۝	يَوْمَ	يُدَعُّوْنَ	اِلٰى	نَارِ	جَهَنَّمَ	
میں	دخل اندازی جھگڑنا	وہ کھیلتے ہیں	دن	دھکے دیے جائیں گے	طرف	آگ	دوزخ	

فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ۝۱۲ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ

بیہودگی میں پڑے کھیل رہے ہیں جس دن وہ دوزخ کی آگ کی طرف دھکیل کرلے جائے جائینگے

دَعًّا ۝	هٰذِهِ	النَّارُ	الَّتِيْ	كُنْتُمْ	بِ	هَا	تُكَذِّبُوْنَ ۝	
دھکا دینا	یہ	آگ	جسے	تھے تم	ساتھ	اس	تم جھٹلاتے ہو	

دَعًّا ۝۱۳ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ۝۱۴

(انہیں کہا جائیگا) یہ تھی وہ آگ جس کی تم تکذیب کیا کرتے تھے

اَ	فَ	سِحْرٌ	هٰذَآ	اَمْ	اَنْتُمْ	لَا	تُبْصِرُوْنَ ۝	اِصْلَوْ	هَا
کیا	پس	جادو	یہ	یا	تم	نہیں	تم دیکھتے ہو	داخل ہوجاؤ تم	اس

اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ۝۱۵ اِصْلَوْهَا

کیا یہ نظری دھوکہ ہے یا تمہیں ہی کچھ سجھائی نہیں دیتا اب گھس جاؤ اس میں

فَ	اصْبِرُوْٓا	اَوْ	لَا	تَصْبِرُوْا	سَوَآءٌ	عَلَيْ	كُمْ	اِنَّ	مَا	تُجْزَوْنَ
پس	تم صبر کرو	یا	نہ	صبر کرو تم	برابر	اوپر	تمہارے	سوائے اسکے نہیں		تم بدلہ دیئے جاؤ گے

فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ

خواہ صبر کرو یا بے صبری دکھاؤ تمہارے لئے اس سے کوئی فرق نہیں پڑے گا بس یہ تمہارے ہی

مَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ ۝	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ	فِيْ	جَنّٰتٍ	وَّ	نَعِيْمٍ ۝
جو	تھے تم	کرتے ہو تم	بیشک	پرہیزگار لوگ	بیچ	باغوں	اور	نعمت

مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۱۶ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ ۝۱۷

اعمال کا بدلہ ہے جو تم کیا کرتے تھے بیشک پرہیزگار لوگ باغات اور نعمتوں میں اعیش کر رہے ہوں گے

فٰكِهِيْنَ	بِ	مَآ	اٰتٰى	هُمْ	رَبُّ	هُمْ	وَ	وَقٰى	هُمْ	رَبُّ	هُمْ	عَذَابَ
خوش ہونیوالے	ساتھ	جو	دیا انہوں نے	انہیں	پروردگار	ان	اور	بچایا انہوں نے	انہیں	پروردگار	ان	دکھ

فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَوَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ

اپنے پروردگار کی عطا کردہ نعمتوں کے مزے اڑا رہے ہونگے اور ان کے پروردگار نے انہیں جہنم کی آگ

الْجَحِيْمِ ۝	كُلُوْا	وَ	اشْرَبُوْا	هَنِيْٓـًٔا	بِ	مَا	كُنْتُمْ
دوزخ	کھاؤ تم	اور	پیو تم	مزے دار ہونا	ساتھ سبب	جو	تھے تم

الْجَحِيْمِ ۝ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ

سے بچا لیا (ارشاد ہوگا) مزے سے کھاؤ اور پیو جو تم اعمال بجالائے یہ اسی کا

تَعْمَلُوْنَ ۝	مُتَّكِـِٕيْنَ	عَلٰى	سُرُرٍ	مَّصْفُوْفَةٍ ۚ
کرتے ہو تم	تکیہ لگانے والے	اوپر	تختوں	قطار وار رکھے ہوئے

تَعْمَلُوْنَ ۝ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ

بدلہ ہے قطار وار رکھے ہوئے تختوں پہ تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے

وَ	زَوَّجْنَا	هُمْ	بِ	حُوْرٍ	عِيْنٍ ۝	وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	اتَّبَعَتْ	هُمْ
اور	بیاہ دیا ہم نے	انہیں	ساتھ	گوری رنگت والی	بڑی آنکھوں والی	اور	جو لوگ	وہ ایمان لائے	اور	پیروی کی	ان

وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ

(علاوہ ازیں) ہم انہیں موٹی آنکھوں والی گوری گوری عورتوں سے بیاہ دینگے، اور جو لوگ ایمان لائے اور انکی اولاد نے

ذُرِّيَّةُ	هُمْ	بِ	اِيْمَانٍ	اَلْحَقْنَا	بِ	هِمْ	ذُرِّيَّةَ	هُمْ	وَ	مَآ
اولاد	ان	ساتھ	ایمان	ملا دیا ہم نے	ساتھ	ان	اولاد	ان	اور	نہیں

ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ

بھی ایمان لانے میں ان کی پیروی کی ہوگی انہیں ان کے ساتھ شامل کر دینگے اور ان کے عمل کی

اَلَتْنَا	هُمْ	مِّنْ	عَمَلِ	هِمْ	مِّنْ	شَيْءٍ	كُلُّ	امْرِئٍ	بِ	مَا
کم دیا ہم نے	انہیں	سے	عمل	ان	سے	چیز کچھ	تمام ہر	شخص	ساتھ سبب	جو

اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا

(جزا سے) ہم کچھ بھی کم نہیں کریں گے ہر شخص (خواہ نیک ہو یا بد)

كَسَبَ	رَهِيْنٌ ○	وَ	اَمْدَدْنَا	هُمْ	بِ	فَاكِهَةٍ	وَ	لَحْمٍ	مِّنْ	مَّا
کمایا اس نے	گروی ہونا گرفتار ہونا	اور	مدد دیں گے ہم	انہیں	ساتھ	میوے	اور	گوشت	سے	جو

كَسَبَ رَهِيْنٌ ۝٢١ وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا

اپنی کمائی کا پابند ہو گا اور وہ جو بھی از قسم پھل اور گوشت طلب کریں گے ہم انہیں

يَشْتَهُوْنَ ○	يَتَنَازَعُوْنَ	فِيْ	هَا	كَاْسًا	لَّا	لَغْوٌ	فِيْ	هَا	وَ	لَا
وہ چاہیں گے	ایک دوسرے سے چھینیں گے	بیچ	اس	پیالہ	نہ	بیہودہ بات	میں	اس	اور	نہ

يَشْتَهُوْنَ ۝٢٢ يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا

مہیا کریں گے (خوش طبعی کے طور پر) وہ جام شراب کی جس کے (پینے) میں نہ بیہودگی ہو گی اور نہ گناہ کی

تَاْثِيْمٌ ○	وَ	يَطُوْفُ	عَلٰى	هِمْ	غِلْمَانٌ	لَّ	هُمْ	كَ	اَنَّ	هُمْ	لُؤْلُؤٌ
گنہگار ہونا	اور	چکر لگائیں گے	اوپر	ان	خدمت گزار لڑکے	واسطے	ان	مانند	کہ	وہ	موتی

تَاْثِيْمٌ ۝٢٣ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ

کوئی بات ہو گی۔ آپسمیں چھینا جھپٹی بھی کریں گے ان کی خاطر مہیا کئے گئے خدمتگزار بچے ان پر چکر لگا رہے ہوں گے

مَّكْنُوْنٌ ○	وَ	اَقْبَلَ	بَعْضُ	هُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ	يَّتَسَآءَلُوْنَ ○
چھپا کر رکھے ہوئے	اور	متوجہ ہوا	کچھ	ان	اوپر	کچھ	وہ ایک دوسرے سے پوچھیں گے

مَّكْنُوْنٌ ۝٢٤ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝٢٥

گویا کہ وہ باحفاظت رکھے ہوئے موتی ہیں، اور وہ ایک دوسرے سے متوجہ ہو کر دریافت کریں گے

قَالُوْٓا	اِنْ	نَّا	كُنَّا	قَبْلُ	فِيْٓ	اَهْلِ	نَا	مُشْفِقِيْنَ ○	فَ	مَنَّ	اللّٰهُ
کہا انہوں نے	بیشک	ہم	تھے ہم	پہلے	میں	گھر والے	ہمارے	ڈرنے والے	پس	احسان کیا	اللہ تعالیٰ

قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ۝٢٦ فَمَنَّ اللّٰهُ

کہیں گے (بھائی) ہم تو اس سے پہلے اپنے گھرانے والوں میں (اپنے انجام) سے خوفزدہ تھے سو ہم پر تو مولا کریم نے

عَلٰى	نَا	وَ	وَقٰى	نَا	عَذَابَ	السَّمُوْمِ ○	اِنْ	نَّا	كُنَّا	مِنْ	قَبْلُ
اوپر	ہمارے	اور	بچایا	ہمیں	دکھ	زہریلی گرم ہوا	بیشک	ہم	تھے ہم	سے	پہلے

عَلَيْنَا وَوَقٰنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ۝٢٧ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ

احسان فرمایا اور ہمیں زہریلی گرم ہوا کے دکھ سے بچا لیا یقیناً ہم اس سے پہلے بھی اس سے

نَدۡعُوۡ	هُ	اِنَّ	هٗ	هُوَ	الۡبَرُّ	الرَّحِيۡمُ ۝	فَ	ذَكِّرۡ	فَ	مَاۤ	اَنۡتَ	بِ	نِعۡمَتِ
ہم پکارتے	اسے	بیشک	وہ	وہ	احسان کرنیوالا	بار بار رحم کرنے والا	پس	نصیحت کرتے رہو	پس	نہیں	تو	ساتھ	مہربانی

نَدۡعُوۡهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡبَرُّ الرَّحِيۡمُ ۝٢٨ فَذَكِّرۡ فَمَاۤ اَنۡتَ بِنِعۡمَتِ

دعائیں مانگا کرتے تھے بلاشبہ وہ بڑا ہی محسن بار بار رحم کرنیوالا ہے پس آپ (لوگوں کو) نصیحت کرتے رہیے آپ اپنے

رَبِّ	كَ	بِ	كَاهِنٍ	وَّ	لَا	مَجۡنُوۡنٍ ۝	اَمۡ	يَقُوۡلُوۡنَ	شَاعِرٌ	نَّتَرَبَّصُ
پروردگار	تیرا	x	اٹکل سے غیب کی خبریں بتانیوالا	اور	نہ	دیوانہ	کیا	وہ کہتے ہیں	شعر کہنے والا	ہم انتظار کرتے ہیں

رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجۡنُوۡنٍ ۝٢٩ ؕ اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ

رب کی عنایت سے نہ تو عامل جنات ہیں اور نہ دیوانے ہیں ہاں تو وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ شاعر ہے ہم اس کے بارے میں موت

بِ	هٖ	رَيۡبَ	الۡمَنُوۡنِ ۝	قُلۡ	تَرَبَّصُوۡا	فَ	اِنِّ	یۡ	مَعَ	كُمۡ	مِّنَ
ساتھ	اس	حادثہ	موت	تو کہہ	تم انتظار کرو	پس	بیشک	میں	ساتھ	تمہارے	سے

بِهٖ رَيۡبَ الۡمَنُوۡنِ ۝٣٠ قُلۡ تَرَبَّصُوۡا فَاِنِّىۡ مَعَكُمۡ مِّنَ

کے حادثہ کی راہ تکتے ہیں آپ انہیں کہہ دیجئے تم انتظار کرو میں تمہارے ساتھ ضرور

الۡمُتَرَبِّصِيۡنَ ۝	اَمۡ	تَاۡمُرُ	هُمۡ	اَحۡلَامُ	هُمۡ	بِ	هٰذَاۤ	اَمۡ	هُمۡ
انتظار کرنے والے	کیا	حکم کرتی ہے	انہیں	عقلیں	ان	ساتھ	اس	کیا	وہ

الۡمُتَرَبِّصِيۡنَ ۝٣١ ؕ اَمۡ تَاۡمُرُهُمۡ اَحۡلَامُهُمۡ بِهٰذَاۤ اَمۡ هُمۡ

انتظار کرنے والوں میں سے ہوں، کیا ان کی عقلیں ان کو اسی کا حکم دیتی ہیں یا یہ لوگ

قَوۡمٌ	طَاغُوۡنَ ۝	اَمۡ	يَقُوۡلُوۡنَ	تَقَوَّلَ	هٗ	بَلۡ	لَّا	يُؤۡمِنُوۡنَ ۝
لوگ	سرکشی کرنیوالے	کیا	وہ کہتے ہیں	گھڑ لیا ہے	اسے	بلکہ	نہیں	وہ ایمان لاتے ہیں

قَوۡمٌ طَاغُوۡنَ ۝٣٢ ۚ اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلۡ لَّا يُؤۡمِنُوۡنَ ۝٣٣ ۚ

ہیں ہی سرکش کیا یہ کہتے ہیں کہ اس نے یہ (قرآن) از خود بنا لیا ہے بلکہ یہ تو خدا تعالیٰ پر یقین ہی نہیں رکھتے

فَ	لۡ	يَاۡتُوۡا	بِ	حَدِيۡثٍ	مِّثۡلِ	هٖۤ	اِنۡ	كَانُوۡا	صٰدِقِيۡنَ ۝	اَمۡ	خُلِقُوۡا
پس	چاہیے	وہ آئیں	ساتھ	بات	مانند	اس	اگر	ہیں وہ	سچ بولنے والے	کیا	وہ پیدا کئے گئے

فَلۡيَاۡتُوۡا بِحَدِيۡثٍ مِّثۡلِهٖۤ اِنۡ كَانُوۡا صٰدِقِيۡنَ ۝٣٤ ؕ اَمۡ خُلِقُوۡا

اگر ان کا یہی خیال ہے تو پھر اس جیسا کلام پیش کریں اگر یہ سچے ہیں کیا یہ کسی چیز (خالق) کے

مِنْ	غَيْرِ	شَيْءٍ	اَمْ	هُمُ	الْخٰلِقُوْنَ ۝	اَمْ	خَلَقُوا	السَّمٰوٰتِ
سے	سوائے۔بغیر	چیز	کیا	وہ	پیدا کرنے والے	کیا	پیدا کیا انہوں نے	آسمانوں

مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ۝۳۵ اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ

بغیر ہی پیدا کئے گئے ہیں یا یہ خود ہی (اپنے) پیدا کنندہ ہیں کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین کو

وَ	الْاَرْضَ	بَلْ	لَّا	يُوْقِنُوْنَ ۝	اَمْ	عِنْدَ	هُمْ	خَزَآئِنُ	رَبِّ	كَ
اور	زمین (کو)	بلکہ	نہیں	وہ یقین کرتے	کیا	پاس	ان (کے)	خزانے	پروردگار	تیرے

وَالْاَرْضَ ۚ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ۝۳۶ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ

پیدا کیا ہے (نہیں) بلکہ یہ (اپنے خالق کا) یقین بھی نہیں کرتے، کیا تیرے رب کے خزانے ان کے سپرد ہیں

اَمْ	هُمُ	الْمُصَيْطِرُوْنَ ۝	اَمْ	لَ	هُمْ	سُلَّمٌ	يَّسْتَمِعُوْنَ
کیا	وہ	داروغے - حاکم	کیا	واسطے	ان	سیڑھی	وہ سنتے ہیں

اَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُوْنَ ۝۳۷ اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ

یا یہ (ان پر) بطور داروغہ مقرر ہیں کیا ان کے پاس کوئی سیڑھی ہے (جس پر چڑھ کر) یہ خدا کی باتیں

فِيْ	هِ	فَ	لْ	يَاْتِ	مُسْتَمِعُ	هُمْ	بِ	سُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ ۝	اَمْ	لَ	هُ
میں	اس	پس	چاہیے	وہ آئے	سننے والا	ان	ساتھ	دلیل	واضح	کیا	واسطے	اس

فِيْهِ ۚ فَلْيَاْتِ مُسْتَمِعُهُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝۳۸ اَمْ لَهُ

سن لیتے ہیں تو ان کی (طرف سے) جو سننے والا ہے وہ واضح ثبوت پیش کرے کیا اس (خدا) کی

الْبَنٰتُ	وَ	لَ	كُمُ	الْبَنُوْنَ ۝	اَمْ	تَسْئَلُ	هُمْ	اَجْرًا	فَ	هُمْ	مِّنْ
بیٹیاں	اور	واسطے	تمہارے	بیٹے	کیا	تو مانگتا ہے	ان	مزدوری	پس	وہ	سے

الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ ۝۳۹ اَمْ تَسْئَلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ

بیٹیاں ہیں اور تمہارے لئے بیٹے ہیں کیا آپ ان سے کوئی معاوضہ مانگتے ہیں کہ وہ اس

مَّغْرَمٍ	مُّثْقَلُوْنَ ۝	اَمْ	عِنْدَ	هُمُ	الْغَيْبُ	فَ	هُمْ	يَكْتُبُوْنَ ۝
تاوان	بوجھل ہونے والے	کیا	پاس	ان	پوشیدہ بات	پس	وہ	وہ لکھتے ہیں

مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ۝۴۰ اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ۝۴۱

چٹی کی وجہ سے دبلے جا رہے ہیں، کیا ان کے پاس علم غیب ہے جسے وہ لکھ رہے ہیں

اَمۡ	يُرِيۡدُوۡنَ	كَيۡدًا ؕ	فَ	الَّذِيۡنَ	كَفَرُوۡا	هُمُ	الۡمَكِيۡدُوۡنَ ؕ
کیا	وہ چاہتے ہیں	چال چلنا	پس	جو لوگ	انکار کیا انہوں نے	وہ	چال کا شکار ہونیوالے

اَمۡ يُرِيۡدُوۡنَ كَيۡدًا ؕ فَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا هُمُ الۡمَكِيۡدُوۡنَ ؕ ۴۲

کیا وہ (حق کے خلاف) کوئی چال چلنا چاہتے ہیں تو (سن لو) منکرین حق (ہی) چال کا شکار ہوں گے

اَمۡ	لَ	هُمۡ	اِلٰهٌ	غَيۡرُ	اللّٰهِ ؕ	سُبۡحٰنَ	اللّٰهِ	عَنۡ	مَّا	يُشۡرِكُوۡنَ
کیا	واسطے	ان	معبود	سوائے	اللہ تعالیٰ	پاک ہے	اللہ تعالیٰ	سے	جو	وہ شریک ٹھہراتے ہیں

اَمۡ لَهُمۡ اِلٰهٌ غَيۡرُ اللّٰهِ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ۴۳

کیا اللہ تعالیٰ کے سوا اُن کا کوئی اور معبود ہے (تو سُن لو) اللہ تعالیٰ اُن کے شریک ٹھہرانے سے پاک ہے

وَ	اِنۡ	يَّرَوۡا	كِسۡفًا	مِّنَ	السَّمَآءِ	سَاقِطًا	يَّقُوۡلُوۡا	سَحَابٌ
اور	اگر	وہ دیکھیں	ٹکڑا	سے	آسمان	گرنے والا	وہ کہتے ہیں	بادل

وَاِنۡ يَّرَوۡا كِسۡفًا مِّنَ السَّمَآءِ سَاقِطًا يَّقُوۡلُوۡا سَحَابٌ

اور اگر وہ آسمان سے کوئی ٹکڑا گرتا ہوا دیکھ لیں تو بول اٹھیں کہ یہ تو تہ بہ تہ (گھنا)

مَّرۡكُوۡمٌ	فَ	ذَرۡ	هُمۡ	حَتّٰى	يُلٰقُوۡا	يَوۡمَ	هُمُ	الَّذِىۡ	فِىۡ	هِ
تہ بہ تہ	پس	تو چھوڑ دے	انہیں	یہاں تک	وہ ملیں	دن	وہ	جو	میں	اس

مَّرۡكُوۡمٌ ۴۴ فَذَرۡهُمۡ حَتّٰى يُلٰقُوۡا يَوۡمَهُمُ الَّذِىۡ فِيۡهِ

بادل ہے سو آپ انہیں (اسی حالت میں) چھوڑ دیں یہانتک کہ یہ اپنے اس دن کا سامنا کریں جس میں

يُصۡعَقُوۡنَ	يَوۡمَ	لَا	يُغۡنِىۡ	عَنۡ	هُمۡ	كَيۡدُ	هُمۡ	شَيۡـئًا	وَّ	لَا
بیہوش کیے جائینگے	دن	نہ	کام آئے گا	سے	ان	تدبیر چال	ان	کچھ	اور	نہ

يُصۡعَقُوۡنَ ۴۵ يَوۡمَ لَا يُغۡنِىۡ عَنۡهُمۡ كَيۡدُهُمۡ شَيۡـئًا وَّلَا

(مارے خوف کے) انکے ہوش اُڑ جائینگے (جس دن انکی تمام چالیں ان کیلئے بیکار ثابت ہونگی اور نہ انہیں کہیں سے

هُمۡ	يُنۡصَرُوۡنَ ؕ	وَ	اِنَّ	لِ	الَّذِيۡنَ	ظَلَمُوۡا	عَذَابًا	دُوۡنَ
وہ	مدد دیئے جائیں گے	اور	بیشک	واسطے	جو لوگ	ظلم کیا انہوں نے	دکھ - سزا	ورے علاوہ

هُمۡ يُنۡصَرُوۡنَ ؕ ۴۶ وَاِنَّ لِلَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا عَذَابًا دُوۡنَ

مدد دی جائے گی اور یقیناً ظالم لوگوں کے لئے اس بڑے عذاب کے علاوہ اور عذاب بھی ہے

ذٰلِكَ	وَ	لٰكِنَّ	اَكْثَرَ	هُمْ	لَا	يَعْلَمُوْنَ ○	وَ	اصْبِرْ	لِ	حُكْمِ	رَبِّ	كَ
اس	اور	لیکن	زیادہ	ان	نہیں	وہ جانتے ہیں	اور	تو صبر کر	واسطے	حکم	پروردگار	تیرا

ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۴۷ وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ

البتہ ان کی اکثریت (اس سے) بے خبر ہے اور (اے نبی) آپ اپنے پروردگار کے

فَ	اِنَّ	كَ	بِ	اَعْيُنِ	نَا	وَ	سَبِّحْ	بِ	حَمْدِ	رَبِّ	كَ	حِيْنَ	تَقُوْمُ ○
پس	بیشک	تو	ساتھ	آنکھیں	ہماری	اور	تسبیح کر تو	ساتھ	تعریف	پروردگار	تیرا	جس وقت	تو کھڑا ہوتا ہے

فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ۴۸

فرمان کے انتظار میں صبر سے کام لیں، آپ یقیناً ہماری نگرانی میں ہیں اور جب آپ (صبحدم) اٹھیں تب بھی اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ

وَ	مِنَ	الَّيْلِ	فَ	سَبِّحْ	هُ	وَ	اِدْبَارَ	النُّجُوْمِ ○
اور	سے	رات	پس	تسبیح کرتو	اس	اور	پیچھے	ستاروں

الربع

وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ۴۹

پاکیزگی بیان کریں اور رات کے (شروع ہونے پر) اور ستاروں کے غائب ہوتے کے بعد بھی اس کی تسبیح (کیا) کریں

۵۳ سُوْرَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ ۲۳

سورہ نجم مکی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ۶۲ ——— رُكُوْعَاتُهَا ۳

اس کی ۶۲ آیات ——— اور ——— ۳ رکوع ہیں

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

وَ	النَّجْمِ	اِذَا	هَوٰى ○	مَا	ضَلَّ	صَاحِبُ	كُمْ	وَ	مَا	غَوٰى ○
قسم ہے	ستارہ	جب	وہ گرا	نہیں	گمراہ ہوا	ساتھی	تمہارا	اور	نہ	اعتقاداً بگڑا

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۱ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۲

قسم ہے ستارہ (شہاب ثاقب) کی جب وہ گرا تمہارا ساتھی نہ تو عملاً بے راہ ہوا اور نہ (اعتقاداً) بگڑا ہے

وَ	مَا	يَنْطِقُ	عَنِ	الْهَوٰى ۝	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	وَحْيٌ	يُّوْحٰى ۝
اور	نہیں	کلام کرتا وہ	سے	خواہش نفسانی	نہیں	وہ	مگر	کلام خدا	اتارا گیا

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝٣ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۝٤

وہ اپنی نفسانی خواہش سے بولتا ہی نہیں وہ (جو کچھ کہتا ہے) محض کلام خدا ہوتا ہے جو اسے بھیجا جاتا ہے

عَلَّمَ	هٗ	شَدِيْدُ	الْقُوٰى ۝	ذُوْ	مِرَّةٍ	فَ	اسْتَوٰى ۝	وَ	هُوَ
سکھایا	اسے	سخت مضبوط	طاقتوں والا	والا	شوکت	پس	وہ درست ہوا	اور	وہ

عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۝٥ ذُوْ مِرَّةٍ فَاسْتَوٰى ۝٦ وَهُوَ

اسے (یہ کلام) مضبوط طاقتور ہستی نے سکھایا ہے جو بار بار شوکت کے اظہار والا ہے سو وہ (پیغمبر بھی) پوری طرح تیار ہوا

بِ	الْاُفُقِ	الْاَعْلٰى ۝	ثُمَّ	دَنَا	فَ	تَدَلّٰى ۝	فَ	كَانَ	قَابَ	قَوْسَيْنِ
ساتھ	کنارے	بلند	پھر	نزدیک ہوا	پس	وہ نزدیک آیا	پس	تھا وہ	کمان کا خمدار حصہ	دو کمانیں

بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ۝٧ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۝٨ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ

اور وہ (شدید القویٰ ہستی) بلند ترین کنارے پر جلوہ افروز تھی، پھر یہ نبی (شب معراج) قریب ہوا تو بلند ترین ہستی بھی نزدیک ہوئی تو

اَوْ	اَدْنٰى ۝	فَ	اَوْحٰٓى	اِلٰى	عَبْدِ	هٖ	مَآ	اَوْحٰى ۝	مَا	كَذَبَ
یا	زیادہ نزدیک	پس	وحی کی اس نے	طرف	بندہ	اس	جو	وحی کی اس نے	نہیں	جھوٹ بولا

اَوْ اَدْنٰى ۝٩ فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ۝١٠ مَا كَذَبَ

(فاصلہ اتنا تھا) جیسے دو کمانوں کا خمدار حصہ (جب کہ ملائی جائیں) یا اس سے بھی نزدیک تر، پس اس نے اپنے بندے کی طرف وحی بھیجی جو اس نے

الْفُؤَادُ	مَا	رَاٰى ۝	اَ	فَ	تُمٰرُوْنَ	هٗ	عَلٰى	مَا	يَرٰى ۝	وَ	لَ	قَدْ
دل (نے)	جو	دیکھا اس نے	کیا	پس	جھگڑتے ہو تم	اس	اوپر	جو	دیکھا اس نے	اور	البتہ	ضرور

الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ۝١١ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ۝١٢ وَلَقَدْ

وحی کی (تم اس کی عظمت کیا جانو) اس نے جو نظارہ دیکھا اسے دل نے سچا جانا، پھر کیا پیغمبر کی دیکھی ہوئی بات کے بارے میں تم اس سے

رَاٰ	هُ	نَزْلَةً	اُخْرٰى ۝	عِنْدَ	سِدْرَةِ	الْمُنْتَهٰى ۝	عِنْدَ	هَا
اس نے دیکھا	اسے	ایک بار	۔ اور	نزدیک	بیری	آخری حد والی	نزدیک	اس

رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۝١٣ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۝١٤ عِنْدَهَا

جھگڑتے ہو اور اس نے تو اسے ایک بار اور بھی دیکھا، یعنی انتہائی حد والی بیری کے پاس، اس کے پاس ہی رہنے کا گلستان ہے

جَنَّةُ	الْمَاْوٰى ۝	اِذْ	يَغْشَى	السِّدْرَةَ	مَا	يَغْشٰى ۝	مَا	زَاغَ
باغ	ٹھکانا پکڑنے کی (ہمیشہ رہنے کی) جگہ	جب	ڈھانک رہا تھا اسے	بیری	جو	ڈھانکتے یا اس نے	نہیں	ٹیڑھی ہوئی

جَنَّةُ الْمَاْوٰى ۝١٥ اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ۝١٦ مَا زَاغَ

ٹھکانے والی جنت ہے جبکہ اس وقت بیری کو (انوارِ الٰہیہ) ڈھانپ رہے تھے جیسا اسے ڈھانپنا تھا، اس

الْبَصَرُ	وَ	مَا	طَغٰى ۝	لَ	قَدْ	رَاٰى	مِنْ	اٰيٰتِ	رَبِّ	هِ	الْكُبْرٰى ۝
آنکھ - نظر	اور	نہ	سرکشی کی اس نے	البتہ	ضرور	دیکھا اس نے	سے	نشانیاں	پروردگار	اس	بڑی

الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ۝١٧ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ۝١٨

نظارے سے نہ تو آنکھ اچکی اور نہ منظر سے ہٹی، اس پیغمبر نے اپنے پروردگار کے عظیم نشانات ملاحظہ کئے

اَ	فَ	رَءَيْتُمُ	اللّٰتَ	وَ	الْعُزّٰى ۝	وَ	مَنٰوةَ	الثَّالِثَةَ	الْاُخْرٰى ۝
کیا	پس	دیکھا تم نے	لات (بت کا نام)	اور	عزیٰ (بت کو)	اور	منات	تیسرا	پچھلا

اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ۝١٩ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ۝٢٠

پھر کیا تم نے (اپنی دیویوں) لات اور عزیٰ کو بھی دیکھا، اور اس کے علاوہ تیسرے مناۃ کو بھی دیکھا (ان کے کونسے کمالات ہیں)

اَ	لَ	كُمُ	الذَّكَرُ	وَ	لَ	هُ	الْاُنْثٰى ۝	تِلْكَ	اِذًا	قِسْمَةٌ	ضِيْزٰى ۝
کیا	واسطے	تمہارے	نر - مرد	اور	واسطے	اس	مادہ - عورت	یہ	اس وقت	تقسیم	ناقص ظالمانہ

اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ۝٢١ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ۝٢٢

کیا تمہارے لئے نر (بیٹے) اور اس (خدا تعالیٰ) کے لئے مادہ (بیٹیاں) ہیں، تب تو یہ نہایت ظالمانہ تقسیم ہے

اِنْ	هِيَ	اِلَّآ	اَسْمَآءٌ	سَمَّيْتُمُوْ	هَآ	اَنْتُمْ	وَ	اٰبَآؤُ	كُمْ	مَّآ
نہیں	وہ	مگر	نام	تم نے نام دیئے	اسے	تم	اور	باپ دادے	تمہارے	نہیں

اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ

ان کی حقیقت کچھ بھی نہیں محض نام ہی نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے انہیں دے رکھے ہیں

اَنْزَلَ	اللّٰهُ	بِ	هَا	مِنْ	سُلْطٰنٍ	اِنْ	يَّتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	الظَّنَّ	وَ	مَا
اتارا	اللہ تعالیٰ	ساتھ	اس	سے	غلبہ - دلیل	نہیں	پیروی کرتے تم	مگر	خیالی بات	اور	جو

اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا

اللہ تعالیٰ نے ان کے بارے میں کوئی دلیل نہیں اتاری وہ صرف خیالی بات کے پیچھے چلتے ہیں اور جو

تَهْوَى	الْاَنْفُسُ	وَ	لَ	قَدْ	جَآءَ	هُمْ	مِّنْ	رَّبِّ	هِمُ الْهُدٰى ۝
چاہتا ہے	جی	اور	البتہ	ضرور	آیا	ان	سے	پروردگار	ان ہدایت

تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ۝ ۲۳

ان کے جی چاہیں اس کی پیروی کرتے ہیں، حالانکہ انکے پروردگار کی طرف سے انہیں ہدایت مل چکی ہے

اَمْ	لِ	الْاِنْسَانِ	مَا	تَمَنّٰى ۝	فَ	لِ	اللّٰهِ	الْاٰخِرَةُ	وَ	الْاُوْلٰى ۝	وَ كَمْ
کیا	واسطے	انسان	جو	خواہش کی اس نے	پس	واسطے	اللہ تعالیٰ	پچھلی (قیامت)	اور	پہلی (دنیا)	اور کتنے

اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ۝ ۲۴ فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ۝ ۲۵ وَكَمْ

کیا انسان کی ہر آرزو اسے مل جاتی ہے، پس اللہ تعالیٰ کے ہی اختیار میں ہیں آخرت اور دنیا کے (تغیرات) اور

مِّنْ	مَّلَكٍ	فِي	السَّمٰوٰتِ	لَا	تُغْنِيْ	شَفَاعَةُ	هُمْ	شَيْئًا	اِلَّا
سے	فرشتے	میں	آسمانوں	نہیں	کام آتی	سفارش	ان (کی)	کچھ	مگر

مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا اِلَّا

کتنے ہی فرشتے آسمان میں موجود ہیں مگر ان کی سفارش کسی کو اس وقت تک کچھ بھی فائدہ نہیں دے سکتی جب

مِنْ	بَعْدِ	اَنْ	يَّاْذَنَ	اللّٰهُ	لِ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	يَرْضٰى ۝	اِنَّ
سے	پیچھے	کہ	اجازت دے	اللہ تعالیٰ	واسطے	جس	وہ چاہتا ہے	اور	وہ راضی ہوتا ہے	بیشک

مِنْ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ۝ ۲۶ اِنَّ

اللہ تعالیٰ کی اپنی مرضی اس شخص کے بارے میں اجازت دینے کی نہ ہو یا وہ جسے پسند فرمائے بیشک

الَّذِيْنَ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	بِ	الْاٰخِرَةِ	لَ	يُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ
جو لوگ	نہیں	وہ ایمان لاتے ہیں	ساتھ	آخرت	البتہ	وہ نام دھرتے ہیں فرشتوں (کے)

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ

جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہی فرشتوں کے نام عورتوں جیسے

تَسْمِيَةَ	الْاُنْثٰى ۝	وَ	مَا	لَ	هُمْ	بِ	هٖ	مِنْ	عِلْمٍ	اِنْ	يَّتَّبِعُوْنَ
نام رکھنا	عورت	اور	نہیں	واسطے	ان	ساتھ	اس	سے	باخبر ہونا	نہیں	پیروی کرتے ہیں وہ

تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ۝ ۲۷ وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ

رکھتے ہیں حالانکہ انہیں اس کا کچھ بھی پتہ نہیں ہوتا وہ محض خیالی باتوں پر

اِلَّا	الظَّنَّ	وَ	اِنَّ	الظَّنَّ	لَا	يُغْنِيْ	مِنَ	الْحَقِّ	شَيْـًٔا ۝
مگر	خیالی بات	اور	بیشک	گمان	نہیں	کام آتا	سے	سچ	کچھ

اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ۝ ٢٨

چلتے ہیں اور خیالی بات حق کے (ثبوت میں) ذرا برابر مفید نہیں ہوتی

فَ	اَعْرِضْ	عَنْ	مَّنْ	تَوَلّٰى ۙ	عَنْ	ذِكْرِ	نَا	وَ	لَمْ	يُرِدْ
پس	منہ پھیرے تو	سے	جو شخص	پھر گیا	سے	نصیحت	ہماری	اور	نہ	چاہا اس نے

فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ

سو آپ بھی اس شخص سے منہ پھیر لیجئے جس نے ہماری نصیحت سے روگردانی کی اور بجز دنیاوی

اِلَّا	الْحَيٰوةَ	الدُّنْيَا ۝	ذٰلِكَ	مَبْلَغُ	هُمْ	مِّنَ	الْعِلْمِ
مگر	زندگی	دنیاوی	یہ	پہنچنے کی جگہ - انتہا	ان	سے	جاننا

اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ ٢٩ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ۭ

زندگی کا طالب ہو کر رہ گیا یہ ہے ان کی علمی (تحقیق کی) انتہا

اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	اَعْلَمُ	بِ	مَنْ	ضَلَّ	عَنْ	سَبِيْلِ	هٖ ۙ	وَ	هُوَ
بیشک	پروردگار تیرا	وہ	خوب جانتا ہے	ساتھ	جو شخص	گمراہ ہوا	سے	راستہ	اس	اور	وہ

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۙ وَهُوَ

دراصل تمہارا پروردگار ہی بہتر جانتا ہے اسے جو راہِ خدا سے بھٹک گیا اور وہی

اَعْلَمُ	بِ	مَنِ	اهْتَدٰى ۝	وَ	لِ	اللّٰهِ	مَا	فِي	السَّمٰوٰتِ
خوب جانتا ہے	ساتھ	جو شخص	راہ پر آیا	اور	واسطے	اللہ تعالیٰ	جو	میں	آسمانوں

اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ۝ ٣٠ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

خوب جانتا ہے جو سیدھی راہ پر آ گیا اور اللہ تعالیٰ ہی کی ملکیت ہے جو آسمانوں میں ہے

وَ	مَا	فِي	الْاَرْضِ ۙ	لِ	يَجْزِيَ	الَّذِيْنَ	اَسَاۗءُوْا	بِ	مَا	عَمِلُوْا
اور	جو	میں	زمین	تاکہ	وہ بدلہ دے	جو لوگ	برا کیا انہوں نے	ساتھ	جو	عمل کیا انہوں نے

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَاۗءُوْا بِمَا عَمِلُوْا

اور جو زمین میں ہے تاکہ وہ برے کام کرنے والوں کو اسی کے مطابق بدلہ دے

وَ	يَجْزِيَ	الَّذِينَ	أَحْسَنُوا	بِ	الْحُسْنَى ۝	الَّذِينَ
اور	وہ بدلہ دیتا ہے	جو لوگ	نیکی کی انہوں نے	ساتھ	نیکی	جو لوگ

وَيَجْزِيَ الَّذِينَ أَحْسَنُوا بِالْحُسْنَى ۝ الَّذِينَ

اور جنہوں نے نیکی کی انہیں نیک بدلہ دے ۔ یہ (نیک لوگ) وہ ہیں جو

يَجْتَنِبُونَ	كَبَائِرَ	الْإِثْمِ	وَ	الْفَوَاحِشَ	إِلَّا	اللَّمَمَ
بچتے ہیں	بڑے بڑے	گناہ	اور	بے حیائی کے کام	مگر	بدی کا خیال معمولی لغزش

يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ إِلَّا اللَّمَمَ

بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے بچتے ہیں مگر معمولی لغزش (قابل مواخذہ نہیں)

إِنَّ	رَبَّ	كَ	وَاسِعُ	الْمَغْفِرَةِ	هُوَ	أَعْلَمُ	بِ	كُمْ	إِذْ
بیشک	پروردگار	تیرا	فراخی والا	بخشش	وہ	خوب جانتا ہے	ساتھ	تمہارے	جب

إِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ۚ هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ إِذْ

بیشک تیرا پروردگار بڑی بخشش والا ہے جو تمہارے بارے میں خوب واقف ہے جب

أَنْشَأَ	كُمْ	مِنَ	الْأَرْضِ	وَ	إِذْ	أَنْتُمْ	أَجِنَّةٌ	فِي	بُطُونِ
پیدا کیا اس نے	تمہیں	سے	زمین	اور	جب	تم	رحم مادر والے بچے	میں	پیٹوں

أَنْشَأَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ وَإِذْ أَنْتُمْ أَجِنَّةٌ فِي بُطُونِ

اس نے تمہیں زمین (مٹی) سے پیدا کیا اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹوں میں بچے کی شکل میں

اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَ	هٗ	وَ	لَوْ	كَانُوْٓا	اٰبَآءَ	هُمْ	اَوْ	اَبْنَآءَ	هُمْ	اَوْ	اِخْوَانَ	هُمْ
اللہ تعالیٰ	اور	بھیجا ہوا	اس	اور	اگر	تھے وہ	باپ دادے	ان کے	یا	بیٹے	ان	یا	بھائی	ان

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ

کا بھی دم بھرتے ہوں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے دشمنی رکھتے ہوں خواہ وہ انکے باپ ہوں یا انکے بیٹے ہوں

اَوْ	عَشِیْرَةَ	هُمْ	اُولٰٓئِكَ	كَتَبَ	فِیْ	قُلُوْبِ	هِمُ	الْاِیْمَانَ
یا	کنبہ	ان (کا)	یہی لوگ	لکھ دیا اس نے	میں	دلوں	ان	مان لینا۔ یقین کر لینا

اَوْ عَشِیْرَتَهُمْ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْاِیْمَانَ

یا انکے بھائی بند ہوں یا انکے خاندان سے متعلق ہوں یہی ہیں جنکے دلوں میں اس نے ایمان کا نقش ثبت کر رکھا ہے

وَ	اَیَّدَ	هُمْ	بِ	رُوْحٍ	مِّنْ	هُ	وَ	یُدْخِلُ	هُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِیْ
اور	مدد دی اس نے	انہیں	ساتھ	کلام	سے	اس	اور	وہ داخل کرے گا	انہیں	باغوں	بہتی ہیں

وَاَیَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ وَیُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ

اور اپنے کلام سے ان کی مدد کی ہے اور وہ انہیں ایسے باغات میں داخل فرمائے گا جن کے

مِنْ	تَحْتِ	هَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِیْنَ	فِیْ	هَا	رَضِیَ	اللّٰهُ	عَنْ	هُمْ
سے	نیچے	اس	نہریں	ہمیشہ رہنے والے	میں	اس	راضی ہوا	اللہ تعالیٰ	سے	ان

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

نیچے نہریں بہتی ہوں گی ان کی دائمی رہائش اس میں ہوگی خدا تعالیٰ ان سے خوش ہوا وہ

إِنَّ	أَلَآ	اللَّهِ	حِزْبُ	أُولَٰٓئِكَ	هُ	عَنْ	رَضُوا	وَ
بے شک	سنو سنو خبردار	اللہ تعالیٰ	گروہ	یہی لوگ	اس	سے	وہ راضی ہوئے	اور

وَرَضُوا عَنْهُ ۚ أُولَٰٓئِكَ حِزْبُ اللَّهِ ۚ أَلَآ إِنَّ

اس سے راضی یہی خدا کا پسندیدہ گروہ ہے سن لو یقیناً

الْمُفْلِحُونَ ۝	هُمُ	اللَّهِ	حِزْبَ
کامیاب ہونے والے	وہ	اللہ تعالیٰ	گروہ

حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ ۲۲ ع ۳

خدا کا گروہ ہی کامیاب و کامران ہونے والا ہے

(۵۹) سُورَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ (۱۰۱)

سورہ حشر مدنی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ۲۴ —— رُكُوعَاتُهَا ۳

اس کی ۲۴ آیات —— اور —— ۳ رکوع ہیں

الرَّحِيمِ	الرَّحْمَٰنِ	اللَّهِ	اسْمِ	بِ
بار بار رحم کرنے والا	نہایت مہربان	اللہ تعالیٰ	نام	ساتھ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کا نام لے کر شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

هُوَ	وَ	الْأَرْضِ	فِي	مَا	وَ	السَّمَٰوَٰتِ	فِي	مَا	اللَّهِ	لِ	سَبَّحَ
وہ	اور	زمین	میں	جو	اور	آسمانوں	میں	جو	اللہ تعالیٰ	واسطے	پاک ہونا بیان کیا

سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۖ وَهُوَ

جو کچھ چیز آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب خدا کی تسبیح کرتے ہیں اور وہ

كَفَرُوا	الَّذِينَ	أَخْرَجَ	الَّذِي	هُوَ	الْحَكِيمُ ۝	الْعَزِيزُ
انکار کیا انہوں نے	جو لوگ	نکالا اس نے	جس	وہ	دانائی والا	غالب

الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ هُوَ الَّذِي أَخْرَجَ الَّذِينَ كَفَرُوا

غالب حکمت والا ہے وہی تو ہے جس نے منکرین اہل کتاب (بنو نضیر) کو

وقف النبي عليه السلام

مِنْ	اَهْلِ	الْكِتٰبِ	مِنْ	دِيَارِ	هِمْ	لِ	اَوَّلِ	الْحَشْرِ ؕ	مَا
سے	والا	کتاب	سے	گھروں	ان	واسطے	پہلی بار	اکٹھا کرنا	نہ

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ مَا

پہلے ہی اکٹھ (جتھہ بندی) کے موقعہ پر انکے گھروں سے نکال باہر کیا تمہارے تو

ظَنَنْتُمْ	اَنْ	يَّخْرُجُوْا	وَ	ظَنُّوْٓا	اَنَّ	هُمْ	مَّانِعَتُ	هُمْ	حُصُوْنُ	هُمْ
گمان کیا تم نے	کہ	وہ نکل جائیں گے	اور	انہوں نے خیال کیا	کہ	وہ	بچا لینے والے	انہیں	قلعے	ان کے

ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ

خواب وخیال میں بھی نہ تھا کہ وہ نکل جائیں گے اور انہوں نے بھی یہ خیال جما رکھا تھا کہ اللہ تعالیٰ (کی گرفت)

مِّنَ	اللّٰهِ	فَ	اَتٰى	هُمُ	اللّٰهُ	مِنْ	حَيْثُ	لَمْ	يَحْتَسِبُوْا ۚ	وَ	قَذَفَ
سے	اللہ تعالیٰ	پس	آیا وہ	ان	اللہ تعالیٰ	سے	جہاں	نہ	گمان کیا انہوں نے	اور	ڈال دیا

مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۚ وَقَذَفَ

سے انہیں انکے قلعے بچا لیں گے پس خدا نے انہیں وہاں سے آلیا جہاں سے ان کا وہم وگمان بھی نہ تھا یعنی

فِيْ	قُلُوْبِ	هِمُ	الرُّعْبَ	يُخْرِبُوْنَ	بُيُوْتَ	هُمْ	بِ	اَيْدِيْ	هِمْ	وَ	اَيْدِي
میں	دلوں	ان	دہشت	وہ اجاڑتے ہیں	گھروں	ان کے	ساتھ	ہاتھوں	ان	اور	ہاتھوں

فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي

اللہ تعالیٰ نے انکے دلوں میں ایک دہشت سی ڈال دی تھی وہ اپنے ہی ہاتھوں اور مومنوں کے ہاتھوں سے

الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ	فَ	اعْتَبِرُوْا	يٰٓ	اُولِي	الْاَبْصَارِ ۝	وَ	لَوْلَآ	اَنْ
ایمان والے	پس	عبرت پکڑو تم	اے	والے	آنکھوں	اور	اگر نہ	کہ

الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ۝ وَلَوْلَآ اَنْ

اپنے گھروں کو اجاڑنے لگ گئے اے آنکھیں رکھنے والو اس سے عبرت پکڑو اور اگر اللہ تعالیٰ نے ان کے

كَتَبَ	اللّٰهُ	عَلَيْ	هِمُ	الْجَلَآءَ	لَ	عَذَّبَ	هُمْ	فِي	الدُّنْيَا ؕ	وَ	لَ	هُمْ
لکھا	اللہ تعالیٰ نے	اوپر	ان	جلاوطنی	البتہ	سزا دیتا ہے وہ	انہیں	میں	دنیا	اور	واسطے	ان

كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ؕ وَلَهُمْ

مقدر میں جلاوطن ہونا نہ لکھ دیا ہوتا تو انہیں اسی دنیا میں وہ ضرور (اور) سزا دیتا اور آخرت میں انکے لئے

فِي	الْاٰخِرَةِ	عَذَابُ	النَّارِ ۝	ذٰلِكَ	بِ	اَنَّ	هُمْ	شَآقُّوا	اللّٰهَ
میں	آخرت	دکھ	آگ	یہ	سبب وجہ	کہ	وہ	مخالفت کی انہوں نے	اللہ تعالیٰ

فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ

آگ کا عذاب تیار ہے اس کا سبب ان کی اللہ تعالیٰ اور اس کے

وَ	رَسُوْلَ	هٗ	وَ	مَنْ	يُّشَآقِّ	اللّٰهَ	فَ	اِنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ ۝
اور	بھیجا ہوا	اس کا	اور	جو	مخالفت کریگا	اللہ تعالیٰ	پس	بے شک	اللہ تعالیٰ	سخت	سزا دینا

وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

رسول سے مخالفت کی تھی اور جس نے بھی اللہ تعالیٰ کی مخالفت کی تو بیشک اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والا ہے

مَا	قَطَعْتُمْ	مِّنْ	لِّيْنَةٍ	اَوْ	تَرَكْتُمُوْ	هَا	قَآئِمَةً	عَلٰٓى
جو	کاٹی تم نے	سے	کھجور	یا	چھوڑ دی تم نے	اسے	کھڑی رہنے والی	اوپر

مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰٓى

مومنو تم نے کھجوروں کا کوئی تنہ نہیں کاٹا یا اسے اس کی جڑوں پر

اُصُوْلِ	هَا	فَ	بِ	اِذْنِ	اللّٰهِ	وَ	لِ	يُخْزِيَ	الْفٰسِقِيْنَ ۝	وَ	مَآ
جڑوں	اس	پس	ساتھ	اجازت	اللہ تعالیٰ	اور	تاکہ	وہ ذلیل کرے	نافرمان لوگ	اور	جو

اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ وَمَآ

رہنے دیا تو یہ سب خدا کے حکم سے تھا تاکہ وہ نافرمان لوگوں کو ذلیل و رسوا کرے اور جو

اَفَآءَ	اللّٰهُ	عَلٰى	رَسُوْلِ	هٖ	مِنْ	هُمْ	فَ	مَآ	اَوْجَفْتُمْ	عَلَيْ	هِ
پھیر لایا	اللہ تعالیٰ	اوپر	بھیجا ہوا	اس	سے	ان	پس	نہیں	دوڑائے تم نے	اوپر	اس

اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ

(مال غنیمت) بغیر جنگ لڑے اللہ تعالیٰ نے ان سے اپنے رسول کو دلایا تم نے تو اس پر

مِنْ	خَيْلٍ	وَّ	لَا	رِكَابٍ	وَّ	لٰكِنَّ	اللّٰهَ	يُسَلِّطُ	رُسُلَ	هٗ	عَلٰى
سے	گھوڑے	اور	نہ	اونٹ	اور	لیکن	اللہ تعالیٰ	وہ مسلط کرتا ہے	بھیجے ہوئے	اس	اوپر

مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى

گھوڑے دوڑائے نہ اونٹ ہاں اللہ تعالیٰ اپنے رسول کو جن پر چاہتا ہے غالب

مَنْ	يَّشَآءُ	وَ	اللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ ۝	مَآ
جسے	وہ چاہتا ہے	اور	اللہ تعالیٰ	اوپر	ہر	چیز	قدرت والا	جو

مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ مَآ

کردیتا ہے اور اللہ تعالیٰ ہر بات کرنے پر قادر ہے بستی والوں سے

اَفَآءَ	اللّٰهُ	عَلٰى	رَسُوْلِ	هٖ	مِنْ	اَهْلِ	الْقُرٰى	فَ	لِ	اللّٰهِ	وَ	لِ	الرَّسُوْلِ
پھیر لایا	اللہ تعالیٰ	اوپر	پیغمبر	اس	سے	والے	بستی	پس	واسطے	اللہ تعالیٰ	اور	واسطے	پیغمبر

اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ

(بلاقتال) جو مال اللہ نے اپنے رسول کو دلوایا تو وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کیلئے ہے

وَ	لِ	ذِي	الْقُرْبٰى	وَ	الْيَتٰمٰى	وَ	الْمَسٰكِيْنِ	وَ	ابْنِ	السَّبِيْلِ
اور	واسطے	والا	قریبی	اور	یتیموں	اور	مسکینوں	اور	بیٹا	راستہ۔ مسافر

وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ

اور (رسول کے) قرابت داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کے لئے ہے

كَيْ	لَا	يَكُوْنَ	دُوْلَةً	بَيْنَ	الْاَغْنِيَآءِ	مِنْ	كُمْ	وَ	مَآ	اٰتٰى	كُمُ
تاکہ	نہ	ہو	ہاتھوں ہاتھ لینا	درمیان	مالدار لوگ	سے	تم	اور	جو	دے	تمہیں

كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ۭ وَمَآ اٰتٰىكُمُ

تا ایسا نہ ہو کہ تمام مال ہمیشہ ہی، تم میں سے مالدار لوگوں میں گردش کرتا رہے جو اللہ کا رسول تمہیں

الرَّسُوْلُ	فَ	خُذُوْ	هُ	وَ	مَا	نَهٰى	كُمْ	عَنْ	هُ	فَ	انْتَهُوْا
پیغمبر	پس	پکڑ لو تم	اسے	اور	جو	روک دے	تمہیں	سے	اس	پس	رک جاؤ تم

الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۤ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ

دے پس وہی تم لے لیا کرو اور جس سے منع کریں تو اس سے رک جایا کرو

وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ ۝	لِ	الْفُقَرَآءِ
اور	ڈرو تم	اللہ تعالیٰ	بے شک	اللہ تعالیٰ	سخت	سزا دینا	واسطے	فقیروں

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ لِلْفُقَرَآءِ

اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہا کرو یقیناً وہ سخت سزا دینے والا ہے اُن نادار

وقف لازم

الْمُهٰجِرِيْنَ	الَّذِيْنَ	اُخْرِجُوْا	مِنْ	دِيَارِ	هِمْ
ہجرت کرنے والے	جو لوگ	نکالے گئے وہ	سے	گھروں	اپنے

الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ

مہاجرین کے لئے بھی ہے جو اپنے گھروں اور مالوں سے

وَ	اَمْوَالِ	هِمْ	يَبْتَغُوْنَ	فَضْلًا	مِّنَ	اللّٰهِ	وَ	رِضْوَانًا
اور	مالوں	اپنے	وہ تلاش کرتے ہیں	مہربانی	سے	اللہ تعالیٰ	اور	خوشنودی

وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا

نکال دیئے گئے خدا تعالیٰ کے فضل اور اس کی خوشنودی کے متلاشی ہیں

وَّ	يَنْصُرُوْنَ	اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَ	هٗ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ الصّٰدِقُوْنَ
اور	وہ مدد کرتے ہیں	اللہ تعالیٰ	اور	پیغمبر	اس	یہی لوگ	وہ سچے

وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۸

اور خدا اور اس کے رسول کی مدد کرتے ہیں یہی لوگ ہی سچے ہیں

وَ	الَّذِيْنَ	تَبَوَّؤُ	الدَّارَ	وَ	الْاِيْمَانَ	مِنْ	قَبْلِ	هِمْ
اور	جو لوگ	جگہ بنائی ہوئی	گھر	اور	ایمان	سے	پہلے	ان

وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ

اور یہ مال ان کے لئے بھی ہے جنہوں نے مہاجرین کے آنے سے پہلے دار ہجرت (مدینہ) میں رہائش اختیار کرلی

يُحِبُّوْنَ	مَنْ	هَاجَرَ	اِلَيْ	هِمْ	وَ	لَا	يَجِدُوْنَ	فِيْ
وہ پسند کرتے ہیں	جو شخص	ہجرت کی اس نے	طرف	ان	اور	نہ	وہ پاتے ہیں	میں

يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ

اور ایمان قبول کرلیا تھا، جو انکی طرف ہجرت کرکے آتا وہ اس سے محبت سے پیش آتے اور جو کچھ انہیں (مہاجرین)

صُدُوْرِ	هِمْ	حَاجَةً	مِّنْ	مَّآ	اُوْتُوْا	وَ	يُؤْثِرُوْنَ	عَلٰٓى
سینوں	اپنے	خلش ضرورت	سے	جو	وہ دیئے گئے	اور	ترجیح دیتے ہیں	اوپر

صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى

کو دیا جاتا وہ اپنے دلوں میں کوئی خلش تک نہ پاتے اور اپنی ذاتی ضروریات پر انہیں ترجیح دیتے

اَنْفُسِ	هِمْ	وَ	لَوْ	كَانَ	بِ	هِمْ	خَصَاصَةٌ ؕ	وَ	مَنْ	يُّوْقَ
جانوں	اپنی	اور	اگر	ہو	ساتھ	ان	تنگی۔حاجت	اور	جو شخص	بچایا جائے

اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ؕ وَمَنْ يُّوْقَ

خواہ انہیں خود کتنی ہی تنگی ہوتی اور دراصل بات یہ ہے جو اپنے نفسانی حرص سے

شُحَّ	نَفْسِ	هٖ	فَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ ۚ	وَ	الَّذِيْنَ
بخل حرص	ذات	اس	پس	یہ لوگ	وہ	کامیاب ہونے والے	اور	جو لوگ

شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۚ وَالَّذِيْنَ

بچایا جائے وہی لوگ بامراد ہونے والے ہوتے ہیں اور (یہ مال ان کے لئے بھی ہے) جو ان

جَآءُوْ	مِنْۢ	بَعْدِ	هِمْ	يَقُوْلُوْنَ	رَبَّ	نَا	اغْفِرْ	لَ	نَا	وَ	لِ	اِخْوَانِ	نَا
آئے وہ	سے	پیچھے	ان	وہ کہتے ہیں	اے پالنے والے	ہمارے	بخش دے تو	واسطے	ہمارے	اور	واسطے	بھائیوں	ہمارے

جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا

(مہاجرین) کے پیچھے آئے وہ کہتے ہیں اے پروردگار ہمارے ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی

الَّذِيْنَ	سَبَقُوْ	نَا	بِ	الْاِيْمَانِ	وَ	لَا	تَجْعَلْ	فِيْ	قُلُوْبِ	نَا
جو لوگ	آگے آئے	ہم	ساتھ	ایمان	اور	نہ	بنا تو	میں	دلوں	ہمارے

الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا

جو ہم سے پہلے ایمان لے آئے اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے لئے کوئی کینہ پیدا نہ

غِلًّا	لِّ	لَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	رَبَّ	نَآ	اِنَّ	كَ	رَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ ۠	اَ	لَمْ
کینہ	واسطے	جو لوگ	وہ ایمان لائے	اے پروردگار	ہمارے	بیشک	تو	شفقت کرنیوالا	بار بار رحم کرنے والا	کیا	نہیں

غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۠ اَلَمْ

ع ۲

ہونے دیجئے اے پروردگار ہمارے آپ بہت شفقت کرنے والے بار بار رحم کرنے والے ہیں، کیا

تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	نَافَقُوْا	يَقُوْلُوْنَ	لِ	اِخْوَانِ	هِمُ	الَّذِيْنَ
دیکھا تو نے	طرف	جو لوگ	منافقت کی انہوں نے	وہ کہتے ہیں	واسطے	بھائیوں	اپنے	جو لوگ

تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ

آپ نے ان کو نہیں دیکھا جو منافق ہیں وہ اپنے اہل کتاب میں سے منکرین اسلام بھائیوں سے

كَفَرُوْا	مِنْ	اَهْلِ	الْكِتٰبِ	لَ	ئِنْ	اُخْرِجْتُمْ	لَ	نَخْرُجَنَّ
انکار کیا انہوں نے	سے	والے	کتاب	البتہ	اگر	تم نکالے گئے	البتہ	ہم ضرور نکلیں گے

كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ

کہتے ہیں اگر تمہیں نکالا گیا تو ہم لازماً تمہارے ساتھ

مَعَ	كُمْ	وَ	لَا	نُطِيْعُ	فِيْ	كُمْ	اَحَدًا	اَبَدًا	وَّ	اِنْ	قُوْتِلْتُمْ
ساتھ	تمہارے	اور	نہ	ہم پیروی کرینگے	ہیں	تمہارے	ایک	ہمیشہ۔کبھی	اور	اگر	لڑائی ہوئی تم سے

مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا ۙ وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ

نکل کھڑے ہونگے اور ہم تمہارے بارے میں ہرگز ہرگز کسی کا کہا نہ مانیں گے، اگر تم سے لڑائی ہوئی

لَ	نَنْصُرَنَّ	كُمْ	وَ	اللّٰهُ	يَشْهَدُ	اِنَّ	هُمْ	لَ	كٰذِبُوْنَ ○	لَ	ئِنْ
البتہ	ہم ضرور مدد کریں گے	تمہاری	اور	اللہ تعالیٰ	گواہی دیتا ہے	بیشک	وہ	البتہ	جھوٹے	البتہ	اگر

لَنَنْصُرَنَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۱۱ ○ لَئِنْ

تو ہم ضرور تمہاری مدد کو آئینگے اور اللہ تعالیٰ علانیہ گواہی دیتا ہے کہ یقیناً وہ جھوٹے ہیں۔ اگر وہ

اُخْرِجُوْا	لَا	يَخْرُجُوْنَ	مَعَ	هُمْ	وَ	لَ	ئِنْ	قُوْتِلُوْا	لَا
وہ نکالے گئے	نہیں	نکلیں گے وہ	ساتھ	ان	اور	البتہ	اگر	ان سے لڑائی کی گئی	نہیں

اُخْرِجُوْا لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا

جلاوطن کئے گئے وہ ان کے ساتھ نکلیں گے نہیں اور اگر ان سے لڑائی ہوئی وہ انہیں کوئی

يَنْصُرُوْنَ	هُمْ	وَ	لَ	ئِنْ	نَّصَرُوْ	هُمْ	لَ	يُوَلُّنَّ	الْاَدْبَارَ
وہ مدد کریں گے	ان کی	اور	البتہ	اگر	انہوں نے مدد کی	ان کی	البتہ	پھیر لینگے وہ	پیٹھیں

يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ۣ

مدد نہیں دیں گے اور (بالفرض) اگر وہ ان کی مدد کرینگے بھی تو پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑے ہونگے

ثُمَّ	لَا	يُنْصَرُوْنَ ○	لَ	اَنْتُمْ	اَشَدُّ	رَهْبَةً	فِيْ
پھر	نہیں	مدد دیئے جائیں گے	البتہ	تم	زیادہ سخت	خوف۔دہشت	ہیں

ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ۱۲ ○ لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ

پھر انہیں کہیں سے بھی مدد نہیں ملے گی، مومنو! تمہاری دہشت ان کے دلوں میں

صُدُوْرِ	هِمْ	مِّنَ	اللّٰهِ	ذٰلِكَ	بِ	اَنَّ	هُمْ	قَوْمٌ	لَّا	يَفْقَهُوْنَ ○	
سینوں	ان	سے	اللہ تعالیٰ	یہ	وجہ سبب	کہ	وہ	لوگ	نہیں	وہ سمجھتے ہیں	

صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ○ ۱۳

اللہ تعالیٰ سے بھی زیادہ ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ سمجھ بوجھ سے عاری لوگ ہیں

لَا	يُقَاتِلُوْنَ	كُمْ	جَمِيْعًا	اِلَّا	فِيْ	قُرًى	مُّحَصَّنَةٍ	اَوْ
نہیں	وہ لڑیں گے	تم	اکٹھے	مگر	میں	بستیوں	قلعے والیاں ۔ حفاظت والیاں	یا

لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ

یہ سب مل کر بھی تم سے آمنے سامنے ہو کر نہیں لڑیں گے مگر قلعہ بند بستیوں میں یا پھر

مِنْ	وَّرَآءِ	جُدُرٍ	بَاْسُ	هُمْ	بَيْنَ	هُمْ	شَدِيْدٌ	تَحْسَبُ	هُمْ
سے	پیچھے	دیواروں	لڑائی	ان کی	درمیان	ان	سخت	تو خیال کرتا ہے	انہیں

مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ۭ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيْدٌ ۭ تَحْسَبُهُمْ

دیواروں کی اوٹ میں (چھپ کر) ان کی لڑائی آپس میں سخت ہوتی ہے ۔ تم انہیں اکٹھا (یک جان)

جَمِيْعًا	وَّ	قُلُوْبُ	هُمْ	شَتّٰى	ذٰلِكَ	بِ	اَنَّ	هُمْ	قَوْمٌ
متفق ۔ اکٹھے	اور	دلوں	ان	الگ الگ	یہ	ساتھ	کہ	وہ	لوگ

جَمِيْعًا وَّقُلُوْبُهُمْ شَتّٰى ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ

سمجھتے ہو حالانکہ ان کے دل آپس میں پھٹے ہوئے ہیں ۔ اس کا سبب یہ ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو

لَّا	يَعْقِلُوْنَ ○	كَ	مَثَلِ	الَّذِيْنَ	مِنْ	قَبْلِ	هِمْ	قَرِيْبًا	ذَاقُوْا
نہیں	وہ عقل کرتے ہیں	جیسا	مانند	جو لوگ	سے	پہلے	ان	نزدیک	چکھا انہوں نے

لَّا يَعْقِلُوْنَ ○ ۱۴ كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا ذَاقُوْا

عقل نہیں رکھتے ۔ ان کی حالت بھی ان کے نزدیک پہلے زمانہ میں گزرے ہوئے لوگوں کی سی ہے ۔ انہوں نے

وَبَالَ	اَمْرِ	هِمْ	وَ	لَ	هُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ ○	كَ	مَثَلِ
مصیبت ۔ مزا	کام	ان	اور	واسطے	ان کے	سزا	درد ناک	جیسا	مانند

وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ كَمَثَلِ

بھی اپنے کاموں کا مزہ چکھا اور ان کے لئے بھی دردناک عذاب ہے ۔ (ان کا حال بھی)

الشَّیْطٰنِ	اِذْ	قَالَ	لِ	الْاِنْسَانِ	اکْفُرْ	فَ	لَمَّا	کَفَرَ	قَالَ
شیطان	جب	کہا اس نے	واسطے	انسان	انکار کر تو	پس	جب	اس نے انکار کیا	کہا اس نے

الشَّیْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اکْفُرْ فَلَمَّا کَفَرَ قَالَ

شیطان جیسا ہے جب اس نے کسی انسان کو کہا تو (حق کا) انکار کر دے پھر جب اس نے انکار کیا کہا

اِنِّ	یْ	بَرِیْٓءٌ	مِّنْ	کَ	اِنِّ	یْٓ	اَخَافُ	اللّٰہَ	رَبَّ	الْعٰلَمِیْنَ ○
بے شک	میں	بیزار ہوں	سے	تجھ	بے شک	میں	میں ڈرتا ہوں	اللہ تعالیٰ	پالنے والا	تمام جہان

اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّنْکَ اِنِّیْٓ اَخَافُ اللّٰہَ رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ○ ۱۶

میں حقیقتاً تجھ سے بیزار ہوں میں تو اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں

فَ	کَانَ	عَاقِبَۃَ	ھُمَآ	اَنَّ	ھُمَا	فِی	النَّارِ	خٰلِدَیْنِ	فِیْ	ھَا ط
پس	ہوا	انجام	وہ دونو	کہ	وہ دونو	میں	آگ	دونو ہمیشہ رہنے والے	میں	اس

فَکَانَ عَاقِبَتَھُمَآ اَنَّھُمَا فِی النَّارِ خٰلِدَیْنِ فِیْھَا ط

تو ان دونوں کا انجام یہ ہوا کہ دونوں ہی ہمیشہ کے لئے آگ میں پڑنے والے ہو گئے

وَ	ذٰلِکَ	جَزٰٓؤُا	الظّٰلِمِیْنَ ○ ع	یٰٓاَیُّھَا	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوا
اور	یہ	بدلہ	ظلم کرنے والے	اے	جو لوگ	ایمان لائے وہ

وَذٰلِکَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِیْنَ ○ ع ۱۷ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ع ۵

اور یہ ہے ایسے ظالموں کا بدلہ اے ایمان والو

اتَّقُوا	اللّٰہَ	وَ	لْ	تَنْظُرْ	نَفْسٌ	مَّا	قَدَّمَتْ	لِ	غَدٍ	وَ	اتَّقُوا
ڈرو تم	اللہ تعالیٰ	اور	چاہئے	دیکھے	جی شخص	جو	آگے بھیجا اس نے	واسطے	آنیوالا کل	اور	ڈرو تم

اتَّقُوا اللّٰہَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ج وَاتَّقُوا

اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور ہر شخص کو دیکھتے رہنا چاہئے کہ کل کیلئے اس نے کیا بھیجا (تیاری کی) ہے اور

اللّٰہَ ط	اِنَّ	اللّٰہَ	خَبِیْرٌ	بِ	مَا	تَعْمَلُوْنَ ○	وَ	لَا	تَکُوْنُوْا
اللہ تعالیٰ	بے شک	اللہ تعالیٰ	خبر رکھنے والا	ساتھ	جو	تم کرتے ہو	اور	نہ	ہو جاؤ تم

اللّٰہَ ط اِنَّ اللّٰہَ خَبِیْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ○ ۱۸ وَلَا تَکُوْنُوْا

اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو یقیناً جو تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کی خبر رکھتا ہے، اور (دیکھو) ان لوگوں کی طرح

كَ	الَّذِيْنَ	نَسُوا	اللّٰهَ	فَ	اَنْسٰى	هُمْ	اَنْفُسَ	هُمْ	اُولٰٓئِكَ
مانند	جو لوگ	بھول گئے وہ	اللہ تعالیٰ	پس	بھلا دیا اس نے	انہیں	جانیں	ان (کی)	یہی لوگ

كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ

مت ہو جانا جنہوں نے اللہ تعالیٰ کو بھلا دیا تو اللہ نے خود انکے ذاتی (نفع و نقصان) سے انہیں غافل کر دیا یہی

هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ ۞	لَا	يَسْتَوِيْٓ	اَصْحٰبُ	النَّارِ	وَ	اَصْحٰبُ
وہ	نافرمان لوگ	نہیں	برابر ہوتے	والے - ساتھی	آگ	اور	ساتھی - والے

هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۞ ۱۹ لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ

لوگ ہی نافرمان ہیں اہلِ دوزخ اور جنتی برابر نہیں ہو

الْجَنَّةِ ؕ	اَصْحٰبُ	الْجَنَّةِ	هُمُ	الْفَآئِزُوْنَ ۞	لَوْ	اَنْزَلْنَا
بہشت	ساتھی - والے	بہشت	وہ	کامیاب ہونے والے	اگر	ہم نے اتارا

الْجَنَّةِ ؕ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۞ ۲۰ لَوْ اَنْزَلْنَا

سکتے اہلِ جنت ہی کامیاب ہونے والے ہیں اگر ہم اتار دیتے

هٰذَا	الْقُرْاٰنَ	عَلٰى	جَبَلٍ	لَ	رَاَيْتَ	هٗ	خَاشِعًا	مُّتَصَدِّعًا
یہ	قرآن	اوپر	پہاڑ	البتہ	تو لے دیکھا	اسے	دبنے والا دب جانے والا	پھٹ جانے والا

هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا

یہ قرآن پہاڑ پر تو ضرور اسے دیکھتا دب جانے والا پھٹ جانے والا

مِّنْ	خَشْيَةِ	اللّٰهِ ؕ	وَ	تِلْكَ	الْاَمْثَالُ	نَضْرِبُ	هَا	لِ	النَّاسِ
سے	خوف	اللہ تعالیٰ	اور	یہ	مثالیں	ہم بیان کرتے ہیں	اسے	واسطے	لوگ

مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ

خوف خدا سے اور یہ مضامین ہم لوگوں کے فائدہ کے لئے بیان کرتے ہیں

لَعَلَّ	هُمْ	يَتَفَكَّرُوْنَ ۞	هُوَ	اللّٰهُ	الَّذِيْ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ ۚ
تاکہ	وہ	وہ سوچتے ہیں	وہ	اللہ تعالیٰ	جو	نہیں	معبود	مگر	وہ

لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۞ ۲۱ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

تاکہ وہ سوچ سے کام لیں اللہ تعالیٰ ہی وہ ذات ہے کہ جس کے سوا کوئی اور معبود نہیں

عٰلِمُ	الْغَيْبِ	وَ	الشَّهَادَةِ ۚ	هُوَ	الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ ○
جاننے والا	پوشیدہ بات کا	اور	حاضر ـ موجود	وہ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ ٢٢

پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والا ہے وہ نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

هُوَ	اللّٰهُ	الَّذِىْ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ ۚ	اَلْمَلِكُ	الْقُدُّوْسُ
وہ	اللہ تعالیٰ	جو	نہیں	معبود	مگر	وہ	بادشاہ	سب عیبوں سے پاک

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ

اللہ تعالیٰ وہ ذات ہے جس کے سوا اور کوئی معبود نہیں بادشاہ ہر عیب سے پاک

السَّلٰمُ	الْمُؤْمِنُ	الْمُهَيْمِنُ	الْعَزِيْزُ	الْجَبَّارُ	الْمُتَكَبِّرُ ؕ
سلامتی والا	امن دینے والا	نگہبانی کرنے والا	غالب	زبردست نقصان کا تدارک کرنے والا	عظمت والا

السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ

صحیح وسالم ہے، امن دینے والا، نگہبانی کرنے والا، غالب، زبردست، بڑائی والا

سُبْحٰنَ	اللّٰهِ	عَنْ	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ ○	هُوَ	اللّٰهُ	الْخَالِقُ	الْبَارِئُ
پاک	اللہ تعالیٰ	سے	جو	وہ شریک بناتے ہیں	وہ	اللہ تعالیٰ	پیدا کرنے والا	ٹھیک ٹھاک کرنے والا

سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○ ٢٣ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ

اللہ تعالیٰ پاک ہے ان کے شریک گرداننے سے وہی خدا ہی (تمام مخلوق کا) پیدا کرنے والا، ٹھیک بنانے والا

الْمُصَوِّرُ	لَ	هُ	الْاَسْمَآءُ	الْحُسْنٰى ؕ	يُسَبِّحُ	لَ	هٗ	مَا	فِى
صورت بنانے والا	واسطے	اس	نام ـ صفات	عمدہ ـ اچھے	پاک ہونا بیان کرتی ہے	واسطے	اس	جو	میں

الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى

صورتیں بنانے والا ہے سب اچھے نام اسی کے ہیں ہر چیز جو آسمانوں میں ہے

السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ ۚ	وَ	هُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ○
آسمانوں	اور	زمین	اور	وہ	غالب	دانا ـ حکمت والا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ ٢٤ ع

اور زمین میں ہے اس کا پاکیزہ ہونا بیان کرتی ہے اور وہ غالب حکمت والا ہے

(٦٠) سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَدَنِيَّةٌ (٩١)

سورت ممتحنہ مدنی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ١٣ ———— رُكُوْعَاتُهَا ٢

اس کی ١٣ آیات ———— اور ———— ٢ رکوع ہیں

ب	اسم	الله	الرحمن	الرحيم
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

يٰاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا	تَتَّخِذُوْا	عَدُوِّ	یْ	وَ	عَدُوَّ	كُمْ
اے	لوگو جو	ایمان لائے	نہ	پکڑو تم	دشمن	میرا	اور	دشمن	تمہارا

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ

اے ایمان والو میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست مت بناؤ

اَوْلِيَآءَ	تُلْقُوْنَ	اِلَیْ	هِمْ	بِ	الْمَوَدَّةِ	وَ	قَدْ	كَفَرُوْا
دوست	پیغام بھیجتے ہو تم	طرف	ان	ساتھ	محبت - دوستی	اور	تحقیق	انکار کیا انہوں نے

اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا

تم تو انہیں دوستی کا پیغام بھیجتے ہو حالانکہ جو تمہارے پاس

بِ	مَا	جَآءَ	كُمْ	مِّنَ	الْحَقِّ	يُخْرِجُوْنَ	الرَّسُوْلَ	وَ	اِيَّا	كُمْ
ساتھ	جو	آیا	تمہارے	سے	سچ	وہ نکالتے ہیں	پیغمبر (کو)	اور	خاص	تمہیں

بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ

حق آیا انہوں نے اس کا انکار کر دیا ہے (خدا کے) رسول اور خاص کر تمہیں اس بنا پر نکالتے ہیں کہ تم

اَنْ	تُؤْمِنُوْا	بِ	اللّٰهِ	رَبِّ	كُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	خَرَجْتُمْ	جِهَادًا
کہ	تم ایمان لاؤ	ساتھ	اللہ تعالیٰ	پروردگار	تمہارا	اگر	ہو تم	نکلے تم	کوشش کرنا

اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا

اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے جو تمہارا پروردگار ہے، اگر تم میری راہ میں اور میری خوشنودی کی تلاش میں

فِيْ	سَبِيْلِ	يْ	وَ	ابْتِغَآءَ	مَرْضَاتِ	يْ	تُسِرُّوْنَ	اِلَيْ	هِمْ
میں	راستہ	میرا	اور	چاہنا	خوشنودی	میری	تم چھپاتے ہو	طرف	ان

فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِيْ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ

اپنے گھروں سے جہاد کی خاطر نکلے ہو (تو پھر کیوں) تم ان کی طرف خفیہ طور پر پیام محبت بھیجتے ہو

بِ	الْمَوَدَّةِ	وَ	اَنَا	اَعْلَمُ	بِ	مَآ	اَخْفَيْتُمْ	وَ	مَآ	اَعْلَنْتُمْ
ساتھ	محبت۔ دوستی	اور	میں	خوب جانتا ہوں	ساتھ	جو	چھپایا تم نے	اور	جو	ظاہر کیا تم نے

بِالْمَوَدَّةِ وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ

اور میں خوب جانتا ہوں جو تم چھپا کر کرتے ہو اور جو تم ظاہر طور پر کرتے ہو

وَ	مَنْ	يَّفْعَلْ	هُ	مِنْ	كُمْ	فَ	قَدْ	ضَلَّ	سَوَآءَ	السَّبِيْلِ
اور	جو شخص	کرے گا وہ	اس	سے	تم	پس	تحقیق	گمراہ ہو گیا وہ	سیدھا	راستہ

وَمَنْ يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ١

اور جس نے بھی تم میں سے ایسا فعل کیا تو لازماً وہ سیدھی راہ سے بھٹک گیا

اِنْ	يَّثْقَفُوْ	كُمْ	يَكُوْنُوْا	لَ	كُمْ	اَعْدَآءً	وَّ	يَبْسُطُوْٓا
اگر	وہ پالیں	تمہیں	ہو جائیں وہ	واسطے	تمہارے	دشمن	اور	وہ پھیلا دیں گے

اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً وَّيَبْسُطُوْٓا

(کفار کا رویہ دیکھو) اگر وہ تم پر قابو پالیں تو (فوراً) تمہارے دشمن بن جائیں اور تمہاری طرف

اِلَيْ	كُمْ	اَيْدِيَ	هُمْ	وَ	اَلْسِنَةَ	هُمْ	بِ	السُّوْٓءِ	وَ	وَدُّوْا
طرف	تمہارے	ہاتھ	اپنے	اور	زبانیں	اپنی	ساتھ	برائی کے	اور	پسند کریں وہ

اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا

(حملہ کے لئے) دست درازی کرنے لگیں اور ان کی زبانیں بدگوئی پر اتر آئیں اور وہ یہ تمنا کرنے لگیں

لَوْ	تَكْفُرُوْنَ	لَنْ	تَنْفَعَ	كُمْ	اَرْحَامُ	كُمْ	وَ	لَآ	اَوْلَادُ	كُمْ
کاش	تم کفر کرتے ہو	ہرگز نہ	فائدہ دیں گے	تمہیں	رشتہ داریاں	تمہاری	اور	نہ	اولاد	تمہاری

لَوْ تَكْفُرُوْنَ لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ

کہ کاش تم بھی ان کی طرح کفر کرنے لگو، ان کی رشتہ داریاں ہرگز تمہارے کام نہیں آئیں گی اور نہ تمہاری اولاد بھی

يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	يَفْصِلُ	بَيْنَ	كُمْ	وَ	اللّٰهُ	بِ	مَا	تَعْمَلُوْنَ
دن	قیامت	وہ جدائی ڈال دیگا	درمیان	تمہارے	اور	اللہ تعالیٰ	ساتھ	جو	تم کرتے ہو

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

قیامت کے دن تمہیں فائدہ پہنچا سکیں گی وہ تمہارے درمیان جدائی ڈال دیگا اور جو تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ

بَصِيْرٌ ۝	قَدْ	كَانَتْ	لَ	كُمْ	اُسْوَةٌ	حَسَنَةٌ	فِيْٓ	اِبْرٰهِيْمَ
دیکھنے والا	تحقیق	ہے	واسطے	تمہارے	نمونہ	عمدہ	میں	ابراہیم

بَصِيْرٌ ۝۳ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ

اسے دیکھ رہا ہے تمہارے لئے تو ابراہیم اور ان کے مومن ساتھیوں کے کردار میں نہایت عمدہ نمونہ

وَ	الَّذِيْنَ	مَعَ	هٗ	اِذْ	قَالُوْا	لِ	قَوْمِ	هِمْ	اِنْ	نَّا	بُرَءٰٓؤُا	مِنْ	كُمْ
اور	جو لوگ	ساتھ	اس	جب	کہا انہوں نے	واسطے	قوم	اپنی	بیشک	ہم	بیزار ہیں	سے	تم

وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ

اور موجود ہے جب انہوں نے اپنی برادری سے بول دیا ہم تم سے

وَ	مِنْ	مَّا	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ	دُوْنِ	اللّٰهِ	كَفَرْنَا	بِ	كُمْ	وَ	بَدَا
اور	سے	جو	تم پوجتے ہو	سے	سوا	اللہ تعالیٰ	ہم نے انکار کیا	ساتھ	تمہارے	اور	ظاہر ہوئی

وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۡ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا

جن کی تم خدا کے سوا پوجا کرتے ہو سخت بیزار ہیں ہم تمہاری باتوں کو نہیں مانتے اور ہمیشہ کے لئے

بَيْنَ	نَا	وَ	بَيْنَ	كُمُ	الْعَدَاوَةُ	وَ	الْبَغْضَاۗءُ	اَبَدًا	حَتّٰى
درمیان	ہمارے	اور	درمیان	تمہارے	دشمنی	اور	کینہ	ہمیشہ	یہاں تک

بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاۗءُ اَبَدًا حَتّٰى

ہمارے اور تمہارے درمیان دشمنی اور بغض کھل کر سامنے آچکا ہے جب تک تم

تُؤْمِنُوْا	بِ	اللّٰهِ	وَحْدَ	هٗٓ	اِلَّا	قَوْلَ	اِبْرٰهِيْمَ	لِ	اَبِيْ	هِ
تم ایمان لاؤ	ساتھ	اللہ تعالیٰ	اکیلا ہونا	اس	مگر	بات	ابراہیم	واسطے	باپ	اس

تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ

خدائے واحد پر ایمان نہ لے آؤ مگر ابراہیم کا اپنے باپ کے بارے میں یہ کہنا کہ

لَ	اَسْتَغْفِرَنَّ	لَ	كَ	وَ	مَآ	اَمْلِكُ	لَ	كَ	مِنَ	اللّٰهِ	مِنْ	شَيْءٍ ؕ
البتہ	میں ضرور بخشش مانگوں گا	واسطے	تیرے	اور	نہیں	اختیار رکھتا ہوں	واسطے	تیرے	سے	اللہ تعالیٰ	سے	چیز

لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ

میں ضرور تمہارے لئے بخشش طلب کروں گا حالانکہ میں تیرے بارے میں خدا تعالیٰ سے (منوا لینے) کا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتا

رَبَّ	نَا	عَلَيْ	كَ	تَوَكَّلْنَا	وَ	اِلَيْ	كَ	اَنَبْنَا	وَ	اِلَيْ	كَ	الْمَصِيْرُ ○
اے پالنے والے	ہمارے	اوپر	تیرے	ہم نے بھروسہ کیا	اور	طرف	تیرے	ہم نے رجوع کیا	اور	طرف	تیرے	پھر جانا

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ○ ٤

اے ہمارے پروردگار آپ پر ہی ہمارا بھروسہ ہے اور آپ ہی کی طرف ہم نے رجوع کیا اور (بالآخر) ہمیں آپکے حضور ہی لوٹ کر آنا ہے

رَبَّ	نَا	لَا	تَجْعَلْ	نَا	فِتْنَةً	لِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	اغْفِرْ	لَ	نَا
اے پالنے والے	ہمارے	نہ	بنا تو	ہمیں	آزمائش	واسطے	جو لوگ	انکار کیا انہوں نے	اور	معاف کر تو	واسطے	ہمارے

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا

اے ہمارے پروردگار ہمیں کافروں کے (ظلم و ستم) کے بہانے کا موجب نہ بنانا اور ہمیں معاف فرما دیجئے

رَبَّ	نَا	اِنَّ	كَ	اَنْتَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ○	لَ	قَدْ	كَانَ
اے پالنے والے	ہمارے	بے شک	تو	تو	غالب	حکمت والا	البتہ	ضرور	ہے

رَبَّنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ لَقَدْ كَانَ

اے ہمارے رب بے شک آپ ہی (سب پر) غالب حکمت والے ہیں تمہارے لئے ضرور ان لوگوں (کے کردار)

لَ	كُمْ	فِيْ	هِمْ	اُسْوَةٌ	حَسَنَةٌ	لِ	مَنْ	كَانَ	يَرْجُوا	اللّٰهَ
واسطے	تمہارے	میں	ان	نمونہ	عمدہ	واسطے	جو شخص	ہے	وہ امید کرتا ہے	اللہ تعالیٰ

لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ

میں نہایت اچھا نمونہ ہے یعنی ہر اس شخص کے لئے جو اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہونے اور قیامت برپا

وَ	الْيَوْمَ	الْاٰخِرَ	وَ	مَنْ	يَّتَوَلَّ	فَ	اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	الْغَنِيُّ
اور	دن	آخری۔ قیامت	اور	جو شخص	پھر گیا	پس	بے شک	اللہ تعالیٰ	وہ	غیر محتاج

وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ

ہونے کی امید رکھتا ہے اور جو شخص پھر گیا تو یقیناً اللہ تعالیٰ ہی غیر محتاج

الْحَمِيْدُ ۝	عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ	يَّجْعَلَ	بَيْنَ	كُمْ	وَ	بَيْنَ	الَّذِيْنَ
تعریف کیا گیا	قریب ہے	اللہ تعالیٰ	کہ	وہ بنادے	درمیان	تمہارے	اور	درمیان	جو لوگ

اَلْحَمِيْدُ ۝ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ

صاحب اوصاف ہے۔ بہت ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے اور ان لوگوں کے درمیان جن میں سے بعض سے

عَادَيْتُمْ	مِّنْ	هُمْ	مَّوَدَّةً	وَ	اللّٰهُ	قَدِيْرٌ	وَ	اللّٰهُ	غَفُوْرٌ
دشمنی کی تم نے	سے	ان	دوستی	اور	اللہ تعالیٰ	طاقتور	اور	اللہ تعالیٰ	بخشنے والا

عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

تم نے دشمنی کی ہے دوستی پیدا کردے اور اللہ تعالیٰ طاقتور ہے اور حق تعالیٰ بہت بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ۝	لَا	يَنْهٰى	كُمُ	اللّٰهُ	عَنِ	الَّذِيْنَ	لَمْ	يُقَاتِلُوْ	كُمْ
بار بار رحم کرنے والا	نہیں	روکتا	تمہیں	اللہ تعالیٰ	سے	جو لوگ	نہیں	لڑے وہ	تم

رَّحِيْمٌ ۝ لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ

بار بار رحم کرنے والا ہے، خدا تعالیٰ ان لوگوں سے جنہوں نے دین کے بارے میں تم سے لڑائی نہیں کی

فِي	الدِّيْنِ	وَ	لَمْ	يُخْرِجُوْ	كُمْ	مِّنْ	دِيَارِ	كُمْ	اَنْ	تَبَرُّوْ	هُمْ
میں	دین	اور	نہ	نکالا انہوں نے	تمہیں	سے	گھروں	تمہارے	کہ	تم نیکی کرو	ان

فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ

اور نہ تمہیں انہوں نے تمہارے گھروں سے نکالا تمہیں نیک برتاؤ کرنے

وَ	تُقْسِطُوْٓا	اِلَى	هِمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُقْسِطِيْنَ ۝
اور	انصاف کرو تم	طرف	ان	بیشک	اللہ تعالیٰ	وہ پسند کرتا ہے	انصاف کرنے والے

وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝

اور ان سے انصاف کرنے سے نہیں روکتا، یقیناً اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے

اِنَّ	مَا	يَنْهٰى	كُمُ	اللّٰهُ	عَنِ	الَّذِيْنَ	قٰتَلُوْ	كُمْ	فِي	الدِّيْنِ
صرف		وہ منع کرتا ہے	تمہیں	اللہ تعالیٰ	سے	جو لوگ	لڑے وہ	تم	میں	دین

اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ

اللہ کریم تمہیں صرف ان لوگوں سے روکتا ہے جنہوں نے دینی معاملات میں تم سے جنگ کی

وَ	اَخْرَجُوْ	كُمْ	مِّنْ	دِيَارِ	كُمْ	وَ	ظٰهَرُوْا	عَلٰٓى	اِخْرَاجِ	كُمْ
اور	نکالا انہوں نے	تمہیں	سے	گھروں	تمہارے	اور	مدد کی انہوں نے	اوپر، خلاف	نکال۔ دینا	تمہارا

وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ

اور تمہیں نکال باہر کیا تمہارے اپنے ہی گھروں سے اور تمہارے نکالنے میں دوسروں کی پیٹھ ٹھونکی

اَنْ	تَوَلَّوْ	هُمْ	وَ	مَنْ	يَّتَوَلَّ	هُمْ	فَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ ۝
کہ	دوستی کرو تم	ان	اور	جو شخص	دوستی رکھیگا	ان	پس	وہ لوگ	وہ	ظلم کرنے والے

اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝٩

کہ تم ان سے دوستی کرو اور جو شخص بھی ان سے دوستی رکھیگا تو وہی لوگ ظالم ہوں گے

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِذَا	جَآءَ	كُمُ	الْمُؤْمِنٰتُ	مُهٰجِرٰتٍ
اے	لوگو جو	ایمان لائے	جب	آئیں	تمہارے	ایماندار عورتیں	ہجرت کرنے والیاں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ

اے ایمان والو جب تمہارے پاس ایمان دار مہاجر عورتیں آئیں

فَ	امْتَحِنُوْهُنَّ	اَللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِ	اِيْمَانِ	هِنَّ	فَ	اِنْ	عَلِمْتُمُوْ	هُنَّ
پس	امتحان لو تم ان کا	اللہ تعالیٰ	خوب جانتا ہے	ساتھ	ایمان	ان	پس	اگر	جان لو تم	انہیں

فَامْتَحِنُوْهُنَّ ۭ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ

تو اچھی طرح تم پرکھ لیا کرو اللہ تعالیٰ ہی ان کے ایمان کے بارے میں خوب علم رکھتا ہے پھر اگر تم بھی معلوم کرلو

مُؤْمِنٰتٍ	فَ	لَا	تَرْجِعُوْهُنَّ	اِلَى	الْكُفَّارِ	لَا	هُنَّ	حِلٌّ
ایماندار عورتیں	پس	نہ	لوٹاؤ تم انہیں	طرف	کافروں کے	نہ	وہ عورتیں	جائز ہونا

مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ۭ لَا هُنَّ حِلٌّ

کہ وہ ایماندار ہیں تو انہیں کافروں کی طرف مت لوٹاؤ نہ وہ عورتیں ان (کافروں)

لَّ	هُمْ	وَ	لَا	هُمْ	يَحِلُّوْنَ	لَ	هُنَّ	وَ	اٰتُوْ	هُمْ	مَّآ	اَنْفَقُوْا
واسطے	ان	اور	نہ	وہ مرد	حلال ہیں	واسطے	ان	اور	دو تم	انہیں	جو	خرچ کیا انہوں نے

لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ۭ وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ۭ

کے لئے جائز ہیں اور نہ وہ (کافر) ان عورتوں کے لئے جائز ہیں اور ان (کافروں) نے جو ان پر خرچ کیا ہو وہ انہیں دے دو

وَ	لَا	جُنَاحَ	عَلٰى	كُمْ	اَنْ	تَنْكِحُوْ	هُنَّ	اِذَآ	اٰتَيْتُمُوْ	هُنَّ
اور	نہیں	گناہ	اوپر	تمہارے	کہ	تم نکاح کرلو	ان عورتوں	جب	دے دو تم	انہیں

وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ

اور ان عورتوں سے نکاح کر لینے میں تمہارے لئے کوئی گناہ نہیں جب کہ تم انہیں ان کے

اُجُوْرَ	هُنَّ	وَ	لَا	تُمْسِكُوْا	بِ	عِصَمِ	الْكَوَافِرِ	وَ	سْئَلُوْا
حق مہر	ان عورتوں کے	اور	نہ	تھامے رہو چمٹے رہو	ساتھ	ناموس، عہدوپیمان	کافر عورتیں	اور	طلب کرو تم

اُجُوْرَهُنَّ ؕ وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَسْئَلُوْا

حق مہر بھی ادا کردو اور (مسلمانو) تم کافر عورتوں کے عہدوپیمان سے مت چمٹے رہو اور تم بھی (کفار سے)

مَآ	اَنْفَقْتُمْ	وَ	لْ	يَسْئَلُوْا	مَآ	اَنْفَقُوْا ؕ	ذٰلِكُمْ	حُكْمُ	اللّٰهِ ؕ
جو	تم نے خرچ کیا	اور	چاہیے	وہ طلب کریں	جو	انھوں نے خرچ کیا	یہ	فرمان	اللہ تعالیٰ

مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْئَلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ؕ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ؕ

اپنے اخراجات (نکاح کا) مطالبہ کرو اور انہیں بھی اپنے اخراجات (نکاح) کا مطالبہ کرنا چاہئے، یہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے

يَحْكُمُ	بَيْنَ	كُمْ ؕ	وَ	اللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ ○	وَ	اِنْ	فَاتَ	كُمْ
وہ حکم دیتا ہے۔ وہ فیصلہ کرتا ہے	درمیان	تمہارے	اور	اللہ تعالیٰ	خوب جاننے والا	حکمت والا۔ دانا	اور	اگر	ہاتھ سے نکل جائے	تمہارے

يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ○ وَاِنْ فَاتَكُمْ

وہ تمہارے درمیان فیصلہ فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور اگر تمہاری (کفار کی طرف جا نکلی)

شَيْءٌ	مِّنْ	اَزْوَاجِ	كُمْ	اِلَى	الْكُفَّارِ	فَ	عَاقَبْتُمْ	فَ	اٰتُوا
چیز۔ کچھ	سے	بیویاں	تمہاری	طرف	کافر لوگ	پس	پیچھا کیا تم نے۔ سزا دی تم نے	پس	دو تم

شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا

بیویوں کا کچھ (خرچہ) کفار کے ذمہ رہ گیا ہو تو پھر تم نے بدلہ لے لیا ہو تو تم بھی ان لوگوں کو جن کی بیویاں

الَّذِيْنَ	ذَهَبَتْ	اَزْوَاجُ	هُمْ	مِّثْلَ	مَآ	اَنْفَقُوْا ؕ	وَ	اتَّقُوا
جو لوگ	چلی گئیں	بیویاں	ان (کی)	جتنا	جو	خرچ کیا انہوں نے	پس	ڈرو تم

الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ؕ وَاتَّقُوا

تمہارے پاس (چلی آئیں) جتنا خرچ انہوں نے کیا ہو ادا کردو اور تم اللہ تعالیٰ سے

اللّٰهَ	الَّذِیٓ	اَنْتُمْ	بِ	هٖ	مُؤْمِنُوْنَ ○	يٰٓاَيُّهَا	النَّبِيُّ
اللہ تعالیٰ	جس	تم	ساتھ	اس	ایمان لانے والے	اے	نبی

اللّٰهَ الَّذِیْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ

ڈرتے رہو جس پر تم ایمان لائے ہو اے نبی المکرم !

اِذَا	جَآءَ	كَ	الْمُؤْمِنٰتُ	يُبَايِعْنَ	كَ	عَلٰٓى	اَنْ	لَّا	يُشْرِكْنَ
جب	آئیں	تیرے	ایمان دار عورتیں	وہ بیعت کریں	تیری	اوپر	کہ	نہیں	وہ شریک ٹھہرائیں گی

اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ

جب آپ کے پاس ایمان والی عورتیں آئیں وہ آپ سے اقرار بیعت اس بات پر کریں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے

بِ	اللّٰهِ	شَيْئًا	وَّ	لَا	يَسْرِقْنَ	وَ	لَا	يَزْنِيْنَ	وَ	لَا	يَقْتُلْنَ
ساتھ	اللہ تعالیٰ	چیز۔کچھ	اور	نہ	وہ چوری کریں گی	اور	نہ	وہ بدکاری کریں گی	اور	نہ	وہ قتل کریں گی

بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ

ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گی اور چوری نہیں کریں گی اور بدکاری کی مرتکب نہیں ہونگی، اپنی اولاد کو

اَوْلَادَ	هُنَّ	وَ	لَا	يَاْتِيْنَ	بِ	بُهْتَانٍ	يَّفْتَرِيْنَ	هٗ	بَيْنَ
بچے	اپنے	اور	نہ	آئیں گی وہ	ساتھ	الزام دینا	وہ گھڑلیں	اسے	درمیان

اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ

قتل نہیں کریں گی اور نہ کوئی ایسا بہتان باندھیں گی جسے وہ اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے

اَيْدِيْ	هِنَّ	وَ	اَرْجُلِ	هِنَّ	وَ	لَا	يَعْصِيْنَ	كَ	فِيْ	مَعْرُوْفٍ
ہاتھوں	ان	اور	پاؤں	ان	اور	نہ	نافرمانی کریں گی	تیری	میں	نیک بات

اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ

درمیان گھڑلائی ہوں (یعنی کسی کا بچہ اپنے خاوند سے منسوب نہیں کریں گی) اور نیک بات میں آپ کی نافرمانی نہیں

فَ	بَايِعْ	هُنَّ	وَ	اسْتَغْفِرْ	لَ	هُنَّ	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ
پس	بیعت لے لو	اُن (کی)	اور	معافی طلب کریں	واسطے	اُن کے	اللہ تعالیٰ	بیشک	اللہ تعالیٰ	بہت بخشنے والا

فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

کریں گی، تو آپ ان کی بیعت لے لیں اور ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے معافی بھی طلب کریں، بیشک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والے

رَحِيْمٌ ؀	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا	تَتَوَلَّوْا	قَوْمًا	غَضِبَ
بار بار رحم کرنے والا	اے	جو لوگ	ایمان لائے	نہ	دوست بناؤ تم	لوگ	غصہ کیا

رَحِيْمٌ ؀ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ

بار بار رحم کرنے والے ہیں اے ایمان والو ! ان لوگوں کو دوست مت بناؤ جن پر

اللّٰهُ	عَلَىْ	هِمْ	قَدْ	يَئِسُوْا	مِنَ	الْاٰخِرَةِ	كَ	مَا	يَئِسَ
اللہ تعالیٰ	اوپر	ان (کے)	تحقیق	وہ مایوس ہوگئے	سے	آخرت	جیسا	کہ	مایوس ہوگئے

اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ

خدا کا غضب بھڑکا وہ آخرت (کے چھٹکارے) سے مایوس ہو چکے جیسا کہ کافر

الْكُفَّارُ	مِنْ	اَصْحٰبِ	الْقُبُوْرِ ؀
کافر لوگ	سے	ساتھی - والے	قبروں

الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ؀

قبروں (میں مدفون) لوگوں سے ناامید ہو چکے ہیں

(۶۱) سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ (۱۰۹)

سورہ صف مدنی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ۱۴ رُكُوْعَاتُهَا ۲

اس کی ۱۴ آیات اور ۲ رکوع ہیں

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

سَبَّحَ	لِ	اللّٰهِ	مَا	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِي	الْاَرْضِ	وَهُوَ
پاکیزگی بیان کیا	واسطے	اللہ تعالیٰ	جو	میں	آسمانوں	اور	جو	میں	زمین	اور وہ

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ

جو چیز بھی آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے سب خدا کا پاکیزہ ہونا بیان کرتی ہے اور وہ

اَلْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ۝	يَاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لِ	مَ	تَقُوْلُوْنَ
غالب	حکمت والا	اے	لوگو جو	وہ ایمان لائے	واسطے	کس	تم کہتے ہو

اَلْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ

غالب حکمت والا ہے — اے ایمان والو — تم وہ بات کیوں کہتے ہو

مَا	لَا	تَفْعَلُوْنَ ۝	كَبُرَ	مَقْتًا	عِنْدَ	اللّٰهِ	اَنْ	تَقُوْلُوْا
جو	نہیں	تم کرتے ہو	بڑا ہوا	ناراضگی	نزدیک	اللہ تعالیٰ	کہ	کہو تم

مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا

جو تم خود عملاً نہیں کرتے — خدا کے نزدیک یہ بات بڑی ناراضگی کا باعث ہے کہ ایک بات کہو

مَا	لَا	تَفْعَلُوْنَ ۝	اِنَّ	اللّٰهَ	يُحِبُّ	الَّذِيْنَ	يُقَاتِلُوْنَ
جو	نہیں	تم کرتے ہو	بے شک	اللہ تعالیٰ	وہ پسند کرتا ہے	جو لوگ	وہ لڑائی کرتے ہیں

مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ

مگر خود اس پر عمل نہ کرو — بلاشبہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو پسند فرماتا ہے جو — اس کی

فِيْ	سَبِيْلِ	هٖ	صَفًّا	كَ	اَنَّ	هُمْ	بُنْيَانٌ	مَّرْصُوْصٌ ۝
میں	راستہ	اس	صف باندھ کر	گویا	کہ	وہ	عمارت	سیسہ پلائی ہوئی

فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ۝

راہ میں صف بستہ یک جان ہو کر لڑتے ہیں گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی عمارت ہیں

وَ	اِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِ	قَوْمِ	هٖ	يَا	قَوْمِ ي	لِ	مَ	تُؤْذُوْنَ	نِيْ
اور	جب	کہا	موسیٰ (نے)	واسطے	قوم	اپنی	اے	قوم میری	واسطے	کس	تم دکھ دیتے ہو	مجھے

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ

اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے خطاب کرتے ہوئے کہا اے میری قوم تم کس لئے مجھے دکھ دیتے ہو

وَ	قَدْ	تَّعْلَمُوْنَ	اَنْ	ىْ	رَسُوْلُ	اللّٰهِ	اِلَيْ	كُمْ	فَ	لَمَّا	زَاغُوْا
اور	تحقیق	تم جانتے ہو	کہ	میں	پیغمبر بھیجا ہوا	اللہ تعالیٰ	طرف	تمہارے	پس	جب	ٹیڑھے ہو گئے

وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ فَلَمَّا زَاغُوْا

حالانکہ تم جانتے ہو — کہ میں تمہاری طرف خدا کا بھیجا ہوا ہوں پھر جب (اس نصیحت کے بعد بھی) وہ

اَزَاغَ	اللّٰهُ	قُلُوْبَ	هُمْ	وَ	اللّٰهُ	لَا يَهْدِى	الْقَوْمَ	الْفٰسِقِيْنَ ۝
ٹیڑھا کر دیا	اللہ تعالیٰ	دل	اُن	اور	اللہ تعالیٰ	نہیں منزلِ مقصود تک پہنچاتا	لوگ	نافرمانی کرنیوالے

اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

ٹیڑھے ہی رہے تو اللہ تعالیٰ نے بھی انکے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا اور اللہ تعالیٰ نافرمان لوگوں کو منزلِ مقصود تک نہیں پہنچاتے

وَ	اِذْ	قَالَ	عِيْسَى	ابْنُ	مَرْيَمَ	يٰا	بَنِىْٓ	اِسْرَآءِيْلَ	
اور	جب	کہا	عیسیٰ	بیٹا	مریم	اے	بیٹے	اسرائیل (لقب یعقوب)	

وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ

اور جب عیسیٰ فرزندِ مریم نے کہا اے بنی اسرائیل

اِنَّ	ىْ	رَسُوْلُ	اللّٰهِ	اِلَى	كُمْ	مُصَدِّقًا	لِّ	مَا	بَيْنَ	يَدَىْ	ىَّ	
بے شک	میں	بھیجا ہوا	اللہ تعالیٰ	طرف	تمہارے	تصدیق کرنیوالا	واسطے	جو	درمیان	دونوں ہاتھ	میرے	

اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَىَّ

یقیناً میں بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہارے لئے رسول ہو کر آیا ہوں میرے سامنے جو تورات کا

مِنَ	التَّوْرٰىةِ	وَ	مُبَشِّرًا	بِ	رَسُوْلٍ	يَّاْتِىْ	مِنْ	بَعْدِى
سے	تورات	اور	خوشخبری دینے والا	ساتھ	پیغمبر	وہ آئے گا	سے	پیچھے میرے

مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًاۢ بِرَسُوْلٍ يَّاْتِىْ مِنْۢ بَعْدِى

حصہ ہے اس کی میں تصدیق کرتا ہوں اور تمہیں خوشخبری دیتا ہوں ایک رسول کی جو میرے بعد آئیگا

اسْمُ	هٗٓ	اَحْمَدُ	فَ	لَمَّا	جَآءَ	هُمْ	بِ	الْبَيِّنٰتِ	قَالُوْا
نام	اس کا	احمد (بہت تعریف کرنیوالا)	پس	جب	آیا وہ	اُن	ساتھ	واضح دلائل	کہا انہوں نے

اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا

نام اس کا احمد ہوگا پھر جب وہ رسول ان کے پاس کھلے دلائل لے کر آیا بولے

هٰذَا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ ۝	وَ	مَنْ	اَظْلَمُ	مِنَ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	
یہ	جادو، فریب	ظاہر	اور	کون	زیادہ ظالم	سے	جو	اس نے گھڑ لیا	

هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى

یہ تو محض فریب ہے اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کوئی ہو ہی نہیں سکتا

عَلَی	اللهِ	الْكَذِبَ	وَ	هُوَ	يُدْعٰى	اِلَى	الْاِسْلَامِ	وَ	اللهُ
اوپر	اللہ تعالیٰ	جھوٹ	اور	وہ	بلایا گیا	طرف	اسلام	اور	اللہ تعالیٰ

عَلَى اللهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰى اِلَى الْاِسْلَامِ وَاللهُ

جو خدا تعالیٰ پر جھوٹ باندھے — حالانکہ وہ اسلام کی طرف بلایا جاتا ہو — اور اللہ تعالیٰ

لَا	يَهْدِى	الْقَوْمَ	الظّٰلِمِيْنَ ○	يُرِيْدُوْنَ	لِ	يُطْفِئُوْا
نہیں وہ ہدایت دیتا		لوگ	ظلم کرنے والے	وہ چاہتے ہیں	تاکہ	وہ بجھادیں

لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ○ يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِئُوْا

ظالم قوم کو — کامیابی کی راہ نہیں سمجھاتے — وہ چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے

نُوْرَ	اللهِ	بِ	اَفْوَاهِ	هِمْ	وَ	اللهُ	مُتِمُّ	نُوْرِ	هٖ	وَ	لَوْ	كَرِهَ
روشنی	اللہ تعالیٰ	ساتھ	مونہوں	اپنے	اور	اللہ تعالیٰ	پورا کرنیوالا	روشنی	اس	اور	اگر	ناپسند کریں

نُوْرَ اللهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ

نور کو اپنے مونہوں کی پھونکوں سے بجھادیں — اور اللہ تعالیٰ اپنے نور کو پورا کرکے چھوڑیگا خواہ — کافر

الْكٰفِرُوْنَ ○	هُوَ	الَّذِىْٓ	اَرْسَلَ	رَسُوْلَ	هٗ	بِ	الْهُدٰى
انکار کرنے والے	وہ	جس	بھیجا اس نے	پیغمبر	اپنا	ساتھ	ہدایت

الْكٰفِرُوْنَ ○ هُوَ الَّذِىْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى

ناپسند ہی کیوں نہ کریں — وہی تو ہے جس نے اپنا رسول — ہدایت اور — دین حق

وَ	دِيْنِ	الْحَقِّ	لِ	يُظْهِرَ	هٗ	عَلَى	الدِّيْنِ	كُلِّ	هٖ	وَ	لَوْ	كَرِهَ
اور	دین	برحق	تاکہ	وہ غالب کرے	اسے	اوپر	دین	تمام	اس	اور	اگر	ناپسند کریں

وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ

دے کر بھیجا — تاکہ وہ اسے تمام دینوں پر غالب کردے — خواہ مشرک لوگ

الْمُشْرِكُوْنَ ○	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	هَلْ	اَدُلُّ	كُمْ
شرک کرنے والے	اے	لوگو جو	ایمان لائے	کیا	میں بتاؤں	تمہیں

الْمُشْرِكُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ ١ ع ٩ ٩

ناپسند ہی کریں — اے ایمان دارو — کیا میں — ایسی

عَلٰى	تِجَارَةٍ	تُنْجِيْ	كُمْ	مِّنْ	عَذَابٍ	اَلِيْمٍ ○	تُؤْمِنُوْنَ
اوپر	تجارت	چھٹکارا دلائے	تمہیں	سے	دکھ	درد ناک	تم ایمان لاتے ہو

عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ○ ١٠ تُؤْمِنُوْنَ

تجارت کا پتہ دوں جو تمہیں دردناک عذاب سے چھٹکارا دلائے (وہ یہ ہے کہ)

بِ	اللّٰهِ	وَ	رَسُوْلِ	هٖ	وَ	تُجَاهِدُوْنَ	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ
ساتھ	اللہ تعالیٰ	اور	بھیجا ہوا	اس	اور	تم جہاد کروگے	میں	راستہ	اللہ تعالیٰ

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور تم راہ خدا میں اپنے مالوں

بِ	اَمْوَالِ	كُمْ	وَ	اَنْفُسِ	كُمْ	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَ	كُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ
ساتھ	مالوں	تمہارے	اور	جانوں	تمہاری	یہ	بہتر	واسطے	تمہارے	اگر	ہو تم

بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کرو اگر تمہیں پتہ ہو تو یہ تمہارے لئے

تَعْلَمُوْنَ ○	يَغْفِرْ	لَ	كُمْ	ذُنُوْبَ	كُمْ	وَ	يُدْخِلْ	كُمْ	جَنّٰتٍ
تم جانتے ہو	وہ معاف کریگا	واسطے	تمہارے	گناہ	تمہارے	اور	وہ داخل کریگا	تمہیں	باغوں

تَعْلَمُوْنَ ○ ١١ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ

بہتر ہوگا وہ تمہارے گناہ بھی تمہیں معاف کردے گا اور تمہیں ایسے باغات میں داخل

تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِ	هَا	الْاَنْهٰرُ	وَ	مَسٰكِنَ	طَيِّبَةً	فِيْ
بہتی ہیں	سے	نیچے	اس	نہریں	اور	رہنے کی جگہ	پاکیزہ	میں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ

کریگا جس کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی اور پاکیزہ ٹھکانے جو دائمی

جَنّٰتِ	عَدْنٍ	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ ○	وَ	اُخْرٰى
باغات	ہمیشہ رہنا، وطن بنالینا	یہ	کامیابی	بڑی	اور	دوسری بات۔ اور بات

جَنّٰتِ عَدْنٍ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○ ١٢ وَاُخْرٰى

بہشتوں میں (بنے ہوں گے) یہ ہے بڑی کامیابی اور ایک دوسری (آرزو)

تُحِبُّوْنَ	هَا	نَصْرٌ	مِّنَ	اللّٰهِ	وَ	فَتْحٌ	قَرِيْبٌ	وَ	بَشِّرِ
تم پسند کرتے ہو	اسے	مدد	سے	اللہ تعالیٰ	اور	فتح	نزدیک	اور	خوشخبری دے دو

تُحِبُّوْنَهَا ۭ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَتْحٌ قَرِيْبٌ ۭ وَ بَشِّرِ

جسے تم بہت چاہتے ہو یعنی خدا کی طرف سے مدد اور جلد حاصل ہونیوالی فتح اور (اے محمد) مومنوں کو (اس کی بھی)

الْمُؤْمِنِيْنَ ○	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	كُوْنُوْۤا	اَنْصَارَ	اللّٰهِ
ایمان والے	اے	لوگو جو	ایمان لائے وہ	ہو جاؤ تم	مددگار	اللہ تعالیٰ کے

الْمُؤْمِنِيْنَ ○ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ

خوشخبری دے دو — اے ایمان والو — اللہ تعالیٰ کے مددگار — بن جاؤ

كَ	مَا	قَالَ	عِيْسَى	ابْنُ	مَرْيَمَ	لِ	الْحَوَارِيّٖنَ	مَنْ	اَنْصَارِيْۤ
جیسا	کہ	کہا	عیسیٰ	بیٹا	مریم	واسطے	مخلص ساتھی (دین کی مدد کرنیوالے) مددگار	کون	مددگار میرا

كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْۤ

جیسا کہ عیسیٰ فرزند مریم نے — حواریوں سے کہا — کون ہے وہ جو اللہ کی طرف

اِلَى	اللّٰهِ ۭ	قَالَ	الْحَوَارِيُّوْنَ	نَحْنُ	اَنْصَارُ	اللّٰهِ	فَ	اٰمَنَتْ
طرف	اللہ تعالیٰ	کہا	حواریوں (نے)	ہم	مدد کرنے والے	اللہ تعالیٰ	پس	مان لیا

اِلَى اللّٰهِ ۭ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ

(دعوت دینے میں) میرا مددگار ہو — حواری بولے ہم ہیں اللہ تعالیٰ کے (دین کے) مددگار۔ (پھر انہوں نے تبلیغ کی)

طَّآئِفَةٌ	مِّنْ	بَنِيْۤ	اِسْرَآءِيْلَ	وَ	كَفَرَتْ	طَّآئِفَةٌ	فَ	اَيَّدْنَا
ایک گروہ	سے	بیٹے	اسرائیل (کے)	اور	انکار کیا	ایک گروہ	پس	ہم نے مدد کی

طَّآئِفَةٌ مِّنْ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ وَ كَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا

بنی اسرائیل میں سے ایک گروہ تو ایمان لے آیا — اور ایک گروہ نے انکار کر دیا — پھر ہم نے بھی

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	عَلٰى	عَدُوِّ	هِمْ	فَ	اَصْبَحُوْا	ظٰهِرِيْنَ ⑭
جو لوگ	ایمان لائے	اوپر	دشمن	ان	پس	ہو گئے وہ	غالب آنے والے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ⑭

ایمان دار گروہ کی ان کے دشمن کے خلاف مدد کی — تب وہ غالب — آ گئے

(۶۲) سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ (۱۱۰)

سورۂ جمعہ مدنی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ۱۱ ——— رُكُوْعَاتُهَا ۲

اس کی ۱۱ آیات اور ۲ رکوع ہیں

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

يُسَبِّحُ	لِ	اللّٰهِ	مَا	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِي	الْاَرْضِ	الْمَلِكِ
پاکیزگی بیان کرتا ہے	واسطے	اللہ تعالیٰ	جو	ہیں	آسمانوں	اور	جو	میں	زمین	بادشاہ

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ

ہر چیز جو آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کر رہی ہے جو حقیقی

الْقُدُّوْسِ	الْعَزِيْزِ	الْحَكِيْمِ ○	هُوَ	الَّذِيْ	بَعَثَ	فِي
تمام عیبوں سے پاک	غالب	حکمت والا	وہ	جس (نے)	بھیجا	میں

الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ○ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي

بادشاہ ہے تمام عیبوں سے پاک ہے طاقتور دانا ہے وہ ذات جس نے

الْاُمِّيّٖنَ	رَسُوْلًا	مِّنْ	هُمْ	يَتْلُوْا	عَلٰى	هِمْ	اٰيٰتِ	هٖ	وَ	يُزَكِّيْ	هِمْ
ان پڑھ لوگ	پیغمبر	سے	ان	وہ پڑھتا ہے	اوپر	ان کی	نشانیاں	اس	اور	پاک کرتا ہے	انہیں

الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ

ان پڑھ لوگوں میں انہیں میں سے ایک عظیم رسول بھیجا وہ ان پر آیتیں پڑھ کر سناتا ہے اور انہیں (شرک سے)

وَ	يُعَلِّمُ	هُمُ	الْكِتٰبَ	وَ	الْحِكْمَةَ	وَ	اِنْ	كَانُوْا	مِنْ	قَبْلُ
اور	سکھاتا ہے	انہیں	کامل کتاب	اور	دانائی	اور	اگر	تھے وہ	سے	پہلے

وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ

پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب اور دانشمندی کی باتیں سکھاتا ہے اور (اس کے آنے) سے پہلے وہ صریح

لَ	فِيْ	ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ ۝	وَّ	اٰخَرِيْنَ	مِنْ	هُمْ	لَمَّا	يَلْحَقُوْا
البتہ	میں	گمراہی	ظاہر	اور	دوسرے لوگ	سے	ان	ابھی نہیں	وہ ملے

لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا

گمراہی میں مبتلا تھے اور (ان کے علاوہ) دوسرے لوگ بھی انہیں میں سے ہیں جو ابھی ان سے

بِ	هِمْ ۚ	وَ	هُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ۝	ذٰلِكَ	فَضْلُ	اللّٰهِ
ساتھ	ان کے	اور	وہ	غالب	حکمت والا	یہ	مہربانی۔عنایت	اللہ تعالیٰ

بِهِمْ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ

نہیں ملے اور وہ غالب حکمت والا ہے یہ خدا کا کرم ہے جسے

يُؤْتِيْ	هِ	مَنْ	يَّشَآءُ ۚ	وَ	اللّٰهُ	ذُو	الْفَضْلِ	الْعَظِيْمِ ۝	مَثَلُ
دیتا ہے	اسے	جسے	وہ چاہتا ہے	اور	اللہ تعالیٰ	والا	مہربانی	بڑی	حالت

يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ مَثَلُ

وہ چاہتا ہے اسے نوازتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے ان لوگوں کی

الَّذِيْنَ	حُمِّلُوا	التَّوْرٰىةَ	ثُمَّ	لَمْ	يَحْمِلُوْ	هَا	كَ	مَثَلِ	الْحِمَارِ
جو لوگ	اٹھائے گئے	تورات	پھر	نہ	اٹھایا انہوں نے	اسے	مانند	حالت	گدھا

الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ

حالت جن پر تورات (پر عمل کی) ذمہ داری ڈالی گئی۔ پھر انہوں نے اس کی ذمہ داری پوری ادا نہ کی اس گدھے

يَحْمِلُ	اَسْفَارًا ۭ	بِئْسَ	مَثَلُ	الْقَوْمِ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا
اٹھاتا ہے	کتابیں	بری ہے	حالت	قوم	جو لوگ	جھٹلایا انہوں نے

يَحْمِلُ اَسْفَارًا ۭ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

جیسی ہے جو بڑی بڑی کتابیں اٹھا لیتا ہے لیکن ان سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا، کتنی بری مثال ان لوگوں کی ہے جنہوں نے

بِ	اٰيٰتِ	اللّٰهِ ۭ	وَ	اللّٰهُ	لَا	يَهْدِي	الْقَوْمَ	الظّٰلِمِيْنَ ۝
ساتھ	نشانیاں	اللہ تعالیٰ	اور	اللہ تعالیٰ	نہیں	ہدایت دیتا	لوگ	ظلم کرنے والے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

اللہ تعالیٰ کے نشانات کو جھٹلایا اور اللہ تعالیٰ ظالم قوم کو کامیابی کی راہ نہیں دکھاتے

قُلْ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	هَادُوْٓا	اِنْ	زَعَمْتُمْ	اَنَّ	كُمْ
تو کہہ	اے	لوگو جو	یہودی ہوئے	اگر	خیال کیا تم نے	کہ	تم

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ

آپ کہہ دیجئے اے یہودیو! اگر تمہیں یہ دعوے ہے کہ تم ہی باقی لوگوں کو

اَوْلِيَآءُ	لِ	اللّٰهِ	مِنْ	دُوْنِ	النَّاسِ	فَ	تَمَنَّوُا	الْمَوْتَ	اِنْ
دوست	واسطے	اللہ تعالیٰ	سے	سوائے	لوگوں	پس	خواہش کرو تم	مرنا	اگر

اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ

چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کے دوست ہو تو موت کی آرزو کرو (مباہلہ کرو) اگر

كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ۝	وَ	لَا	يَتَمَنَّوْنَ	هٗ	اَبَدًا	بِ	مَا	قَدَّمَتْ
ہو تم	سچے	اور	نہ	آرزو کریں گے وہ	اس	کبھی	سبب	جو	بھیجا

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ

تم سچے ہو اور کبھی وہ موت کی آرزو نہیں کریں گے اپنے ان اعمال کی وجہ سے

اَيْدِيْ	هِمْ	وَ	اللّٰهُ	عَلِيْمٌ	بِ	الظّٰلِمِيْنَ ۝	قُلْ	اِنَّ
ہاتھوں	ان	اور	اللہ تعالیٰ	خوب جاننے والا	ساتھ	ظلم کرنے والے	تو کہہ	بے شک

اَيْدِيْهِمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝ قُلْ اِنَّ

جو ان کے ہاتھوں سر انجام پا چکے اور اللہ تعالیٰ ظالموں کو خوب جانتے ہیں آپ کہہ دیجئے جس

الْمَوْتَ	الَّذِيْ	تَفِرُّوْنَ	مِنْ	هُ	فَ	اِنَّ	هٗ	مُلٰقِيْ	كُمْ	ثُمَّ
موت	جس	تم بھاگتے ہو	سے	اس	پس	بیشک	وہ	ملنے والی (ہے)	تمہیں	پھر

الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ

موت سے تم بھاگتے ہو وہ تمہیں (ایک دن) آلے گی پھر تم

تُرَدُّوْنَ	اِلٰى	عٰلِمِ	الْغَيْبِ	وَ	الشَّهَادَةِ	فَ	يُنَبِّئُ	كُمْ
لوٹائے جاؤ گے تم	طرف	جاننے والا	پوشیدہ بات	اور	موجود۔ ظاہر	پس	وہ آگاہ کریگا	تمہیں

تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ

لوٹائے جاؤ گے پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والے خدا کی طرف پھر وہ تمہیں آگاہ کر دے گا

بِ	مَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ ع	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا
ساتھ	جو	تھے تم	تم عمل کرتے ہو	اے	لوگو جو	ایمان لائے

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٨ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

جو تم کرتے رہتے ہو گے اے ایمان والو

اِذَا	نُوْدِيَ	لِ	الصَّلٰوةِ	مِنْ	يَّوْمِ	الْجُمُعَةِ	فَ	اسْعَوْا
جب	پکارا جائے	واسطے	نماز	سے	دن	جمعہ	پس	جلدی چلو تم

اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا

جب جمعہ کے دن نماز کے لئے پکارا جائے تو اللہ تعالیٰ کے

اِلٰى	ذِكْرِ	اللّٰهِ	وَ	ذَرُوا	الْبَيْعَ ط	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَّ	كُمْ
طرف	یاد	اللہ تعالیٰ	اور	چھوڑ دو تم	خرید و فروخت	یہ	بہتر ہے	واسطے	تمہارے

اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ط ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

ذکر کی طرف تیزی سے پہنچو اور خرید و فروخت چھوڑ دو یہ تمہارے لئے بہتر ہے

اِنْ	كُنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ ۝	فَ	اِذَا	قُضِيَتِ	الصَّلٰوةُ
اگر	ہو تم	تم جانتے ہو	پس	جب	پوری ہو جائے	نماز

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝٩ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ

اگر تم سمجھو پھر جب نماز پوری ہو جائے

فَ	انْتَشِرُوْا	فِي	الْاَرْضِ	وَ	ابْتَغُوْا	مِنْ	فَضْلِ
پس	پھیل جاؤ تم	میں	زمین	اور	تلاش کرو تم	سے	عنایت

فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ

تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ تعالیٰ کا فضل (روزی) تلاش کرو

اللّٰهِ	وَ	اذْكُرُوا	اللّٰهَ	كَثِيْرًا	لَعَلَّ	كُمْ	تُفْلِحُوْنَ ۝
اللہ تعالیٰ	اور	یاد کرو تم	اللہ تعالیٰ	بہت	تا کہ	تم	تم کامیاب ہوتے ہو

اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝١٠

اور اللہ تعالیٰ کو بہت ہی یاد کیا کرو تاکہ تم اپنی مرادیں پا لو

وَ	اِذَا	رَاَوْا	تِجَارَةً	اَوْ	لَهْوَا	انْفَضُّوْٓا	اِلَيْ	هَا	وَ	تَرَكُوْ	كَ
اور	جب	دیکھا انہوں نے	تجارت	یا	تماشا	دوڑ پڑے	طرف	اس	اور	چھوڑ دیا انہوں نے	تجھے

وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ

اور (بعض لوگ) جب کوئی تجارت یا کھیل (کا سامان) دیکھتے ہیں تو اس کی جانب لپکتے ہیں اور تجھے

قَآئِمًا	قُلْ	مَا	عِنْدَ	اللّٰهِ	خَيْرٌ	مِّنَ	اللَّهْوِ	وَ	مِنَ
کھڑا ہوا	تو کہہ	جو	پاس	اللہ تعالیٰ	بہتر ہے	سے	تماشا	اور	سے

قَآئِمًا قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ

کھڑا ہوا چھوڑ دیتے ہیں، کہہ دیجئے جو خدا کے پاس ہے وہ کھیل تماشے اور

التِّجَارَةِ	وَ	اللّٰهُ	خَيْرُ	الرّٰزِقِيْنَ ۝
تجارت	اور	اللہ تعالیٰ	بہتر	رزق دینے والے

التِّجَارَةِ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

تجارت سے کہیں بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ سب سے بہتر روزی رساں ہے

(٦٣) سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ مَدَنِيَّةٌ (١٠٤)

سورہ منافقون مدنی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ١١ ——— رُكُوْعَاتُهَا ٢

اس کی ١١ آیات ——— اور ——— ٢ رکوع ہیں

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والے ہیں

اِذَا	جَآءَ	كَ	الْمُنٰفِقُوْنَ	قَالُوْا	نَشْهَدُ	اِنَّ	كَ	لَ	رَسُوْلُ
جب	آیا۔ آئے	تیرے	دوغلے لوگ	کہا انہوں نے	ہم گواہی دیتے ہیں	بیشک	تو	البتہ	بھیجا ہوا

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ

(اے نبی المکرم) جب آپ کے پاس منافق لوگ آتے ہیں (صرف زبانی طور پر) کہتے ہیں ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ

اللّٰهِ	وَ	اللّٰهُ	يَعْلَمُ	اِنَّ	كَ	لَ	رَسُوْلُ	هٗ	وَ	اللّٰهُ	يَشْهَدُ	اِنَّ
اللہ تعالیٰ کا	اور	اللہ تعالیٰ	جانتا ہے	بے شک	تو	البتہ	بھیجا ہوا	آپ کا	اور	اللہ تعالیٰ	گواہی دیتا ہے	بیشک

اللّٰهِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ

اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں، حالانکہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ واقعی آپ اس کے رسول ہیں، اور خدا تعالیٰ ظاہر کرتا ہے

الْمُنٰفِقِيْنَ	لَ	كٰذِبُوْنَ ۝	اِتَّخَذُوْٓا	اَيْمَانَ	هُمْ	جُنَّةً
منافق لوگ	البتہ	جھوٹے ہیں	انہوں نے پکڑا	قسمیں	اپنی	ڈھال

الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۝ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً

(کہ دل سے نہ ماننے کے باعث) منافق دراصل جھوٹے ہیں، انہوں نے تو اپنی قسموں کو (اپنی مطلب برآری کیلئے) ڈھال بنا

فَ	صَدُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	اِنَّ	هُمْ	سَآءَ	مَا	كَانُوْا
پس	وہ روکتے ہیں	سے	راستہ	اللہ تعالیٰ	بے شک	وہ	برا ہے	جو	تھے وہ

فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا

رکھا ہے، پھر وہ (اوروں کو بھی) راہ خدا سے روکتے ہیں، بلاشبہ در اصل ان کے سارے اعمال ہی

يَعْمَلُوْنَ ۝	ذٰلِكَ	بِ	اَنَّ	هُمْ	اٰمَنُوْا	ثُمَّ	كَفَرُوْا	فَ	طُبِعَ	عَلٰى
وہ کرتے ہیں	یہ	وجہ سبب	کہ	وہ	ایمان لائے وہ	پھر	کفر کیا انہوں نے	پس	مہر کی گئی	اوپر

يَعْمَلُوْنَ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى

برے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ پہلے تو وہ (ظاہراً) ایمان لے آئے پھر انہوں نے کفر کیا، سو ان کے

قُلُوْبِ	هِمْ	فَ	هُمْ	لَا	يَفْقَهُوْنَ ۝	وَ	اِذَا	رَاَيْتَ	هُمْ	تُعْجِبُ	كَ
دلوں	ان	پس	وہ	نہیں	وہ سمجھتے ہیں	اور	جب	تو نے دیکھا	انہیں	خوش کیا	تجھے

قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝ وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ

دلوں پر مہر لگا دی گئی پس وہ عقل سے کام نہیں لیتے اور جب آپ ان کے ڈیل ڈول کو دیکھتے ہیں

اَجْسَامُ	هُمْ	وَ	اِنْ	يَّقُوْلُوْا	تَسْمَعْ	لِ	قَوْلِ	هِمْ	كَ	اَنَّ	هُمْ
جسموں نے	ان	اور	اگر	وہ بات کہتے ہیں	تو سنتا ہے	واسطے	بات	ان کی	گویا	کہ	وہ

اَجْسَامُهُمْ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ كَاَنَّهُمْ

تو آپ کو انکے قد و جسم خوب لگتے ہیں، اور اگر وہ کوئی بات کریں تو آپ ان کی بات کو غور سے سنتے ہیں (لیکن [illegible]) گویا

وقف لازم

خُشُبٌ	مُّسَنَّدَةٌ	يَحْسَبُوْنَ	كُلَّ	صَيْحَةٍ	عَلَى	هِمْ
لکڑیاں	سہارا دی گئیں	وہ خیال کرتے ہیں	ہر۔ تمام	چیخ۔ غل	اوپر	ان (کے)

خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ۭ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ۭ

وہ لکڑی کے ان کھمبوں کی طرح ہیں جو سہارا دے کر کھڑے کئے گئے ہوں ہر چیخ آواز کو اپنے اوپر (بلا وارد ہوتا) تصور کرتے

هُمُ	الْعَدُوُّ	فَ	احْذَرْ	هُمْ	قٰتَلَ	هُمُ	اللّٰهُ	اَنّٰى	يُؤْفَكُوْنَ
وہ	دشمن	پس	بچ تو	ان	موت دے	انہیں	اللہ تعالیٰ	کدھر	وہ پھیرے جاتے ہیں

هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ۭ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۡ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ○

ہیں وہ تمہارے دشمن ہیں پس ان سے ہوشیار رہیے خدا کی مار ان پر کہاں بہکے پھرتے ہیں

وَ	اِذَا	قِيْلَ	لَ	هُمْ	تَعَالَوْا	يَسْتَغْفِرْ	لَ	كُمْ	رَسُوْلُ	اللّٰهِ
اور	جب	کہا گیا	واسطے	ان	آؤ تم	بخشش طلب کرے	واسطے	تمہارے	بھیجا ہوا	اللہ تعالیٰ کا

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

اور جب انہیں کہا جاتا ہے (ادھر) آؤ (مجلس رسول میں) رسول خدا تمہارے حق میں مغفرت کی دعا کریں

لَوَّوْا	رُءُوْسَ	هُمْ	وَ	رَاَيْتَ	هُمْ	يَصُدُّوْنَ	وَ	هُمْ	مُّسْتَكْبِرُوْنَ
موڑ لیتے ہیں	سروں	ان	اور	تو نے دیکھا	انہیں	وہ رک جاتے ہیں	اور	وہ	تکبر کرتے ہیں

لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ○

اپنا سر (انکار کے انداز میں) موڑ لیتے ہیں اور آپ انہیں دیکھتے ہیں وہ رک جاتے ہیں اور (اظہار) تکبر کرتے ہیں

سَوَآءٌ	عَلَى	هِمْ	اَسْتَغْفَرْتَ	لَ	هُمْ	اَمْ	لَمْ	تَسْتَغْفِرْ
برابر	اوپر	ان	کیا بخشش مانگی تو نے	واسطے	ان	یا	نہ	بخشش مانگی تم نے

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ

ان کے لئے آپ مغفرت طلب کریں یا نہ کریں یکساں بات ہے

لَ	هُمْ	لَنْ	يَّغْفِرَ	اللّٰهُ	لَ	هُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يَهْدِي
واسطے	ان (کے)	ہرگز	معاف کریگا	اللہ تعالیٰ	واسطے	ان	بے شک	اللہ تعالیٰ	نہیں	کامیابی کی راہ دکھاتا

لَهُمْ ۭ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي

اللہ تعالیٰ ہرگز انہیں معاف نہیں کرے گا یقیناً اللہ تعالیٰ ایسے نافرمان لوگوں کو

الْقَوْمَ	الْفٰسِقِيْنَ ○	هُمُ	الَّذِيْنَ	يَقُوْلُوْنَ	لَا	تُنْفِقُوْا
لوگ	نافرمانی کرنے والے	وہ	لوگ جو	کہتے ہیں وہ	نہ	خرچ کرو تم

الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا

لوگ ۔ کامیابی کی راہ نہیں دکھاتے ۔ یہ وہی تو ہیں جو کہا کرتے ہیں ۔ جو ۔ لوگ

عَلٰى	مَنْ	عِنْدَ	رَسُوْلِ	اللّٰهِ	حَتّٰى	يَنْفَضُّوْا ؕ	وَ	لِ اللّٰهِ
اوپر	جو شخص	پاس	پیغمبر	اللہ تعالیٰ	یہاں تک	منتشر ہو جائیں وہ	اور	واسطے اللہ تعالیٰ

عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَ لِلّٰهِ

خدا کے رسول کے پاس (رہتے) ہیں ان پر خرچ مت کرو یہاں تک کہ (تنگ آکر) وہ خود بخود دوڑ جائیں حالانکہ

خَزَآئِنُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ لٰكِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ
خزانے	آسمانوں	اور	زمین (کے)	اور لیکن	منافق لوگ

خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ

آسمانوں اور زمین کے تمام خزانے اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہیں ۔ لیکن ۔ منافق لوگ

لَا	يَفْقَهُوْنَ ○	يَقُوْلُوْنَ	لَ	ئِنْ	رَّجَعْنَآ	اِلَى	الْمَدِيْنَةِ
نہیں	وہ سمجھتے ہیں	وہ کہتے ہیں	البتہ	اگر	ہم لوٹے	طرف	مدینہ ۔ شہر

لَا يَفْقَهُوْنَ ۝ يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ

نہیں سمجھتے ۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر ہم (غزوۂ بنی مصطلق یا تبوک) سے واپس (صحیح سلامت) مدینے

لَ	يُخْرِجَنَّ	الْاَعَزُّ	مِنْ	هَا	الْاَذَلَّ ؕ	وَ	لِ اللّٰهِ	الْعِزَّةُ	وَ	لِ	رَسُوْلِ هٖ
البتہ	نکال دے گا	زیادہ عزت والا	سے	اس	زیادہ ذلیل (کو)	اور	واسطے اللہ کے	عزت	اور	واسطے	پیغمبر (اس کے)

لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ

لوٹ گئے تو اس کا معزز ترین شخص اس سے ذلیل ترین شخص کو نکال دیگا، حالانکہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اور

وَ لِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	لٰكِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ	لَا	يَعْلَمُوْنَ ○ ع
اور واسطے	ایمان والے	اور	لیکن	منافق لوگ	نہیں	وہ جانتے ہیں

وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ ع

ایمان والوں کے لئے ہی حقیقی عزت ہے، لیکن منافقین نہیں جانتے

ع ۱۷

یٰاَیُّهَا	الَّذِیْنَ	اٰمَنُوْا	لَا	تُلْهِ	كُمْ	اَمْوَالُ	كُمْ	وَ	لَآ	اَوْلَادُ	كُمْ
اے	لوگو جو	ایمان لائے ہو	نہ	غافل کرے	تمہیں	مال	تمہارے	اور	نہ	اولاد	تمہاری

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ

اے ایمان والو تمہارے مال اور نہ تمہاری اولاد ذکر خدا سے

عَنْ	ذِكْرِ	اللّٰهِ	وَ	مَنْ	يَّفْعَلْ	ذٰلِكَ	فَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ
سے	یاد کرنا	اللہ تعالیٰ	اور	جو	کرے گا	یہ	پس	وہ لوگ	وہ

عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

تمہیں غافل نہ کردے اور جو ایسا کرے گا بس وہی گھاٹا اٹھانے والے

الْخٰسِرُوْنَ ○	وَ	اَنْفِقُوْا	مِنْ	مَّا	رَزَقْنَا	كُمْ	مِّنْ	قَبْلِ
گھاٹا اٹھانے والے	اور	خرچ کرو تم	سے	جو	دیا ہم نے	تمہیں	سے	پہلے

الْخٰسِرُوْنَ ۝ وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ

ہوں گے اور جو ہم نے تمہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرو قبل اس کے کہ

اَنْ	يَّاْتِيَ	اَحَدَ	كُمُ	الْمَوْتُ	فَ	يَقُوْلَ	رَبِّ	لَوْ	لَآ	اَخَّرْتَ	نِيْ
کہ	آجائے	ایک	تم	موت	پس	وہ کہے گا	اے پروردگار میرا	کیوں	نہ	پیچھے ہٹا دیا تو نے	مجھے

اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِيْٓ

تم میں سے کسی کو موت آجائے پھر وہ کہنے لگے اے میرے رب تو نے مجھے تھوڑی سی

اِلٰٓى	اَجَلٍ	قَرِيْبٍ	فَ	اَصَّدَّقَ	وَ	اَكُنْ	مِّنَ	الصّٰلِحِيْنَ ○
طرف	مقررہ وقت	نزدیک	پس	میں صدقہ کرتا خیرات کرتا	اور	ہوجاتا میں	سے	نیکی کرنے والے

اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ ۱۰

مدت تک اور مہلت کیوں نہ دی کہ میں خیرات کرتا اور میں بھی نیک لوگوں میں شمار ہوتا

وَ	لَنْ	يُّؤَخِّرَ	اللّٰهُ	نَفْسًا	اِذَا	جَآءَ	اَجَلُ	هَا ۭ	وَ	اللّٰهُ
اور	ہرگز نہ	پیچھے کریگا مہلت دیگا	اللہ تعالیٰ	جان	جب	آیا	مقررہ وقت	اس (کا)	اور	اللہ تعالیٰ

وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ۭ وَاللّٰهُ

حالانکہ اللہ تعالیٰ کسی جان کو جب اس کا مقررہ وقت آجائے ہرگز مہلت نہیں دیا کرتا اور اللہ تعالیٰ

خَبِيْرٌ	بِ	مَا	تَعْمَلُوْنَ ۴
خوب جاننے والا	ساتھ	جو	تم عمل کرتے ہو

خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۴

جو تم کرتے ہو اس سے باخبر ہے

ع٢

(٦٤) سُوْرَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ (١٠٨)

سورہ تغابن مدنی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ١٨ ——— رُكُوْعَاتُهَا ٢

اس کی ١٨ آیات ——— اور ——— دو رکوع ہیں

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

يُسَبِّحُ	لِ	اللّٰهِ	مَا	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَ	مَا	فِي	الْاَرْضِ ج
پاکیزہ ہونا بیان کرتا ہے	واسطے	اللہ تعالیٰ	جو	میں	آسمانوں	اور	جو	میں	زمین

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ج ١

ہر چیز جو آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے وہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح کر رہی ہے

لَ	هُ	الْمُلْكُ	وَ	لَ	هُ	الْحَمْدُ	وَ	هُوَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ ۝
واسطے	اس	بادشاہت	اور	واسطے	اس	تمام تعریف	اور	وہ	اوپر	ہر	چیز	طاقت والا

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

بادشاہت اسی کی ہے اور کامل تعریف بھی اسی کا حق ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے

هُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	كُمْ	فَ	مِنْ	كُمْ	كَافِرٌ	وَ	مِنْ	كُمْ	مُّؤْمِنٌ ط
وہ	جس نے	پیدا کیا	تمہیں	پس	سے	تم	انکار کرنے والا	اور	سے	تم	ایمان لانے والا

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ط

وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا پس تم میں سے کچھ لوگ کافر بن گئے اور تم میں سے کچھ ایماندار بن گئے

وَ	اللّٰهُ	بِ	مَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ ۝	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ
اور	اللہ تعالیٰ	ساتھ	جو	تم کرتے ہو	دیکھنے والا	پیدا کیا اس نے	آسمانوں

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

اور جو اعمال تم بجالاتے ہو اللہ تعالیٰ دیکھ رہا ہے   اس نے آسمانوں اور زمین کو

وَ	الْاَرْضَ	بِ	الْحَقِّ	وَ	صَوَّرَ	كُمْ	فَ	اَحْسَنَ	صُوَرَ	كُمْ
اور	زمین (کو)	ساتھ	ٹھیک	اور	تصویر بنائی اس نے	تمہاری	پس	بہت عمدہ	نقشہ بنایا	تمہارا

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ

خاص مصلحت کے ماتحت پیدا کیا ہے   اور اس نے تمہاری صورتیں بنائیں پس نہایت خوبصورت صورتیں بنائیں

وَ	اِلَى	هِ	الْمَصِيْرُ ۝	يَعْلَمُ	مَا	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ
اور	طرف	اس	لوٹنا	وہ جانتا ہے	جو	بیچ	آسمانوں	اور	زمین

وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اور اسی کی طرف (انجام کار تمہیں) لوٹنا ہے   جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے وہ اسے جانتا ہے

وَ	يَعْلَمُ	مَا	تُسِرُّوْنَ	وَ	مَا	تُعْلِنُوْنَ ؕ	وَ	اللّٰهُ	عَلِيْمٌ
اور	وہ جانتا ہے	جو	تم چھپاتے ہو	اور	جو	تم ظاہر کرتے ہو	اور	اللہ تعالیٰ	بہت جاننے والا

وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

اور جو تم چھپاتے ہو اور ظاہر کرتے ہو اسے بھی جانتا ہے   اور اللہ تعالیٰ سینوں کی

بِ	ذَاتِ	الصُّدُوْرِ ۝	اَ	لَمْ	يَاْتِ	كُمْ	نَبَؤُا	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
ساتھ	والی	سینوں	کیا	نہیں	آئی	تمہارے	خبر	جو لوگ	انکار کیا انہوں نے

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

(پوشیدہ باتوں تک) کو جانتا ہے   کیا تمہارے پاس ان لوگوں کی خبر نہیں آئی جو پہلے

مِنْ	قَبْلُ	فَ	ذَاقُوْا	وَبَالَ	اَمْرِ	هِمْ	وَ	لَ	هُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ ۝
سے	پہلے	پس	چکھا انہوں نے	برا انجام سزا	معاملہ	ان	اور	واسطے	ان	دکھ	دردناک

مِنْ قَبْلُ ؗ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

منکر ہوئے تھے   سو انہوں نے بھی اپنے برے کاموں کا مزا چکھا اور انکے کیلئے دردناک عذاب (تیار) ہے

ذٰلِكَ	بِ	اَنَّ	هٗ	كَانَتْ	تَّاْتِيْ	هِمْ	رُسُلُ	هُمْ	بِ	الْبَيِّنٰتِ	فَ	قَالُوْٓا
یہ	سبب	کہ	وہ	تھے	آتے	ان	پیغمبر	ان (کے)	ساتھ	کھلے نشانات	پس	کہا انہوں نے

ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا

اس کا سبب یہ ہوا کہ ان کے پاس ان کے رسول کھلے دلائل لے کر آتے تو انہوں نے کہا

اَ	بَشَرٌ	يَّهْدُوْنَ	نَا	فَ	كَفَرُوْا	وَ	تَوَلَّوْا	وَّ	اسْتَغْنَى	اللّٰهُ
کیا	آدمی	وہ راہ دکھائینگے	ہمیں	پس	انہوں نے انکار کیا	اور	پھر گئے وہ	اور	غیر محتاج ہوا	اللہ تعالیٰ

اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ

کیا انسان ہمیں ہدایت دینے آئینگے پس انہوں نے انکار کیا اور روگردانی کی اور اللہ تعالیٰ نے بھی انکی کوئی

وَ	اللّٰهُ	غَنِيٌّ	حَمِيْدٌ ○	زَعَمَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا	اَنْ	لَّنْ
اور	اللہ تعالیٰ	غیر محتاج	تعریف کیا گیا	دعویٰ کیا	جو لوگ	انکار کیا انہوں نے	کہ	ہرگز نہ

وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ○ زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ

پرواہ نہ کی اور خدا تعالیٰ تو غیر محتاج۔ تعریف کیا گیا ہے، کافر لوگوں کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ ہرگز دوبارہ زندہ کرکے

يُّبْعَثُوْا	قُلْ	بَلٰى	وَ	رَبِّ	يْ	لَ	تُبْعَثُنَّ	ثُمَّ	لَ	تُنَبَّؤُنَّ	بِ	مَا
وہ اٹھائے جائینگے	تو کہہ	کیوں نہیں	قسم ہے	پروردگار	میرا	البتہ	تم ضرور اٹھائے جاؤگے	پھر	البتہ	ضرور خبر دیئے جاؤگے	ساتھ	جو

يُّبْعَثُوْا ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا

نہیں اٹھائے جائینگے، آپ کہہ دیجئے ہاں ہاں میرے پروردگار کی قسم تم ضرور اٹھائے جاؤگے پھر جو تم کر چکے ہوگے

عَمِلْتُمْ	وَ	ذٰلِكَ	عَلَى	اللّٰهِ	يَسِيْرٌ ○	فَ	اٰمِنُوْا	بِ	اللّٰهِ
تم نے کیا	اور	یہ	اوپر	اللہ تعالیٰ	آسان	پس	ایمان لاؤ تم	ساتھ	اللہ تعالیٰ

عَمِلْتُمْ ۭ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ○ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ

اس سے تمہیں ضرور آگاہ کیا جائیگا اور ایسا کرنا اللہ تعالیٰ پر آسان ہے پس (بہتر یہی ہے کہ) اللہ تعالیٰ اور

وَ	رَسُوْلِ	هٖ	وَ	النُّوْرِ	الَّذِيْٓ	اَنْزَلْنَا	وَ	اللّٰهُ	بِ	مَا	تَعْمَلُوْنَ
اور	بھیجا ہوا	اس	اور	روشنی	جو	اتاری ہم نے	اور	اللہ تعالیٰ	ساتھ	جو	تم کرتے ہو

وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس نور (قرآن) کو جسے ہم نے نازل فرمایا مان لو اور اللہ تعالیٰ جو تم کرتے ہو

خَبِيْرٌ ○	يَوْمَ	يَجْمَعُ	كُمْ	لِ	يَوْمِ	الْجَمْعِ	ذٰلِكَ	يَوْمُ	التَّغَابُنِ ط
خبر رکھنے والا	دن	وہ اکٹھا کریگا	تمہیں	واسطے	دن	اکٹھا کرنا	یہ	دن	ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا

خَبِيْرٌ ○ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ط

اس سے باخبر ہے جس دن وہ تمہیں جمع ہونے والے دن (قیامت) کو اکٹھا کریگا یہی دن تو نفع و نقصان کے اظہار کا دن ہوگا

وَ	مَنْ	يُّؤْمِنْ	بِ	اللّٰهِ	وَ	يَعْمَلْ	صَالِحًا	يُّكَفِّرْ	عَنْ	هُ
اور	جو شخص	ایمان لاتا ہے	ساتھ	اللہ تعالیٰ	اور	کرتا ہے وہ	نیک کام	وہ دور کرے گا	سے	اس

وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ

اور جو شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے گا اور نیک اعمال بجا لائیگا وہ اس کی خطائیں اس سے

سَيِّاٰتِ	هٖ	وَ	يُدْخِلْ	هُ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِ	هَا	الْاَنْهٰرُ
برائیاں	اس	اور وہ	داخل کرے گا	اسے	باغات	بہتی ہونگی	سے	نیچے	اس	نہریں

سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

دور کردیگا اور اسے ایسے باغات میں داخل کریگا جس کے نیچے نہریں بہ رہی ہونگی

خٰلِدِيْنَ	فِيْ	هَآ	اَبَدًا ط	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ ○	وَ	الَّذِيْنَ
ہمیشہ رہنے والے	میں	اس	ہمیشہ	یہ	کامیابی	بڑی	اور	جو لوگ

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ط ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○ وَالَّذِيْنَ

وہ ہمیشہ اس میں رہتے چلے جائیں گے یہ ہے بڑی کامرانی اور جن لوگوں نے

كَفَرُوْا	وَ	كَذَّبُوْا	بِ	اٰيٰتِ	نَآ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ	النَّارِ	خٰلِدِيْنَ
انکار کیا انہوں نے	اور	جھٹلایا انہوں نے	ساتھ	نشانیاں	ہماری	وہ لوگ	ساتھی	آگ	ہمیشہ رہنے والے

كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ

(حق کا) انکار کیا اور ہمارے نشانات کو جھٹلایا یہی لوگ دوزخی ہوں گے وہ اس میں ہمیشہ رہتے

فِيْ	هَا ط	وَ	بِئْسَ	الْمَصِيْرُ ○	مَآ	اَصَابَ	مِنْ	مُّصِيْبَةٍ
میں	اس	اور	برا	ٹھکانا۔ پھر جانے کی جگہ	نہیں	پہنچی	سے	پہنچنے والا دکھ

ع ۱ ۱۰ ۱۵ فِيْهَا ط وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ○ ع مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ

چلے جائیں گے اور وہ برا ٹھکانا ہے کوئی مصیبت کسی پر وارد نہیں ہوتی

إِلَّا	بِ	إِذْنِ	اللّٰهِ	وَ	مَنْ	يُّؤْمِنْ	بِ	اللّٰهِ	يَهْدِ	قَلْبَ	هٗ
مگر	ساتھ	اجازت	اللہ تعالیٰ	اور	جو شخص	ایمان لائیگا	ساتھ	اللہ تعالیٰ	راہ دکھاتا ہے وہ	دل	اپنا

إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ ۗ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ۗ

مگر حکم الٰہی سے اور جو شخص اللہ تعالیٰ پر یقین لایا وہ اس کے دل کو راہ راست پر لاتے گا

وَ	اللّٰهُ	بِ	كُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيْمٌ ○	وَ	اَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَ	اَطِيْعُوا
اور	اللہ تعالیٰ	ساتھ	ہر	چیز	جاننے والا	اور	فرمانبرداری کرو تم	اللہ تعالیٰ	اور	فرمانبرداری کرو تم

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١١﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا

اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جاننے والا ہے اور تم اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرو اور اس کے پیغمبر کی

الرَّسُوْلَ	فَ	اِنْ	تَوَلَّيْتُمْ	فَ	اِنَّ	مَا	عَلٰى	رَسُوْلِ	نَا	الْبَلٰغُ
پیغمبر (کی)	پس	اگر	پھر گئے تم	پس	سوائے اس کے نہیں		اوپر	پیغمبر	ہمارے	پہنچا دینا

الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ

اطاعت کرو پھر اگر تم پھر جاؤ تو ہمارے رسول پر فقط واضح طور پر (پیغام)

الْمُبِيْنُ ○	اَللّٰهُ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	وَ	عَلَى	اللّٰهِ	فَ	لْ	يَتَوَكَّلِ
واضح طور	اللہ تعالیٰ	نہیں	معبود	مگر	وہ	اور	اوپر	اللہ تعالیٰ	پس	چاہیے	بھروسہ کریں

الْمُبِيْنُ ﴿١٢﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

پہنچانا ہے اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی معبود نہیں اور اللہ تعالیٰ پر ہی مومنوں کو

الْمُؤْمِنُوْنَ ○	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْۤا	اِنَّ	مِنْ	اَزْوَاجِ	كُمْ
ایمان والے	اے	جو لوگ	ایمان لائے وہ	بے شک	سے	بیویاں	تمہاری

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١٣﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ

بھروسہ کرنا چاہیے اے ایمان والو یقیناً تمہاری بیویاں اور تمہاری اولاد میں سے بعض

وَ	اَوْلَادِ	كُمْ	عَدُوًّا	لَّ	كُمْ	فَ	احْذَرُوْا	هُمْ	وَ	اِنْ	تَعْفُوْا
اور	اولاد	تمہاری	دشمن	واسطے	تمہارے	پس	ہوشیار ہو تم	ان سے	اور	اگر	معاف کرو تم

وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ تَعْفُوْا

تمہارے دشمن بھی ہیں سو تم ان سے ہوشیار رہو اور اگر تم معاف کر دو

وَ	تَصْفَحُوْا	وَ	تَغْفِرُوْا	فَ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ ○	اِنَّ	مَآ
اور	درگزر کرو تم	اور	بخش دو تم	پس	بے شک	اللہ تعالیٰ	بہت بخشنے والا	بار بار رحم کرنے والا	سوائے اس کے نہیں	

وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ ۱۴ اِنَّمَآ

اور درگزر سے کام لو اور بخش دو تو یقیناً اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والے بار بار رحم کرنے والے ہیں ۔ تمہارے

اَمْوَالُ	كُمْ	وَ	اَوْلَادُ	كُمْ	فِتْنَةٌ ؕ	وَ	اللّٰهُ	عِنْدَ	هٗٓ	اَجْرٌ
مالوں	تمہارے	اور	اولاد	تمہاری	آزمائش	اور	اللہ تعالیٰ	نزدیک	اس	ثواب

اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ

مال اور تمہاری اولاد محض تمہاری آزمائش کا موجب ہیں اور اللہ تعالیٰ کے ہاں بڑا

عَظِيْمٌ ○	فَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ	مَا	اسْتَطَعْتُمْ	وَ	اسْمَعُوْا
بڑا	پس	ڈرو تم	اللہ تعالیٰ	جو جتنا	جو سکے تم سے ۔ طاقت ہو تمہیں	اور	سنو تم

عَظِيْمٌ ○ ۱۵ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا

ثواب ہے ۔ پس تم سے جہاں تک ہو سکے خوف خدا رکھو اور سنو اور

وَ	اَطِيْعُوْا	وَ	اَنْفِقُوْا	خَيْرًا	لِّ	اَنْفُسِ	كُمْ ؕ	وَ	مَنْ	يُّوْقَ
اور	پیروی کرو تم	اور	خرچ کرو تم	بہتر (ہے)	واسطے	جانوں	تمہاری	اور	جو شخص	بچا یا گیا

وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَنْ يُّوْقَ

اطاعت کرو اور اس کی راہ میں (خرچ) کرو تمہارے حق میں یہ بہتر ہے اور جو شخص اپنے طبعی بخل

شُحَّ	نَفْسِ	هٖ	فَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ ○	اِنْ
بخل	جان	اس	پس	وہ لوگ	وہ	کامیاب ہونے والے	اگر

شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○ ۱۶ اِنْ

سے بچا یا گیا تو وہی لوگ بامراد ہوں گے اگر تم

تُقْرِضُوا	اللّٰهَ	قَرْضًا	حَسَنًا	يُّضٰعِفْ	هُ	لَ	كُمْ	وَ	يَغْفِرْ
کاٹ کرو تم	اللہ تعالیٰ	کاٹ کر دینا	عمدہ	زیادہ کرے گا وہ ۔ بڑھائے گا	اسے	واسطے	تمہارے	اور	بخش دے گا

تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ

عمدہ طور پر اپنے مالوں کا حصہ الگ کر کے دو گے وہ تمہارے لئے بڑھائے گا اور تمہیں معاف

لَ	كُمْ	وَ	اللّٰهُ	شَكُوْرٌ	حَلِيْمٌ ۝	عٰلِمُ	الْغَيْبِ
واسطے	تمہارے	اور	اللہ تعالیٰ	بہت قدردان	بُردبار	جاننے والا	پوشیدہ

لَكُمْ ۚ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝ عٰلِمُ الْغَيْبِ

کردے گا اور اللہ تعالیٰ بہت قدردان بُردبار ہے پوشیدہ اور ظاہر کو

وَ	الشَّهَادَةِ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ۝
اور	موجود۔حاضر	غالب	حکمت والا

وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

جاننے والا غالب حکمت والا ہے

(٦٥) سُوْرَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ (٩٩)

سورہ طلاق مدنی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ١٢ ——— رُكُوْعَاتُهَا ٢

اس کی ١٢ آیات ——— اور ——— ٢ رکوع ہیں

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

يٰاَيُّهَا	النَّبِيُّ	اِذَا	طَلَّقْتُمُ	النِّسَآءَ	فَ	طَلِّقُوْ	هُنَّ
اے	کامل نبی	جب	تم نے طلاق دی	عورتوں	پس	طلاق دو تم	انہیں

يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ

اے نبی المکرم (اور ایمان والو) جب تم اپنی بیویوں کو طلاق دینے لگو تو ان کی عدت (یعنی طہر) میں

لِ	عِدَّةِ	هِنَّ	وَ	اَحْصُوا	الْعِدَّةَ	وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ	رَبَّ	كُمْ
واسطے	گنتی حالتِ طہر	اُن	اور	شمار کرو تم	گنتی	اور	ڈرو تم	اللہ تعالیٰ	پروردگار	تمہارا

لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ

انہیں طلاق دو اور (وقت) عدت شمار کرتے رہو اور اللہ تعالیٰ سے جو تمہارا رب ہے ڈرتے رہو

لَا	تُخْرِجُوْ	هُنَّ	مِنْ	بُيُوْتِ	هِنَّ	وَ	لَا	يَخْرُجْنَ	اِلَّآ	اَنْ	يَّاْتِيْنَ
نہ	نکالو تم	انہیں	سے	گھروں	ان	اور	نہ	وہ نکلیں	مگر	کہ	وہ آئیں

لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ

ان کے گھروں سے انہیں مت نکالو اور نہ وہ خود ہی نکلیں ہاں اگر وہ

بِ	فَاحِشَةٍ	مُّبَيِّنَةٍ	وَ	تِلْكَ	حُدُوْدُ	اللّٰهِ	وَ	مَنْ	يَّتَعَدَّ	حُدُوْدَ
ساتھ	بے حیائی	ظاہری	اور	یہ	مقررہ قانون	اللہ تعالیٰ	اور جو		توڑدے	حدیں

بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ

صریح بے حیائی پر اتر آئیں (تو پھر نکال دو) اور یہ اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ حدیں ہیں اور جس نے اللہ تعالیٰ کی قائم

اللّٰهِ	فَ	قَدْ	ظَلَمَ	نَفْسَ	هٗ	لَا	تَدْرِيْ	لَعَلَّ	اللّٰهَ	يُحْدِثُ
اللہ تعالیٰ	پس	ضرور	اس نے ظلم کیا	جان	اپنی	نہیں	جانتا تو	شاید	اللہ تعالیٰ	پیدا کردے

اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ۭ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ

کو توڑا تو اس نے اپنی جان پر ظلم کیا (اسے طلاق باز) تجھے کیا معلوم کہ شاید اللہ تعالیٰ اس (طلاق) کے بعد

بَعْدَ	ذٰلِكَ	اَمْرًا ○	فَ	اِذَا	بَلَغْنَ	اَجَلَ	هُنَّ	فَ	اَمْسِكُوْ	هُنَّ
پیچھے	اس	کام - بات	پس	جب	وہ پہنچ جائیں	مقررہ وقت	ان	پس	روک رکھو تم	انہیں

بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ۝ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ

کوئی اصلاح کا معاملہ پیدا کردے پھر جب وہ عورتیں اپنی مقررہ میعاد پوری کرلیں تو انہیں عمدہ طریق سے

بِ	مَعْرُوْفٍ	اَوْ	فَارِقُوْ	هُنَّ	بِ	مَعْرُوْفٍ	وَّ	اَشْهِدُوْا	ذَوَيْ
ساتھ	عمدہ طریق	یا	جدا کرو تم	انہیں	ساتھ	عمدہ طریق	اور	گواہ رکھ لو تم	دو۔ والے

بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَيْ

روک رکھو یا انہیں مناسب طریق سے جدا کردو اور اپنے میں سے دو صاحب انصاف

عَدْلٍ	مِّنْ	كُمْ	وَ	اَقِيْمُوا	الشَّهَادَةَ	لِ	اللّٰهِ	ذٰلِكُمْ	يُوْعَظُ
انصاف	سے	تمہارا	اور	قائم رکھو تم - درست رکھو	گواہی	واسطے	اللہ تعالیٰ	یہ	نصیحت کی جاتی ہے

عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ۭ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ

شخصوں کو گواہ بنالو اور (اے گواہو) تم بھی اللہ تعالیٰ کی خاطر ٹھیک گواہی دینا اس کی نصیحت کی جاتی ہے

بِ	ہٖ	مَنْ	كَانَ	يُؤْمِنُ	بِ	اللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ	الْاٰخِرِ	وَ	مَنْ
ساتھ	اس	جو شخص	ہے وہ	وہ مانتا ہے	ساتھ	اللہ تعالیٰ	اور	دن	آخرت	اور	جو شخص

بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۬ وَمَنْ

جو اللہ تعالیٰ اور آخری دن (قیامت) پر ایمان رکھتا ہے اور جو شخص

يَّتَّقِ	اللّٰهَ	يَجْعَلْ	لَّ	ہٗ	مَخْرَجًا ۙ	وَّ	يَرْزُقْ	ہُ	مِنْ
ڈرے گا	اللہ تعالیٰ	وہ بنا دے گا	واسطے	اس	نکلنے کی جگہ	اور	روزی دے گا	اسے	سے

يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ

اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرے گا وہ بھی اس کے لئے نجات کی راہ بنا دیگا اور اسے وہاں سے رزق دیگا

حَيْثُ	لَا	يَحْتَسِبُ ۭ	وَ	مَنْ	يَّتَوَكَّلْ	عَلَى	اللّٰهِ	فَ	هُوَ
جہاں	نہ	وہ گمان کرے گا	اور	جو شخص	بھروسہ کریگا	اوپر	اللہ تعالیٰ	پس	وہ

حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ

جہاں سے اسے گمان بھی نہ ہوگا اور جس نے اس پر بھروسہ کیا تو وہ

حَسْبُ	ہٗ ۭ	اِنَّ	اللّٰهَ	بَالِغُ	اَمْرِ	ہٖ ۭ	قَدْ	جَعَلَ	اللّٰهُ
کافی	اسے	بیشک	اللہ تعالیٰ	پہنچنے والا	کام معاملہ	اس	تحقیق	بنایا	اللہ تعالیٰ

حَسْبُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۭ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ

اس کے لئے کافی ہے یقیناً اللہ تعالیٰ اپنا حکم پورا کرنے والا ہے اللہ تعالیٰ نے تو ہر چیز کا ایک

لِ	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدْرًا ۝	وَ	الّٰٓـِٔيْ	يَئِسْنَ	مِنَ	الْمَحِيْضِ
واسطے	ہر۔تمام	چیز	اندازہ	اور	وہ عورتیں	جو مایوس ہوگئیں وہ	سے	حیض آنا [illegible]

لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝ وَالّٰٓـِٔيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ

اندازہ مقرر کر رکھا ہے اور تمہاری بیویوں میں سے جو عورتیں حیض سے مایوس

مِنْ	نِّسَآءِ	كُمْ	اِنِ	ارْتَبْتُمْ	فَ	عِدَّةُ	هُنَّ	ثَلٰثَةُ	اَشْهُرٍ ۙ
سے	عورتیں	تمہاری	اگر	شبہ پڑ جائے تمہیں	پس	گنتی	ان	تین	مہینے

مِنْ نِّسَآىِٕكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ

ہو چکی ہوں اگر تمہیں ان کی عدت میں شبہ پڑ جائے تو ان کی عدت تین مہینے ہوگی

وَ	الّٰٓـِٔیۡ	لَمۡ	یَحِضۡنَ ؕ	وَ	اُولَاتُ	الۡاَحۡمَالِ	اَجَلُ	هُنَّ	
اور	وہ عورتیں	نہیں	حیض آیا انہیں	اور	والیاں	حمل	مقررہ مدت	ان	

وَالّٰٓـِٔیۡ لَمۡ یَحِضۡنَ ؕ وَاُولَاتُ الۡاَحۡمَالِ اَجَلُهُنَّ

اور وہ عورتیں بھی جنہیں (کم عمری کے باعث) حیض نہیں آیا اور حمل والی عورتوں کی عدت بھی

اَنۡ	یَّضَعۡنَ	حَمۡلَ	هُنَّ ؕ	وَ	مَنۡ	یَّتَّقِ	اللّٰهَ	یَجۡعَلۡ	
کہ	رکھ دیں وہ (جنیں)	حمل پیٹ کا بچہ	ان (کا)	اور	جو شخص	ڈرتا ہے وہ	اللہ تعالیٰ	وہ بنا دے گا	

اَنۡ یَّضَعۡنَ حَمۡلَهُنَّ ؕ وَمَنۡ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجۡعَلۡ

وضع حمل تک ہوگی اور جو اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرے گا

لَّ	ہٗ	مِنۡ	اَمۡرِ	ہٖ	یُسۡرًا ○	ذٰلِكَ	اَمۡرُ	اللّٰهِ	اَنۡزَلَ	ہٗٓ	
واسطے	اس	سے	معاملہ	اس	آسان	یہ	حکم	اللہ تعالیٰ	اتارا اس نے	اسے	

لَّهٗ مِنۡ اَمۡرِهٖ یُسۡرًا ۝ ذٰلِكَ اَمۡرُ اللّٰهِ اَنۡزَلَهٗۤ

وہ بھی اس کے معاملہ میں آسانی پیدا کردیگا ۔ یہ ہے حکم خدا جو اس نے تمہاری طرف اتارا

اِلَیۡ	كُمۡ ؕ	وَ	مَنۡ	یَّتَّقِ	اللّٰهَ	یُكَفِّرۡ	عَنۡ	ہُ	سَیِّاٰتِ	ہٖ	وَ	یُعۡظِمۡ
طرف	تمہاری	اور	جو شخص	ڈرتا ہے وہ	اللہ تعالیٰ	وہ دور کریگا	سے	اس	برائیاں	اس	اور	بڑا کریگا

اِلَیۡكُمۡ ؕ وَمَنۡ یَّتَّقِ اللّٰهَ یُكَفِّرۡ عَنۡهُ سَیِّاٰتِهٖ وَیُعۡظِمۡ

اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوگا تو وہ اس کی برائیاں دور کردیگا اور اس کے لئے

لَ	ہٗٓ	اَجۡرًا ○	اَسۡكِنُوۡ هُنَّ	مِنۡ	حَیۡثُ	سَكَنۡتُمۡ	مِّنۡ	
واسطے	اس	ثواب	رہائش دو تم انہیں	سے	جہاں	رہتے ہو تم	سے	

لَهٗۤ اَجۡرًا ۝ اَسۡكِنُوۡهُنَّ مِنۡ حَیۡثُ سَكَنۡتُمۡ مِّنۡ

اجر بھی بڑھا دیگا تم ان (مطلقہ) عورتوں کو وہاں رکھو جہاں تم اپنی حیثیت کے مطابق رہتے ہو

وُّجۡدِ	كُمۡ	وَ	لَا	تُضَآرُّوۡ	هُنَّ	لِ	تُضَیِّقُوۡا	عَلَیۡ	هِنَّ ؕ
طاقت حیثیت	تمہاری	اور	نہ	دکھ دو تم	انہیں	تاکہ	تم تنگ کرو	اوپر	ان عورتوں

وُّجۡدِكُمۡ وَلَا تُضَآرُّوۡهُنَّ لِتُضَیِّقُوۡا عَلَیۡهِنَّ ؕ

اور انہیں دکھ نہ پہنچاؤ تاکہ تم ان پر تنگی وارد کرو

وَ	إِنْ	كُنَّ	أُولَاتِ	حَمْلٍ	فَ	أَنْفِقُوا	عَلَىٰ	هِنَّ	حَتَّىٰ
اور	اگر	ہوں وہ	والیاں	حمل	پس	خرچ کرو تم	اوپر	ان	یہاں تک

وَإِنْ كُنَّ أُولَاتِ حَمْلٍ فَأَنْفِقُوا عَلَيْهِنَّ حَتَّىٰ

اور اگر وہ حمل والیاں ہوں تو اُن پہ خرچ کرو یہاں تک کہ وہ

يَضَعْنَ	حَمْلَ	هُنَّ	فَ	إِنْ	أَرْضَعْنَ	لَ	كُمْ	فَ	آتُو هُنَّ
رکھ دیں وہ۔ جنم دیں وہ	پیٹ کا بچہ	اپنا	پس	اگر	وہ دودھ پلائیں	واسطے	تمہارے	پس	دو تم انہیں

يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَإِنْ أَرْضَعْنَ لَكُمْ فَآتُوهُنَّ

اپنا حمل جَنم دیں پھر اگر وہ تمہارے لئے (بچے کو) دودھ پلائیں تو

أُجُورَ	هُنَّ	وَ	أْتَمِرُوا	بَيْنَ	كُمْ	بِ	مَعْرُوفٍ	وَ	إِنْ
مزدوری	ان (کی)	اور	صلاح مشورہ کرو تم	درمیان	تمہارے	ساتھ	عمدہ طریق	اور	اگر

أُجُورَهُنَّ ۖ وَأْتَمِرُوا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوفٍ ۖ وَإِنْ

انہیں ان کی اجرت دے دو اور دستور کے مطابق باہمی مشورہ کرلیا کرو اور اگر

تَعَاسَرْتُمْ	فَ	سَ	تُرْضِعُ	لَ	هُ	أُخْرَىٰ	لِ	يُنْفِقْ	ذُو	سَعَةٍ
تم تنگی پیدا کرو ایک دوسرے سے	پس	جلد ہی	دودھ پلائے	واسطے	اس	دوسری عورت	چاہیئے	خرچ کرے	والا	فراخی

تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَىٰ ۝ لِيُنْفِقْ ذُو سَعَةٍ

تم باہمی دقّت محسوس کرو تو پھر اسے کوئی دوسری عورت دودھ پلادیگی ۔ مالدار کو چاہیئے کہ وہ اپنی

مِنْ	سَعَتِ	هِ	وَ	مَنْ	قُدِرَ	عَلَىٰ	هِ	رِزْقُ	هُ	فَ	لْيُنْفِقْ
سے	فراخی	اس	اور	جو شخص	تنگ کیا گیا	اوپر	اس	روزی	اس	پس	چاہیئے خرچ کرے وہ

مِنْ سَعَتِهِ ۖ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنْفِقْ

حیثیت کے مطابق خرچ کرے اور جس پر روزی تنگ ہو تو وہ اس سے خرچ

مِنْ	مَا	آتَىٰ	هُ	اللَّهُ	لَا	يُكَلِّفُ	اللَّهُ	نَفْسًا	إِلَّا	مَا	آتَىٰ هَا
سے	جو	دیا	اسے	اللہ تعالیٰ	نہیں	تکلیف دیتا	اللہ تعالیٰ	جان	مگر	جو	دیا اس نے اسے

مِمَّا آتَاهُ اللَّهُ ۚ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَا آتَاهَا ۚ

کرے جو اللہ تعالیٰ نے اسے دے رکھا ہو خدا تعالیٰ کسی کو تکلیف نہیں دیتا مگر جتنا اسے دے رکھا ہے

سَ	يَجْعَلُ	اللّٰهُ	بَعْدَ	عُسْرٍ	يُّسْرًا ۝	وَ	كَ	اَيِّنْ	مِّنْ
جلدی	بنائے گا	اللہ تعالیٰ	پیچھے	تنگی	آسانی	اور	بہت		سے

ع سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ۝ وَكَاَيِّنْ مِّنْ

اللہ تعالیٰ تنگی کے بعد جلد ہی آسانی پیدا کر دے گا — اور کتنی ہی بستیوں

قَرْيَةٍ	عَتَتْ	عَنْ	اَمْرِ	رَبِّ	هَا	وَ	رُسُلِ	هٖ	فَ	حَاسَبْنَا	هَا
بستی	سرکشی کی انہوں نے	سے	حکم	پالنے والا	اس	اور	پیغمبروں	اس کا	پس	حساب لیا ہم نے	اس کا

قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا

(کے رہنے والوں) نے اپنے پروردگار اور اس کے پیغمبروں کی حکم عدولی کی — پس ہم نے بھی

حِسَابًا	شَدِيْدًا ۙ	وَ	عَذَّبْنَا	هَا	عَذَابًا	نُّكْرًا ۝
حساب لینا	سخت	اور	سزا دی ہم نے	اسے	سزا	ان جانی سخت

حِسَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ۝٨

سختی سے ان کا حساب چکایا — اور ہم نے انہیں ان جانا سخت عذاب — دیا

فَ	ذَاقَتْ	وَبَالَ	اَمْرِ	هَا	وَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	اَمْرِ	هَا
پس	چکھا اس نے	برا نتیجہ	کام	اس	اور	تھا	انجام	کام	اس

فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ اَمْرِهَا

سو اس نے اپنے برے عمل کا خمیازہ اٹھایا — اور ان کے عمل کا انجام نقصان ہی نقصان

خُسْرًا ۝	اَعَدَّ	اللّٰهُ	لَ	هُمْ	عَذَابًا	شَدِيْدًا ۙ	فَ	اتَّقُوا
گھاٹا اٹھانا	تیار کیا	اللہ تعالیٰ	واسطے	ان	دکھ	سخت	پس	ڈرو تم

خُسْرًا ۝ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا

تھا — اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے سخت سزا مقرر کر رکھی ہے — پس اے

اللّٰهَ	يٰٓ	اُولِي	الْاَلْبَابِ ۖ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا ۛ	قَدْ	اَنْزَلَ
اللہ تعالیٰ	اے	والے	عقلوں	جو لوگ	ایمان لائے	تحقیق	اتارا ہے

مع اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ۖ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛ قَدْ اَنْزَلَ

عقلمندو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو — ہاں تم جو ایمان لائے ہو (اور مخاطب ہو) یقیناً اس نے

اللّٰہُ	اِلَیۡ	کُمۡ	ذِکۡرًا ۙ	رَّسُوۡلًا	یَّتۡلُوۡا	عَلَیۡ	کُمۡ	اٰیٰتِ	اللّٰہِ	مُبَیِّنٰتٍ
اللہ تعالیٰ	طرف	تمہارے	نصیحت	بھیجا ہوا	وہ پڑھتا ہے	اوپر	تمہارے	نشانیاں	اللہ تعالیٰ	واضح

اللّٰہُ اِلَیۡکُمۡ ذِکۡرًا ۙ رَّسُوۡلًا یَّتۡلُوۡا عَلَیۡکُمۡ اٰیٰتِ اللّٰہِ مُبَیِّنٰتٍ

تمہاری طرف (تمہیں) نصیحت نازل کی ہے، یعنی پیغمبر بھیجا جو تم پر اللہ تعالیٰ کی واضح آیات پڑھ کر سناتا ہے

لِّ	یُخۡرِجَ	الَّذِیۡنَ	اٰمَنُوۡا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	مِنَ	الظُّلُمٰتِ	اِلَی
تاکہ	وہ نکالے	جو لوگ	ایمان لائے	اور	کئے انہوں نے	نیک کام	سے	اندھیروں	طرف

لِّیُخۡرِجَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی

تاکہ وہ ایمان والوں اور نیک اعمال بجا لانے والوں کو (کفر کے) اندھیروں سے نکال کر (ایمان کی) روشنی

النُّوۡرِ ؕ	وَ	مَنۡ	یُّؤۡمِنۡ	بِ	اللّٰہِ	وَ	یَعۡمَلۡ	صَالِحًا	یُّدۡخِلۡ	ہُ	جَنّٰتٍ
روشنی	اور	جو شخص	ایمان لائے گا	ساتھ	اللہ تعالیٰ	اور	کرے گا وہ	نیکی	داخل کریگا وہ	اسے	باغات

النُّوۡرِ ؕ وَ مَنۡ یُّؤۡمِنۡ بِاللّٰہِ وَ یَعۡمَلۡ صَالِحًا یُّدۡخِلۡہُ جَنّٰتٍ

کی طرف لائے اور جو شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان لائیگا اور نیک عمل بجا لائیگا وہ اسے ایسے باغات میں داخل کریگا

تَجۡرِیۡ	مِنۡ	تَحۡتِ	ہَا	الۡاَنۡہٰرُ	خٰلِدِیۡنَ	فِیۡ	ہَاۤ	اَبَدًا ؕ	قَدۡ	اَحۡسَنَ
بہتی ہونگی	سے	نیچے	اس	نہریں	ہمیشہ رہنے والے	میں	اس	ہمیشہ	تحقیق	اچھا کیا

تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِہَا الۡاَنۡہٰرُ خٰلِدِیۡنَ فِیۡہَاۤ اَبَدًا ؕ قَدۡ اَحۡسَنَ

جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی وہ اس میں ہمیشہ رہتے چلے جائینگے خدا تعالیٰ نے

اللّٰہُ	لَ	ہٗ	رِزۡقًا ○	اَللّٰہُ	الَّذِیۡ	خَلَقَ	سَبۡعَ	سَمٰوٰتٍ	وَّ	مِنَ
اللہ تعالیٰ	واسطے	اس	روزی	اللہ تعالیٰ	جس	پیدا کیا	سات	آسمانوں	اور	سے

اللّٰہُ لَہٗ رِزۡقًا ○ اَللّٰہُ الَّذِیۡ خَلَقَ سَبۡعَ سَمٰوٰتٍ وَّ مِنَ

اس کے لئے نہایت عمدہ رزق مہیا کیا، اللہ تعالیٰ ہی نے سات آسمانوں کو اور ویسی ہی

الۡاَرۡضِ	مِثۡلَ	ہُنَّ ؕ	یَتَنَزَّلُ	الۡاَمۡرُ	بَیۡنَ	ہُنَّ	لِ	تَعۡلَمُوۡۤا	اَنَّ	اللّٰہَ
زمین	مانند	ان	اترتا ہے	حکم	درمیان	ان	تاکہ	تم جان لو	کہ	اللہ تعالیٰ

الۡاَرۡضِ مِثۡلَہُنَّ ؕ یَتَنَزَّلُ الۡاَمۡرُ بَیۡنَہُنَّ لِتَعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰہَ

[illegible] زمینوں کو پیدا کیا ان سب میں [illegible] نازل ہوتا رہتا ہے تاکہ تمہیں معلوم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ

رکوع ١٨

عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَ	اَنَّ	اللّٰهَ	قَدْ	اَحَاطَ	بِ	كُلِّ	شَيْءٍ	عِلْمًا ۝
اوپر	ہر۔تمام	چیز	طاقتور	اور	یہ کہ	اللہ تعالیٰ	تحقیق	گھیر لیا	ساتھ	ہر۔تمام	چیز	جاننا

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝

ہر بات پر قدرت رکھتا ہے اور یہ بھی کہ اللہ تعالیٰ نے علمی لحاظ سے ہر چیز کا احاطہ کر رکھا ہے

(٦٦) سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ (١٠٧)

سورہ تحریم مدنی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ١٢ —— رُكُوْعَاتُهَا ٢

اس کی ١٢ آیات —— اور —— ٢ رکوع ہیں

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

يٰاَيُّهَا	النَّبِيُّ	لِ	مَ	تُحَرِّمُ	مَآ	اَحَلَّ	اللّٰهُ	لَ	كَ	تَبْتَغِيْ
اے	کامل نبی	واسطے	کسی	تو حرام کرتا ہے	جو	حلال کیا	اللہ تعالیٰ	واسطے	تیرے	تو چاہتا ہے

يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ

اے (خدا کے پیارے) نبی آپ کے لئے اللہ تعالیٰ نے جو چیز حلال کی ہے اسے کیوں (اپنے لئے) ممنوع قرار دیتے ہیں

مَرْضَاتَ	اَزْوَاجِ	كَ	وَ	اللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ ۝	قَدْ	فَرَضَ
خوشنودی	بیویاں	تیری	اور	اللہ تعالیٰ	بہت بخشنے والا	بار بار رحم دینے والا	تحقیق	فرض کیا

مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ قَدْ فَرَضَ

غالباً آپ کو اپنی بیویوں کی خوشنودی مدنظر ہے اور اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا بار بار رحم کرنے والا ہے۔ تمہارے لئے تو اللہ تعالیٰ نے

اللّٰهُ	لَ	كُمْ	تَحِلَّةَ	اَيْمَانِ	كُمْ	وَ	اللّٰهُ	مَوْلٰى	كُمْ	وَ	هُوَ	الْعَلِيْمُ
اللہ تعالیٰ	واسطے	تمہارے	کھولنا۔ توڑنا	قسمیں	تمہاری	اور	اللہ تعالیٰ	آقا۔ دوست	تمہارا	اور	وہ	خوب جاننے والا

اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ

تمہاری اپنی قسموں کو توڑنا مقرر کر دیا ہے اور اللہ تعالیٰ تمہارا دوست ہے اور وہ خوب جاننے والا

الْحَكِيْمُ ○	وَ	اِذْ	اَسَرَّ	النَّبِيُّ	اِلٰى	بَعْضِ	اَزْوَاجِ	هٖ	حَدِيْثًا
حکمت والا	اور	جب	پوشیدہ بات کی	نبی	طرف	بعض	بیویاں	اس	بات

الْحَكِيْمُ ○ وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا

حکمت والا ہے ۔ اور (وہ واقعہ بھی قابل ذکر ہے) جب پیغمبر خدا نے اپنی ایک بیوی سے رازدارانہ بات کی

فَ	لَمَّا	نَبَّاَتْ	بِ	هٖ	وَ	اَظْهَرَ	هُ	اللّٰهُ	عَلٰى	هِ	عَرَّفَ	بَعْضَ	هٗ
پس	جب	آگاہ کر دیا اس نے (دوسری کو)	ساتھ	اس	اور	ظاہر کر دیا	اسے	اللہ تعالیٰ	اوپر	اس	پہچان کرادی	کچھ	اس

فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ

پھر جب اس بیوی نے کسی (دوسری کو) وہ بات کہہ دی اور اللہ تعالیٰ نے اس (پیغمبر) کو اس کی اطلاع کر دی تو

وَ	اَعْرَضَ	عَنْۢ	بَعْضٍ	فَ	لَمَّا	نَبَّاَ	هَا	بِ	هٖ	قَالَتْ	مَنْ
اور	ٹال دیا اس نے	سے	کچھ	پس	جب	خبر دی اس نے	اس	ساتھ	اس	کہا عورت نے	کون کس

وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ

اس (پیغمبر) نے کچھ بات اسے جتا دی اور کچھ کے بارے میں اسے ٹال دیا تو جب اس کے بارے میں اسے خبر کر دی

اَنْۢبَاَ	كَ	هٰذَا	قَالَ	نَبَّاَ	نِيَ	الْعَلِيْمُ	الْخَبِيْرُ ○	اِنْ	تَتُوْبَا	اِلَى
خبر دی ہے	تجھے	اس (کی)	کہا اس نے	خبر دی ہے	مجھے	خوب جاننے والا	خبر رکھنے والا	اگر	توبہ کرو تم دونوں	طرف

اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ۭ قَالَ نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ○ اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى

اس (بیوی) کو تو اس نے کہا آپ کو اس کا پتہ کس نے دیا؟ (پیغمبر خدا نے) کہا مجھے خوب جاننے والے خبر رکھنے والے نے بتلایا ہے ۔ اگر تم دونوں

اللّٰهِ	فَ	قَدْ	صَغَتْ	قُلُوْبُ	كُمَا	وَ	اِنْ	تَظٰهَرَا	عَلَى	هِ	فَ	اِنَّ
اللہ تعالیٰ	پس	تحقیق	جھک گئے	دل	تم دونوں کے	اور	اگر	تم دونوں ایک دوسرے کی مدد کرو گی	اوپر	اس	پس	بیشک

اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ

خدا کے حضور توبہ کر لو تو تمہارے دل تو خود ہی جھکے ہوئے ہیں ۔ اور اگر تم اس کے خلاف ایک دوسرے کی

اللّٰهَ	هُوَ	مَوْلٰى	هُ	وَ	جِبْرِيْلُ	وَ	صَالِحُ	الْمُؤْمِنِيْنَ
اللہ تعالیٰ	وہ	دوست	اس	اور	جبرائیل فرشتہ	اور	نیک	ایمان دار لوگ

اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ

مدد کرنے لگو تو یقیناً اللہ تعالیٰ اس کا دوست ہے اور جبرئیل فرشتہ اور نیک کردار ایماندار لوگ بھی

وَ	الْمَلٰٓئِكَةُ	بَعْدَ	ذٰلِكَ	ظَهِيْرٌ ۝	عَسٰى	رَبُّ	هٗ	اِنْ	طَلَّقَ	كُنَّ
اور	فرشتے	علاوہ	اس	مددگار	قریب ہے	پالنے والا	اس	اگر	اسنے طلاق دی	تمہیں

وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۝ عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ

اور اس کے علاوہ دوسرے فرشتے بھی اس کے مددگار موجود ہیں۔ عجب نہیں کہ اس کا پروردگار اگر وہ تمہیں طلاق دیدے

اَنْ	يُّبْدِلَ		هٗ	اَزْوَاجًا	خَيْرًا	مِّنْ	كُنَّ	مُسْلِمٰتٍ	مُّؤْمِنٰتٍ
کہ	بدلے میں دے	وہ	اسے	بیویاں	بہتر	سے	تم	اسلام قبول کرنیوالیاں	ایمان لانے والیاں

اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ

تو تم سے بہتر بیویاں اسے بدلے میں دیدے جو مسلمان ہوں اور ایمان دار بھی

قٰنِتٰتٍ	تٰٓئِبٰتٍ	عٰبِدٰتٍ	سٰٓئِحٰتٍ	ثَيِّبٰتٍ	وَّ	اَبْكَارًا ۝
تابع رہنے والیاں	توبہ کرنے والیاں	عبادت کرنیوالیاں	روزہ رکھنے والیاں	خاوند سے جدا شدہ عورتیں	اور	کنواریاں

قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ۝

تابع فرمان بھی، توبہ کرنیوالیاں، عبادت گزار، روزے رکھنے والیاں بیوہ اور کنواریاں بھی

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	قُوْٓا	اَنْفُسَ	كُمْ	وَ	اَهْلِيْ	كُمْ	نَارًا
اے	لوگو جو	ایمان لائے ہو	بچاؤ تم	جانوں	تمہاری	اور	گھر والے	تمہارے	آگ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا

اے وہ جو ایمان لائے ہو تمہاری اپنی جانوں اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے بچاؤ

وَّقُوْدُ	هَا	النَّاسُ	وَ	الْحِجَارَةُ	عَلَيْ	هَا	مَلٰٓئِكَةٌ	غِلَاظٌ
ایندھن	اس	لوگ	اور	پتھر	اوپر	اس	فرشتے	سخت دل

وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ

جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہوں گے اس آگ پر نہایت سخت دل اور زور آور فرشتے

شِدَادٌ	لَّا	يَعْصُوْنَ	اللّٰهَ	مَآ	اَمَرَ	هُمْ	وَ	يَفْعَلُوْنَ	مَا
زور آور	نہیں	نافرمانی کرتے وہ	اللہ تعالیٰ	جو	حکم دیا اس نے	انہیں	اور	وہ کرتے ہیں	جو

شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا

مسلط ہوں گے جو حکم بھی وہ انہیں دے اسکی نافرمانی نہیں کرتے اور کرتے وہی ہیں جو

يُؤْمَرُوْنَ ○	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَا	تَعْتَذِرُوا	الْيَوْمَ ؕ
وہ حکم دیے جاتے ہیں	اے	لوگو جو	انکار کیا انہوں نے	نہ	عذر کرو تم	آج

يُؤْمَرُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ؕ

جو انہیں حکم دیا جائے اے منکرو! آج بہانے مت بناؤ

اِنَّ	مَا	تُجْزَوْنَ	مَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ ○	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
سوائے اسکے نہیں		تم بدلہ دیئے جاؤگے	جو	تھے تم	تم کرتے ہو	اے	لوگو جو	ایمان لائے

اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ع ١٩

جو تم کرتے رہے ہو صرف اسی کا ہی تم بدلہ پاؤگے اے مومنو!

تُوْبُوْٓا	اِلَى	اللّٰهِ	تَوْبَةً	نَّصُوْحًا ؕ	عَسٰى	رَبُّ	كُمْ	اَنْ يُّكَفِّرَ
توبہ کرو تم	طرف	اللہ تعالیٰ	رجوع کرنا۔ توبہ کرنا	خالص	قریب ہے	پالنے والا	تمہارا	کہ ہٹادے وہ

تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ

توبہ کرو اللہ کے حضور خالص توبہ امید ہے کہ تمہارا پروردگار تمہاری برائیاں

عَنْ	كُمْ	سَيِّاٰتِ	كُمْ	وَ	يُدْخِلَ	كُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِ هَا
سے	تم	برائیاں	تمہاری	اور	داخل کرے	تمہیں	باغات	بہتی ہیں	سے	نیچے اس

عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

تم سے ہٹادے اور تمہیں ان باغات میں داخل کرے جن کے نیچے نہریں بہ رہی

الْاَنْهٰرُ ۙ	يَوْمَ	لَا	يُخْزِي	اللّٰهُ	النَّبِيَّ	وَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَ	هٗ ۚ
نہریں	دن	نہیں	ذلیل کرے گا	اللہ تعالیٰ	اس نبی (کو)	اور	جو لوگ	ایمان لائے وہ	ساتھ	اس

الْاَنْهٰرُ ۙ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ

ہوں گی اس دن خداوند کریم اپنے نبی کو اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے، رسوا نہیں کریگا

نُوْرُ	هُمْ	يَسْعٰى	بَيْنَ	اَيْدِيْ	هِمْ	وَ	بِ اَيْمَانِ	هِمْ	يَقُوْلُوْنَ	رَبَّ	نَآ
روشنی	ان کی	دوڑتی ہوگی	درمیان	ہاتھوں	ان	اور ساتھ	دائیں طرف	ان	وہ کہتے ہونگے	اے پروردگار	ہمارے

نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ

بلکہ ان کا نور ان کے سامنے اور ان کے دائیں روشنی بکھیرتا تیزی سے چل رہا ہوگا وہ کہیں گے اے پروردگار ہمارے

أَتْمِمْ	لَ	نَا	نُورَ	نَا	وَ	اغْفِرْ	لَ	نَا	إِنَّ	كَ	عَلَىٰ	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيرٌ ۝	
مکمل کردے تو	واسطے	ہمارے	نور	ہمارا	اور	بخش دے تو	واسطے	ہمارے	بیشک	تو	اوپر	ہر۔تمام	چیز	طاقتور	

أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝٨

ہمارے لئے نور کو مکمل کردے اور ہمیں بخش دے یقیناً آپ ہر بات پر قادر ہیں

يَا أَيُّهَا	النَّبِيُّ	جَاهِدِ	الْكُفَّارَ	وَ	الْمُنَافِقِينَ	وَ	اغْلُظْ
اے	نبی	جہاد کر تو	کافروں	اور	منافقوں (سے)	اور	سختی کر

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ وَاغْلُظْ

اے نبی المکرم آپ کفار اور منافقین کے خلاف جہاد کریں اور اُن پر دباؤ

عَلَىٰ	هِمْ	وَ	مَأْوَىٰ	هُمْ	جَهَنَّمُ	وَ	بِئْسَ	الْمَصِيرُ ۝	ضَرَبَ	اللَّهُ
اوپر	ان کے	اور	ٹھکانا	ان	دوزخ	اور	بُرا	ٹھکانا	بیان کیا	اللہ تعالیٰ

عَلَيْهِمْ ۚ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ ضَرَبَ اللَّهُ

ڈالیں اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ بُرا ٹھکانا ہے اللہ تعالیٰ نے

مَثَلًا	لِ	الَّذِينَ	كَفَرُوا	امْرَأَتَ	نُوحٍ	وَ	امْرَأَتَ	لُوطٍ	كَانَتَا
حالت	واسطے	جو لوگ	انکار کیا انہوں نے	عورت۔بیوی	نوح	اور	عورت۔بیوی	لوط	تھیں وہ دونو

مَثَلًا لِّلَّذِينَ كَفَرُوا امْرَأَتَ نُوحٍ وَامْرَأَتَ لُوطٍ ۖ كَانَتَا

کافروں کے لئے نوح کی بیوی اور لوط کی بیوی کی تمثیل بیان فرمائی ہے وہ دونو

تَحْتَ	عَبْدَيْنِ	مِنْ	عِبَادِ	نَا	صَالِحَيْنِ	فَ	خَانَتَا	هُمَا	فَ	لَمْ
نیچے	دو بندے	سے	بندے	ہمارے	دونو نیک کردار	پس	خیانت کی ان دونو نے	دونو کا	پس	نہ

تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتَاهُمَا فَلَمْ

ہمارے دو نیک بندوں کے گھروں میں تھیں لیکن ان دونو نے ان سے بددیانتی کی تو وہ

يُغْنِيَا	عَنْ	هُمَا	مِنَ	اللَّهِ	شَيْئًا	وَ	قِيلَ	ادْخُلَا	النَّارَ	مَعَ
کام آسکے وہ دونو	سے	ان دونو	سے	اللہ تعالیٰ	کچھ	اور	کہا گیا	داخل ہو جاؤ تم دونو	آگ	ساتھ

يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللَّهِ شَيْئًا وَقِيلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ

دونو اللہ تعالیٰ (کے عذاب) سے ان کے کچھ بھی کام نہ آسکے اور حکم ہوا تم دونو بھی آگ میں داخل ہونے والوں کے ساتھ

الدّٰخِلِيْنَ ۝	وَ	ضَرَبَ	اللّٰهُ	مَثَلًا	لِ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	امْرَاَتَ
داخل ہونے والے	اور	بیان کیا	اللہ تعالیٰ	حالت	واسطے	جو لوگ	ایمان لائے	عورت - بیوی

الدّٰخِلِيْنَ ۝۱۰ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ

داخل ہو جاؤ ۔ اور اللہ تعالیٰ مومنوں کی مثال (ایک تو) فرعون کی بیوی سے بیان فرماتا

فِرْعَوْنَ	اِذْ	قَالَتْ	رَبِّ	ابْنِ	لِ	يْ	عِنْدَ	كَ	بَيْتًا	فِي	الْجَنَّةِ
فرعون (کی)	جب	کہا اس عورت نے	اے پروردگار میرے	بنا تو	واسطے	میرے	نزدیک	تیرے	گھر	بیچ	بہشت

فِرْعَوْنَ اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

ہے جب اس نے کہا اے میرے پالنہار اپنے پاس میرے لئے جنت میں ایک گھر بنا دے

وقف لازم

وَ نَجِّ نِيْ	مِنْ	فِرْعَوْنَ	وَ	عَمَلِ	هٖ	وَ	نَجِّ نِيْ	مِنَ	الْقَوْمِ
اور چھٹکارا دے تو مجھے	سے	فرعون	اور	طرز عمل	اس	اور	چھٹکارا دلا تو مجھے	سے	لوگ

وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ

اور مجھے فرعون اور اس کے طرز عمل سے چھٹکارا بخش اور مجھے ظالم قوم سے

الظّٰلِمِيْنَ ۝	وَ	مَرْيَمَ	ابْنَتَ	عِمْرٰنَ	الَّتِيْٓ	اَحْصَنَتْ
ظلم کرنے والے	اور	مریم	بیٹی	عمران	جس	حفاظت کی اس عورت نے

الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۱ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ

نجات بخش ۔ اور (مومنوں کی دوسری مثال) مریم بنت عمران سے بیان فرماتا ہے جس نے

فَرْجَ	هَا	فَ	نَفَخْنَا	فِيْ	هِ	مِنْ	رُّوْحِ	نَا	وَ	صَدَّقَتْ	بِ	كَلِمٰتِ
شرمگاہ ناموس	اس	پس	پھونکی ہم نے	بیچ	اس	سے	روح جان	ہمارا	اور	اس نے سچا جانا	ساتھ	باتیں

فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ

اپنے ناموس کی حفاظت کی پھر ہم نے اس میں اپنی روح پھونک دی اور اس نے اللہ تعالیٰ کے کلام اور

رَبِّ	هَا	وَ	كُتُبِ	هٖ	وَ	كَانَتْ	مِنَ	الْقٰنِتِيْنَ ۝
پروردگار	اس	اور	کتابیں	اس	اور	تھی وہ	سے	فرمانبرداری کرنے والے

رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ۝۱۲ ع

اس کی کتابوں کی تصدیق کی اور وہ فرمانبرداروں میں سے تھی

ع ۲ ۲۰

(۶۷) سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ (۷۷)

سورۂ ملک مکی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ۳۰ ———— رُكُوْعَاتُهَا ۲

اس کی ۳۰ آیتیں ———— اور ———— ۲ رکوع ہیں

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

تَبٰرَكَ	الَّذِىْ	بِ	يَدِ	هِ	الْمُلْكُ	وَ	هُوَ	عَلٰى	كُلِّ
برکت والا ہوا	وہ جو	ساتھ	ہاتھ	اس	بادشاہت	اور	وہ	اوپر	ہر۔ تمام

تَبٰرَكَ الَّذِىْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ

وہ ذات نہایت با برکت ہے جس کے قبضہ میں کل جہان کی سلطنت ہے اور وہ ہر چیز پر

شَىْءٍ	قَدِيْرُ ۨ	الَّذِىْ	خَلَقَ	الْمَوْتَ	وَ	الْحَيٰوةَ
چیز	طاقت والا	جس	پیدا کیا	موت	اور	زندگی (کو)

شَىْءٍ قَدِيْرُ ۨ الَّذِىْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ

قادر ہے جس نے موت اور زندگی کو پیدا فرمایا

لِ	يَبْلُوَ	كُمْ	اَيُّ	كُمْ	اَحْسَنُ	عَمَلًا	وَ	هُوَ	الْعَزِيْزُ
تاکہ	وہ آزمائے	تمہیں	کون	تم	بہتر ہے	عمل کرنا	اور	وہ	غالب

لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

تاکہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے کون اچھے اعمال بجالاتا ہے اور وہ غالب ہے بہت

الْغَفُوْرُ ۙ	الَّذِىْ	خَلَقَ	سَبْعَ	سَمٰوٰتٍ	طِبَاقًا	مَا
بخشنے والا	جس	پیدا کئے	سات	آسمان	اوپر تلے	نہیں

الْغَفُوْرُ ۙ الَّذِىْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۚ مَا

بخشنے والا ہے جس نے تہ بہ تہ یکساں طرز پر سات آسمان بنا ڈالے تو

تَرٰى	فِىْ	خَلْقِ	الرَّحْمٰنِ	مِنْ	تَفٰوُتٍ ۭ	فَ	ارْجِعِ	الْبَصَرَ ۙ
دیکھتا تو	میں	بناوٹ	نہایت مہربان	سے	کمی چوک	پس	لوٹا تو	آنکھ، نظر

تَرٰى فِىْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ۭ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ

خدائے رحمٰن کی (اس) تخلیق میں کوئی کسر نہیں دیکھے گا پس نگاہ ڈال کر دیکھ

هَلْ	تَرٰى	مِنْ	فُطُوْرٍ ○	ثُمَّ	ارْجِعِ	الْبَصَرَ	كَرَّتَيْنِ
کیا	دیکھتا ہے تو	سے کوئی	نقص خلل	پھر	واپس کر	نگاہ	دو مرتبہ

هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ۝۳ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ

کیا تجھے کوئی دراڑ نظر آتی ہے پھر بار بار اپنی نظر دوڑا

يَنْقَلِبْ	اِلَىْ	كَ	الْبَصَرُ	خَاسِئًا	وَّ	هُوَ	حَسِيْرٌ ○
لوٹ آئے گی	طرف	تیرے	نگاہ	ذلیل	اور	وہ	تھکی ہوئی

يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۝۴

بالآخر تیری آنکھ خوار ہو کر تھکی ہاری ہی تیری طرف لوٹ کر آئے گی

وَ	لَ	قَدْ	زَيَّنَّا	السَّمَآءَ	الدُّنْيَا	بِ	مَصَابِيْحَ	وَ	جَعَلْنَا	هَا
اور	البتہ	ضرور	ہم نے سجایا	آسمان	قریبی	ساتھ	چراغوں	اور	بنایا ہم نے	ئے

وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا

اور ہم نے قریبی آسمان کو چراغوں (ستاروں) سے زینت بخشی ہے اور ہم نے انہیں

رُجُوْمًا	لِّ	الشَّيٰطِيْنِ	وَ	اَعْتَدْنَا	لَ	هُمْ	عَذَابَ
پتھر مارنا	واسطے	شریر ہستیاں	اور	تیار کیا ہم نے	واسطے	ان	دکھ

رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ

شریروں کی سرکوبی کے لئے بنایا ہے یعنی ہم نے ان (شیطانوں) کے لئے دہکتی ہوئی آگ کا

السَّعِيْرِ ○	وَ	لِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِ	رَبِّ	هِمْ	عَذَابُ جَهَنَّمَ ۭ
بھڑکائی گئی آگ	اور	واسطے	جو لوگ	انکار کیا انہوں نے	ساتھ	پروردگار	ان	سزا دوزخ

السَّعِيْرِ ۝۵ وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ۭ

عذاب تیار کر رکھا ہے، اور جنہوں نے اپنے پروردگار کا انکار کیا ان کے لئے دوزخ کی سزا مقرر ہے

وَ	بِئْسَ	الْمَصِيْرُ ○	اِذَآ	اُلْقُوْا	فِيْ	هَا	سَمِعُوْا	لَ	هَا
اور	بُرا	ٹھکانا	جب	ڈالے گئے وہ	میں	اس	سنا انہوں نے	واسطے	اس

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ○ اِذَآ اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا

اور وہ بُرا ٹھکانا ہے جب اس میں وہ ڈال دیئے جائیں گے تو اس کا

شَهِيْقًا	وَّ	هِيَ	تَفُوْرُ ○	تَكَادُ	تَمَيَّزُ	مِنَ	الْغَيْظِ
شور	اور	وہ	جوش مارتی ہے	قریب ہے وہ	پھٹ پڑیگی وہ	سے	غصہ

شَهِيْقًا وَّهِيَ تَفُوْرُ ○ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ

پُرزور شور سنیں گے اور وہ جوش و خروش میں ہوگی، قریب ہے کہ وہ غصہ میں آکر پھٹ جائے

كُلَّمَآ	اُلْقِيَ	فِيْ	هَا	فَوْجٌ	سَاَلَ	هُمْ	خَزَنَةُ	هَا	اَ	لَمْ
جب کبھی	ڈالا گیا	میں	اس	جتھا	پوچھا	انہیں	نگران	اس	کیا	نہیں

كُلَّمَآ اُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ سَاَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ

جب بھی اس میں کوئی جتھہ ڈالا جائے گا تو دوزخ کا دربان ان سے پوچھیگا کیا تمہارے پاس

يَاْتِ	كُمْ	نَذِيْرٌ ○	قَالُوْا	بَلٰى	قَدْ	جَآءَ	نَا	نَذِيْرٌ
آیا	تمہارے	ڈرانے والا	کہا انہوں نے	کیوں نہیں	ضرور	آیا	ہمارے	ڈرانے والا

يَاْتِكُمْ نَذِيْرٌ ○ قَالُوْا بَلٰى قَدْ جَآءَنَا نَذِيْرٌ

کوئی (عذاب الٰہی سے) ڈرانے والا نہیں آیا تھا، وہ کہینگے کیوں نہیں ہمارے پاس ضرور ڈرانے والا آیا تھا

فَ	كَذَّبْنَا	وَ	قُلْنَا	مَا	نَزَّلَ	اللّٰهُ	مِنْ	شَيْءٍ	اِنْ
پس	جھٹلایا ہم نے	اور	کہا ہم نے	نہیں	اتاری	اللہ تعالیٰ نے	سے۔ کوئی	چیز	نہیں

فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ اِنْ

لیکن ہم نے اسے جھٹلایا اور کہا خدا نے تو کچھ بھی نہیں اتارا تم تو

اَنْتُمْ	اِلَّا	فِيْ	ضَلٰلٍ	كَبِيْرٍ ○	وَ	قَالُوْا	لَوْ	كُنَّا
تم	مگر	میں	گمراہی	بڑی	اور	کہا انہوں نے	اگر	تھے ہم

اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ كَبِيْرٍ ○ وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا

محض عظیم ترین گمراہی میں مبتلا ہو اور وہ بولیں گے اگر ہم

نَسْمَعُ	اَوْ	نَعْقِلُ	مَا	كُنَّا	فِیْٓ	اَصْحٰبِ	السَّعِيْرِ ۝
ہم سنتے	یا	ہم سمجھتے	نہ	ہوتے ہم	میں	ساتھی - والے	دوزخ

نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِیْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۝ ١٠

سن لیتے یا سوچ کرتے تو ہم (آج) دوزخیوں میں شامل نہ ہوتے

فَ	اعْتَرَفُوْا	بِ	ذَنْۢبِ	هِمْ	فَ	سُحْقًا	لِ	اَصْحٰبِ	السَّعِيْرِ ۝
پس	اقرار کرلیا انہوں نے	ساتھ	گناہ	اُن	پس	دُوری	واسطے	والے ساتھی	دوزخ

فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۝ ١١

پس دوزخیوں کے لئے (رحمت الٰہی سے) دُوری ہی دُوری ہے

اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَخْشَوْنَ	رَبَّ	هُمْ	بِ	الْغَيْبِ	لَ	هُمْ
بیشک	جو لوگ	وہ ڈرتے ہیں	پالنے والا	ان	ساتھ	پوشیدہ	واسطے	ان

اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ

بیشک جو لوگ اپنے پروردگار سے پوشیدگی میں بھی ڈرتے ہیں ان کے لئے

مَّغْفِرَةٌ	وَّ	اَجْرٌ	كَبِيْرٌ ۝	وَ	اَسِرُّوْا	قَوْلَ	كُمْ
بخشش	اور	ثواب	بڑا	اور	چھپاؤ تم	بات	تمہاری

مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝ ١٢ وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ

بخشش اور بڑا ثواب ہے اور لوگو اگر تم اپنی بات چھپاؤ یا

اَوِ	اجْهَرُوْا	بِ	هٖ ۭ	اِنَّ	هٗ	عَلِيْمٌۢ	بِ	ذَاتِ	الصُّدُوْرِ ۝
یا	اونچا بولو	ساتھ	اس	بیشک	وہ	خوب جاننے والا	ساتھ	والی	سینوں

اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ ١٣

اسے ظاہر کردو (تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑے گا) یقیناً وہ دلوں کے بھیدوں تک کو جاننے والا ہے

اَ	لَا	يَعْلَمُ	مَنْ	خَلَقَ ۭ	وَ	هُوَ	اللَّطِيْفُ	الْخَبِيْرُ ۝ ع
کیا	نہیں	وہ جانتا	جس نے	پیدا کیا	اور	وہ	باریک دیکھنے والا	خوب خبر رکھنے والا

اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ۭ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۝ ع ١٤ ع ١

کیا جس نے پیدا کیا وہ (مخلوق کی حرکتوں سے) ناواقف ہوگا حالانکہ وہ باریک بین باخبر ہستی ہے

هُوَ	الَّذِي	جَعَلَ	لَ	كُمُ	الْأَرْضَ	ذَلُولًا	فَ	امْشُوا
وہ	جس	بنایا	واسطے	تمہارے	زمین	قابو میں آنیوالی	پس	چلو تم

هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا

وہ جس نے تمہارے لئے زمین کو پست (زیر دست) بنایا سو تم اس کے اطراف

فِي	مَنَاكِبِ	هَا	وَ	كُلُوا	مِنْ	رِزْقِ	هٖ	وَ	إِلَي	هِ	النُّشُورُ ○
میں	راستوں، اطراف	اس	اور	کھاؤ تم	سے	روزی	اس	اور	طرف	اس	زندہ ہو کر جانا

فِي مَنَاكِبِهَا وَكُلُوا مِنْ رِزْقِهٖ ۖ وَإِلَيْهِ النُّشُورُ ○ ۱۵

میں چلو پھرو اور اس کی دی ہوئی روزی میں سے کھاؤ اور آخرکار اس کی طرف زندہ ہو کر تمہیں جانا ہے

ءَ	أَمِنْتُمْ	مَنْ	فِي	السَّمَاءِ	أَنْ	يَخْسِفَ	بِ	كُمُ
کیا	تم بے خطر ہو گئے	جو	بیچ	آسمان	کہ	دھنسا دے وہ	ساتھ	تمہارے

ءَأَمِنْتُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ أَنْ يَخْسِفَ بِكُمُ

کیا تم اس ذات سے جو آسمان میں ہے نڈر ہو چکے ہو کہ وہ تمہیں زمین میں (زلزلے پیدا کر کے)

الْأَرْضَ	فَ	إِذَا	هِيَ	تَمُورُ ○	أَمْ	أَمِنْتُمْ	مَنْ
زمین (کو)	پس	اچانک	وہ	تیز حرکت کرتی ہے	کیا	نڈر ہو گئے تم	جو

الْأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُورُ ○ ۱۶ أَمْ أَمِنْتُمْ مَنْ

دھنسا دے تو وہ اچانک ہچکولے لینے لگ جائے کیا تم آسمانی ہستی سے بے خوف

فِي	السَّمَاءِ	أَنْ	يُرْسِلَ	عَلَى	كُمْ	حَاصِبًا	فَ	سَ	تَعْلَمُونَ
میں	آسمان	کہ	وہ بھیجے	اوپر	تمہارے	تیز و تند آندھی	پس	جلدی	تم جان لوگے

فِي السَّمَاءِ أَنْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ۖ فَسَتَعْلَمُونَ

ہو چکے ہو کہ وہ تم پر کنکریوں سے پر جھکڑ چھوڑ دے تو تمہیں پتہ چل جائے

كَيْفَ	نَذِيرِ ○	وَ	لَ	قَدْ	كَذَّبَ	الَّذِينَ	مِنْ	قَبْلِ	هِمْ
کیسا	ڈرانا میرا	اور	البتہ	ضرور	جھٹلایا	جو لوگ	سے	پہلے	ان

كَيْفَ نَذِيرِ ○ ۱۷ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ

کہ میرا ڈرانا کیسا ہوتا ہے (اے نبی) ان سے پہلے لوگوں نے بھی جھٹلایا تھا

فَ	كَيْفَ	كَانَ	نَكِيْرِ ○	اَ	وَ	لَمْ	يَرَوْا	اِلَى	الطَّيْرِ
پس	کیسا	تھا	عذاب میرا	کیا	اور	نہیں	دیکھا انہوں نے	طرف	پرندے

فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿١٨﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ

تو دیکھو میرا عذاب کیا کیفیت لایا تھا   کیا انہوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا   جو

فَوْقَ	هُمْ	صٰٓفّٰتٍ	وَّ	يَقْبِضْنَ ؕۘ	مَا	يُمْسِكُ	هُنَّ
اوپر	اُن	پر پھیلائے ہوئے	اور	پر سمیٹے انہوں نے	نہیں	روکتا وہ	انہیں

فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ ؕۘ مَا يُمْسِكُهُنَّ

اُن کے اوپر پروں کو پھیلائے ہوتے اور سکیڑے ہوئے اُڑ رہے ہوتے ہیں، سوائے رحمٰن خدا کے

اِلَّا	الرَّحْمٰنُ ؕ	اِنَّ	هٗ	بِ	كُلِّ	شَيْءٍۭ	بَصِيْرٌ ○	اَ	مَّنْ
مگر	نہایت مہربان	بیشک	وہ	ساتھ	تمام۔ہر	چیز	دیکھنے والا	کیا	کون

اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍۭ بَصِيْرٌ ﴿١٩﴾ اَمَّنْ

انہیں کوئی روک نہیں رہا ہوتا، بیشک وہ ہر چیز کو دیکھنے والا ہے   کیا ہے   کوئی

هٰذَا	الَّذِيْ	هُوَ	جُنْدٌ	لَّ	كُمْ	يَنْصُرُ	كُمْ	مِّنْ
وہ	جو	وہ	لشکر	واسطے	تمہارے	وہ مدد کرے گا	تمہاری	سے

هٰذَا الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ

جو تمہاری (طرفداری میں) تمہارا لشکر بن کر خدائے رحمٰن کو   چھوڑ کر

دُوْنِ	الرَّحْمٰنِ ؕ	اِنِ	الْكٰفِرُوْنَ	اِلَّا	فِيْ	غُرُوْرٍ ○
سوائے	نہایت مہربان	نہیں	انکار کرنیوالے	مگر	میں	فریب۔دھوکا

دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ﴿٢٠﴾

تمہاری   مدد کرے   درحقیقت کافرلوگ تو محض   فریب خوردہ   ہیں

اَ	مَّنْ	هٰذَا	الَّذِيْ	يَرْزُقُ	كُمْ	اِنْ	اَمْسَكَ	رِزْقَ	هٗ
کیا	کون	وہ	جو	روزی دے گا	تمہیں	اگر	روک لیا اُسنے۔بند کر دیا اُسنے	روزی	اپنی

اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ

بھلا اور ہے کون جو تمہیں روزی دے   اگر وہ اپنا رزق   بند کر دے

بَلْ	لَّجُّوْا	فِیْ	عُتُوٍّ	وَّ	نُفُوْرٍ ○	اَ	فَ	مَنْ	یَّمْشِیْ	مُکِبًّا
بلکہ	انہوں نے اصرار کیا / وہ دور ہو چکے	بیچ	سرکشی	اور	بھاگنا۔ نفرت کرنا	کیا	اب پس	جو شخص	وہ چلتا ہے	جھکا ہوا۔ گرا ہوا

بَلْ لَّجُّوْا فِیْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ۲۱ اَفَمَنْ یَّمْشِیْ مُکِبًّا

(کوئی بھی نہیں) بلکہ وہ کافر سرکشی اور بھاگنے میں دور نکل چکے ہیں، (بتاؤ) کیا جو شخص (کافر) اوندھے منہ

عَلٰی	وَجْهِ	هٖۤ	اَهْدٰۤی	اَ	مَّنْ	یَّمْشِیْ	سَوِیًّا	عَلٰی
اوپر	چہرہ	اس	زیادہ راہ پانے والا	کیا	وہ شخص	چلتا ہے وہ	سیدھا۔ برابر	اوپر

عَلٰی وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤی اَمَّنْ یَّمْشِیْ سَوِیًّا عَلٰی

گرتا پڑتا ٹیڑھی ناہموار راہ پر چل رہا ہو زیادہ کامران ہو گا یا جو شخص (مومن) سیدھا تنا ہوا سیدھی

صِرَاطٍ	مُّسْتَقِیْمٍ ○	قُلْ	هُوَ	الَّذِیْۤ	اَنْشَاَ	کُمْ
راستہ	سیدھا	تو کہہ	وہ	جو	پیدا کیا اس نے	تمہیں

صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۲۲ قُلْ هُوَ الَّذِیْۤ اَنْشَاَکُمْ

پر چل رہا ہو۔ آپ کہہ دیجئے وہ خدا ہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا

وَ	جَعَلَ	لَ	کُمُ	السَّمْعَ	وَ	الْاَبْصَارَ	وَ	الْاَفْـِٕدَةَ	قَلِیْلًا
اور	بنایا اس نے	واسطے	تمہارے	سننا۔ کان	اور	دیکھنا۔ آنکھیں	اور	دل	تھوڑا

وَجَعَلَ لَکُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا

اور تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے مگر تم (ان نعمتوں کا) کم ہی

مَّا	تَشْکُرُوْنَ ○	قُلْ	هُوَ	الَّذِیْ	ذَرَاَ	کُمْ	فِی	الْاَرْضِ
جو	تم شکر کرتے ہو	تو کہہ	وہ	جو	پیدا کیا اُس نے	تمہیں	میں	زمین

مَّا تَشْکُرُوْنَ ۲۳ قُلْ هُوَ الَّذِیْ ذَرَاَکُمْ فِی الْاَرْضِ

شکر ادا کرتے ہو۔ آپ کہہ دیجئے خدا وہی تو ہے جس نے پیدا کر کے تمام روئے زمین میں تمہیں

وَ	اِلَیْ	هِ	تُحْشَرُوْنَ ○	وَ	یَقُوْلُوْنَ	مَتٰی	هٰذَا	الْوَعْدُ
اور	طرف	اس	تم اکٹھے کئے جاؤ گے	اور	وہ کہتے ہیں	کب	یہ	وعدہ

وَاِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ۲۴ وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ

پھیلا دیا ہے اور اسی کی طرف تم اکٹھے کئے جاؤ گے۔ اور وہ کہیں گے یہ وعدہ (حشر) کب پورا ہو گا

اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	قُلْ	اِنَّ	مَا	الْعِلْمُ	عِنْدَ
اگر	ہو تم	سچ بولنے والے	تو کہہ	سوائے اسکے نہیں		جاننا	نزدیک

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝٢٥ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ

اگر تم سچ بولتے ہو (تو بتلاؤ) آپ کہہ دیجئے حقیقی علم تو اس کا صرف

اللّٰهِ	وَ	اِنَّ	مَآ	اَنَا	نَذِيْرٌ	مُّبِيْنٌ	فَ	لَمَّا	رَاَوْ	هُ	زُلْفَةً
اللہ تعالیٰ	اور	سوائے اسکے نہیں		میں	ڈرانے والا	ظاہر	پس	جب	دیکھا انہوں نے	اسے	نزدیک

اللّٰهِ ۖ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝٢٦ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً

اللہ تعالیٰ کے پاس ہے اور میں تو فقط واضح طور پر خبردار کرنیوالا ہوں پھر ایسا ہو گا کہ جب اسے قریب

سِيْٓـَٔتْ	وُجُوْهُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	قِيْلَ	هٰذَا	الَّذِيْ
برے ہو گئے	چہرے	جو لوگ	انکار کیا انہوں نے	اور	کہا گیا	یہ	جو

سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا الَّذِيْ

آتا دیکھیں گے تو انکار کرنے والوں کے چہرے بگڑ جائیں گے اور کہا جائے گا یہ وہی تو ہے

كُنْتُمْ	بِ	هٖ	تَدَّعُوْنَ	قُلْ	اَ	رَءَيْتُمْ	اِنْ	اَهْلَكَ	نِيَ
تھے تم	ساتھ	اس	تم مانگتے تھے	تو کہہ	کیا	دیکھا تم نے	اگر	ہلاک کردے	مجھے

كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ۝٢٧ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ

جس کا تم مطالبہ کیا کرتے تھے آپ کہہ دیجئے بھلا دیکھو تو سہی اگر اللہ تعالیٰ مجھ کو اور

اللّٰهُ	وَ	مَنْ	مَّعِ	يَ	اَوْ	رَحِمَنَا	فَ	مَنْ	يُّجِيْرُ	الْكٰفِرِيْنَ
اللہ تعالیٰ	اور	جو شخص	ساتھ	میرے	یا	رحم کرے وہ	پس	کون	پناہ دے گا	انکار کرنیوالے

اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ

جو میرے ساتھی ہیں برباد کردے یا ہم پر کرم فرمائے تو تمام کافروں کو دردناک عذاب سے

مِنْ	عَذَابٍ	اَلِيْمٍ	قُلْ	هُوَ	الرَّحْمٰنُ	اٰمَنَّا	بِ	هٖ
سے	دکھ	دردناک	تو کہہ	وہ	نہایت مہربان	ہم ایمان لائے	ساتھ	اس

مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝٢٨ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ

کون پناہ دے گا آپ ہی کہہ دیجئے وہی خدائے رحمٰن ہی ہے جس پر ہم ایمان لائے

وَ	عَلَیْ	هِ	تَوَکَّلْنَا	فَ	سَ	تَعْلَمُوْنَ	مَنْ	هُوَ	فِیْ ضَلٰلٍ
اور	اوپر	اس	بھروسہ کیا ہم نے	پس	جلد ہی	تم جان لوگے	کون	وہ	میں گمراہی

وَعَلَیْهِ تَوَکَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِیْ ضَلٰلٍ

اور اس پر ہمارا بھروسہ ہے سو تمہیں جلد ہی پتہ چل جائے گا وہ کون ہے جو واضح گمراہی

مُّبِیْنٍ ۝	قُلْ	اَ	رَءَیْتُمْ	اِنْ	اَصْبَحَ	مَآؤُ	کُمْ	غَوْرًا
ظاہر	تو کہہ	کیا	دیکھا تم نے	اگر	ہو جائے	پانی	تمہارا	گہرا

مُّبِیْنٍ ۝ ۲۹ قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُکُمْ غَوْرًا

میں مبتلا ہے آپ کہدیجئے بھلا بتلاؤ تو سہی اگر تمہارا پانی گہرائی میں جا کر غائب ہو جائے

فَ	مَنْ	یَّاْتِیْ	کُمْ	بِ	مَآءٍ	مَّعِیْنٍ ۝
پس	کون	آئے گا	تمہارے	ساتھ	پانی	جاری ہونیوالا

ع ۲ فَمَنْ یَّاْتِیْکُمْ بِمَآءٍ مَّعِیْنٍ ۝

تو کون ہے وہ جو (سوائے خدا کے) تمہیں بہنے والا پانی مہیا کرے

(۶۸) سُوْرَةُ الْقَلَمِ مَکِّیَّةٌ (۲)

سورہ قلم مکی ہے

اٰیَاتُهَا ۵۲ ——— رُکُوْعَاتُهَا ۲

اس کی ۵۲ آیتیں ——— اور ——— ۲ رکوع ہیں

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

نٓ	وَ	الْقَلَمِ	وَ	مَا	یَسْطُرُوْنَ ۝	مَآ	اَنْتَ	بِ	نِعْمَةِ
نون	قسم ہے	قلم	اور	جو	وہ لکھتے ہیں	نہیں	تو	ساتھ	فضل

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ ۝ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ وہ لکھیں گے (یہی ثابت ہو گا) آپ اپنے پروردگار کے

رَبِّ	كَ	بِ	مَجْنُوْنٍ ○	وَ	اِنَّ	لَ	كَ	لَ	اَجْرًا	غَيْرَ	مَمْنُوْنٍ ○
پروردگار	تیرا	×	دیوانہ	اور	بیشک	واسطے	تیرے	البتہ	ثواب	نہ	ختم ہونے والا

رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ○ وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ○

فضل و کرم سے دیوانے نہیں ہیں اور بلا شبہ آپ کے لئے بے انتہا اجر (رسالت) ہے

وَ	اِنَّ	كَ	لَ	عَلٰى	خُلُقٍ	عَظِيْمٍ ○	فَ	سَ	تُبْصِرُ	وَ	يُبْصِرُوْنَ ○
اور	بیشک	تو	البتہ	اوپر	عادت خصلت	بڑا	پس	جلدہی	تو دیکھے گا	اور	وہ دیکھیں گے

وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ○ فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُوْنَ ○

اور بلا شبہ آپ اخلاق کے بلند ترین مقام پر ہیں، سو آپ بھی جلد ہی دیکھ لیں گے اور وہ بھی دیکھ لیں گے

بِ	اَيِّ	كُمُ	الْمَفْتُوْنُ ○	اِنَّ	رَبَّ	كَ	هُوَ	اَعْلَمُ	بِ	مَنْ	ضَلَّ
ساتھ	کون	تم	مجنون - دیوانہ	بیشک	پروردگار	تیرا	وہ	زیادہ جانتا ہے	ساتھ	جو	گمراہ ہوا

بِاَيِّكُمُ الْمَفْتُوْنُ ○ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ

کہ تم میں سے کون دیوانہ ہے (اور کون ہوشیار ہے) بیشک تیرا پروردگار ہی خوب جانتا ہے اسے جو سیدھی

عَنْ	سَبِيْلِ	هٖ	وَ	هُوَ	اَعْلَمُ	بِ	الْمُهْتَدِيْنَ ○	فَ	لَا
سے	راستہ	اس	اور	وہ	خوب جانتا ہے	ساتھ	راہ راست پر چلنے والے	پس	نہ

عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ○ فَلَا

راہ سے بھٹک گیا ہو اور راہ راست پر چلنے والوں کا بھی اسے پورا پتہ ہے سو آپ

تُطِعِ	الْمُكَذِّبِيْنَ ○	وَدُّوْا	لَوْ	تُدْهِنُ	فَ	يُدْهِنُوْنَ ○
کہا مان تو	جھٹلانے والے	وہ چاہتے ہیں	کاش	تو نرمی کرے	پس	وہ نرمی کریں

تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ○ ٨ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ○ ٩

جھٹلانے والوں کی باتوں میں نہ آئیں وہ تو چاہتے ہیں اگر آپ ڈھیلا پن دکھائیں تو وہ بھی ڈھیلے ہو جائیں

وَ	لَا	تُطِعْ	كُلَّ	حَلَّافٍ	مَّهِيْنٍ ○	هَمَّازٍ	مَّشَّآءٍ	بِ	نَمِيْمٍ ○
اور	نہ	کہا مان تو	ہر	بہت قسمیں کھانے والا	ذلیل	بہت عیب لگانے والا	بہت چلنے والا	ساتھ	چغلی

وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ○ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍ بِنَمِيْمٍ ○

اور یاد رکھئے آپ ہر قسم کھانے والے بے آبرو کا بھی کہا نہ مانیں جو طعنہ باز ہے چغلیاں لگاتا پھرتا ہے

مَّنَّاعٍ	لِّ	لْخَيْرِ	مُعْتَدٍ	اَثِيْمٍ ۝	عُتُلٍّ	بَعْدَ	ذٰلِكَ
بہت روکنے والا	واسطے	بھلائی	حد سے گزرنے والا	خطاکار	حریص۔ بدخو۔ تندخو	پیچھے	اس

مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝۱۲ عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ

بھلے کاموں سے بہت روکنے والا حد سے بڑھنے والا گنہگار ہے، تندخو ہے اس کے علاوہ بد اصل ہے۔

زَنِيْمٍ ۝	اَنْ	كَانَ	ذَا	مَالٍ	وَّ	بَنِيْنَ ۝	اِذَا	تُتْلٰى
اپنے باپ کی جانب دوسری قوم سے منسوب ہونے والا	کہ	ہے وہ	والا	مال۔ دولت	اور	بیٹوں	جب	پڑھی جاتی ہے

زَنِيْمٍ ۝۱۳ اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيْنَ ۝۱۴ اِذَا تُتْلٰى

(کیا اس بنتے پر) کہ وہ دولت مند اور بیٹوں والا ہے جب اس پر ہماری نشانیاں

عَلَيْ	هِ	اٰيٰتُ	نَا	قَالَ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ ۝	سَ	نَسِمُ	هٗ
اوپر	اس	نشانیاں	ہماری	کہا اس نے	کہانیاں۔ بے سند باتیں	پہلے لوگ	جلدہی	ہم داغ لگا دینگے	اسے

عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۵ سَنَسِمُهٗ

پڑھی جاتی ہیں بولا یہ پہلوں کی کہاوتیں ہیں ہم بھی اس کی سونڈ (ناک) پر

عَلَى	الْخُرْطُوْمِ ۝	اِنَّ	نَا	بَلَوْنَا	هُمْ	كَمَا	بَلَوْنَآ	اَصْحٰبَ
اوپر	سونڈ۔ ناک	بیشک	ہم	آزمایا ہم نے	ان	جیسا	آزمایا ہم نے	ساتھی

عَلَى الْخُرْطُوْمِ ۝۱۶ اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ

کو داغ دینگے (ذلیل و خوار کردینگے) ہم نے انہیں بھی آزمائش میں اس طرح ڈالا ہے جس طرح ہم نے باغ والوں کو

الْجَنَّةِ	اِذْ	اَقْسَمُوْا	لَ	يَصْرِمُنَّ	هَا	مُصْبِحِيْنَ ۝
باغ	جب	قسم کھائی انہوں نے	البتہ	ضرور توڑلیں گے وہ	اُسے	صبح کرنے والے

الْجَنَّةِ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ۝۱۷

آزمائش میں ڈالا تھا جب آپس میں انہوں نے قسمیں کھائیں کہ وہ ضرور صبح ہوتے ہی اسکے پھل توڑلینگے اور

وَ	لَا	يَسْتَثْنُوْنَ ۝	فَ	طَافَ	عَلَى	هَا	طَآئِفٌ	مِّنْ
اور	نہ	ان شاء اللہ کہا انہوں نے	پس	چکر لگایا	اوپر	اس	چکر لگانے والا	سے

وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ۝۱۸ فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ

ان شاء اللہ بھی نہ کہا انہوں نے وہ ابھی سو ہی رہے تھے کہ تیرے پروردگار کی طرف سے

رَّبِ	كَ	وَ	هُمْ	نَآئِمُوْنَ ○	فَ	اَصْبَحَتْ	كَ	الصَّرِيْمِ ○	
پالنے والا	تیرا	اور	وہ	سونے والے	پس	ہو گیا وہ	مانند	جڑسے کٹا ہوا	

رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ○ ۱۹ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ○ ۲۰

ایک بڑی آفت نے اس پر پھیرا ڈالا سو وہ صبح ہوتے ہی کٹی ہوئی کھیتی کی مانند ہو گیا

فَ	تَنَادَوْا	مُصْبِحِيْنَ ○	اَنِ	اغْدُوْا	عَلٰى	حَرْثِ	كُمْ
پس	انہوں نے ایک دوسرے کو پکارا	صبح کرنے والے	کہ	سویرے چلو تم	اوپر	کھیتی	تمہاری

فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ○ ۲۱ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ

پھر تب تڑکے ہی تڑکے انہوں نے ایک دوسرے کو آواز دی کہ اگر تمہیں میوے توڑنے ہیں تو اپنی کھیتی کی

اِنْ	كُنْتُمْ	صٰرِمِيْنَ ○	فَ	انْطَلَقُوْا	وَ	هُمْ
اگر	ہو تم	کاٹنے والے	پس	چلے وہ	اور	وہ

اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ○ ۲۲ فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ

طرف سویرے سویرے چلو تب وہ چل پڑے اور وہ آپس میں چپکے چپکے

يَتَخَافَتُوْنَ ○	اَنْ	لَّا	يَدْخُلَنَّ	هَا	الْيَوْمَ	عَلَيْ	كُمْ	
چپکے چپکے باتیں کرتے ہیں	کہ	نہ	داخل ہونے پائے	اس	آج کے دن	اوپر	تمہارے	

يَتَخَافَتُوْنَ ○ ۲۳ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ

کہتے جا رہے تھے کہ (دیکھنا) آج تمہارے پاس کوئی محتاج پھٹکنے

مِّسْكِيْنٌ ○	وَّ	غَدَوْا	عَلٰى	حَرْدٍ	قٰدِرِيْنَ ○	فَ	لَمَّا
محتاج	اور	سویرے گئے وہ	اوپر	منع کرنا۔ بخل کرنا	طاقت رکھنے والے	پس	جب

مِّسْكِيْنٌ ○ ۲۴ وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ○ ۲۵ فَلَمَّا

نہ پائے اور سویرے ہی چلتے گئے اپنے تئیں مساکین کو محروم رکھنے پر طاقتور تصور کرتے ہوئے

رَاَوْ	هَا	قَالُوْٓا	اِنَّ	نَا	لَ	ضَآلُّوْنَ ○	بَلْ	نَحْنُ	مَحْرُوْمُوْنَ ○
دیکھا انہوں نے	اسے	کہا انہوں نے	بیشک	ہم	البتہ	راستہ بھولنے والے	بلکہ	ہم	محروم ہونے والے

رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ○ ۲۶ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ○ ۲۷

غرض جب پہنچ کر اسے (باغ) کو دیکھا بولے ہم تو یقیناً بھٹک کر (دوسری جگہ) آ گئے نہیں ہم تو بے نصیب ہو گئے ہیں

قَالَ	اَوْسَطُ	هُمْ	اَ	لَمْ	اَقُلْ	لَّ	كُمْ	لَوْ لَا	تُسَبِّحُوْنَ ○
کہا	درمیانی	ان	کیا	نہیں	میں نے کہا	واسطے	تمہارے	کیوں نہیں	تم تسبیح کرتے ہو

قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ○ ۲۸

ان میں سے ایک فرزانہ بولا کیا میں نے تمہیں کہا نہیں تھا کہ تم (اس نعمت کے شکرانے کی خاطر) خدا کی تسبیح کیوں نہیں کرتے

قَالُوْا	سُبْحٰنَ	رَبِّ	نَآ	اِنْ	نَا	كُنَّا	ظٰلِمِيْنَ ○	فَ	اَقْبَلَ
کہا انہوں نے	پاک ہے	پروردگار	ہمارا	بیشک	ہم	تھے ہم	ظلم کرنیوالے حق مارنیوالے	پس	آگے بڑھا

قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۲۹ فَاَقْبَلَ

(سب) بولے پاک ہے ہمارا پالنے والا ہم تو لازما حق مارنے والے تھے سو وہ

بَعْضُ	هُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ	يَّتَلَاوَمُوْنَ ○	قَالُوْا
کچھ	ان	اوپر	کچھ	وہ ایک دوسرے کو ملامت کرتے ہیں	کہا انہوں نے

بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ○ ۳۰ قَالُوْا

ایک دوسرے کو ملامت کرتے ہوئے آگے بڑھے (متوجہ ہوئے) کہتے جاتے

يَا	وَيْلَ	نَآ	اِنْ	نَا	كُنَّا	طٰغِيْنَ ○	عَسٰى	رَبُّ	نَآ	اَنْ	يُّبْدِلَ	نَا
اے	خرابی	ہماری	بیشک	ہم	تھے ہم	سرکشی کرنیوالے	نزدیک ہے	پروردگار	ہمارا	کہ	بدلے میں دے وہ	ہم کو

يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ○ ۳۱ عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا

اے ہمارا ستیاناس ہم تو بلاشبہ سرکشی کرنے والے بن گئے، امید ہے کہ (اب اس ندامت کے باعث) ہمارا پروردگار

خَيْرًا	مِّنْ	هَآ	اِنْ	نَآ	اِلٰى	رَبِّ	نَا	رٰغِبُوْنَ ○	كَ	ذٰلِكَ
بہتر	سے	اس	بیشک	ہم	طرف	پالنے والا	ہمارا	رغبت کرنیوالے	مانند	اس

خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ ○ ۳۲ كَذٰلِكَ

ہمیں اس سے بہتر (باغ) بدلے میں دے دے اب تو ہم بلاشبہ اپنے پالنے والے کی طرف رجوع کرتے ہیں (لوگو دیکھو)

الْعَذَابُ ط	وَ	لَ	عَذَابُ	الْاٰخِرَةِ	اَكْبَرُ م	لَوْ	كَانُوْا
سزا۔ دکھ	اور	البتہ	سزا	آخرت	زیادہ بڑا	کاش	تھے وہ

الْعَذَابُ ط وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ م لَوْ كَانُوْا

عذاب یوں ہوتا ہے اور اگر وہ جان لیں تو آخرت کا عذاب (اس سے) کہیں

وقف لازم

یَعْمَلُوْنَ ۝	اِنَّ	لِ	الْمُتَّقِیْنَ	عِنْدَ	رَبِّ	هِمْ	جَنّٰتِ
وہ جانتے ہیں	بیشک	واسطے	پرہیزگار لوگ	نزدیک	پالنے والا	اُن (کا)	باغات

یَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّ لِلْمُتَّقِیْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ

اور یقیناً پرہیزگاروں کے لئے اپنے پروردگار کے پاس نعمتوں سے پُر باغ ہوگا

النَّعِیْمِ ۝	اَ	فَ	نَجْعَلُ	الْمُسْلِمِیْنَ	كَ	الْمُجْرِمِیْنَ ۝
نعمتیں	کیا	پس	ہم بنا دیں	فرمانبرداری کرنے والے	مانند	نافرمان لوگ

النَّعِیْمِ ۝ ٣٤ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِیْنَ كَالْمُجْرِمِیْنَ ۝ ٣٥

باغات ہونگے پھر کیا ہم (اس جہان میں) فرمانبردار لوگوں کو نافرمانوں جیسا بنا دیں

مَا	لَ	كُمْ وقفة	كَیْفَ	تَحْكُمُوْنَ ۝	اَمْ	لَ	كُمْ	كِتٰبٌ
کیا	واسطے	تمہارے	کیسا	تم فیصلہ کرتے ہو	کیا	واسطے	تمہارے	کتاب

مَا لَكُمْ وقفة كَیْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝ ٣٦ اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ

تمہیں کیا ہوا کیسا فیصلہ تم کرتے ہو کیا تمہارے لئے کوئی کتاب (اتری) ہے

فِیْ	هِ	تَدْرُسُوْنَ ۝	اِنَّ	لَ	كُمْ	فِیْ	هِ	لَ	مَا	تَخَیَّرُوْنَ ۝
میں	اس	تم پڑھتے ہو	بیشک	واسطے	تمہارے	میں	اس	البتہ	جو	تم اختیار کرتے ہو

فِیْهِ تَدْرُسُوْنَ ۝ ٣٧ اِنَّ لَكُمْ فِیْهِ لَمَا تَخَیَّرُوْنَ ۝ ٣٨

جس میں تم (ایسی بات) پڑھتے ہو کہ جو طریق تم اختیار کروگے وہ تمہارے لئے مفید ہوگا

اَمْ	لَ	كُمْ	اَیْمَانٌ	عَلَیْ	نَا	بَالِغَةٌ	اِلٰی	یَوْمِ	الْقِیٰمَةِ
کیا	واسطے	تمہارے	قسمیں	اوپر	ہمارے	پہنچنے والی	طرف	دن	قیامت

اَمْ لَكُمْ اَیْمَانٌ عَلَیْنَا بَالِغَةٌ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ

یا کیا تمہارے حق میں ہمارے ذمہ کوئی قسمیں قیامت تک گئی ہوئی ہیں

اِنَّ	لَ	كُمْ	لَ	مَا	تَحْكُمُوْنَ ۝	سَلْ	هُمْ	اَیُّ	هُمْ
بیشک	واسطے	تمہارے	البتہ	جو	تم فیصلہ کرتے ہو۔ تم حکم کرتے ہو	پوچھ تو	اُن	کون	اُن

اِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُوْنَ ۝ ٣٩ سَلْهُمْ اَیُّهُمْ

کہ جو تم حکم کروگے وہ تمہارے لئے حاضر کر دیا جائے گا آپ ان سے دریافت کریں کہ

بِ	ذٰلِكَ	زَعِيْمٌ ۚ	اَمْ	لَ	هُمْ	شُرَكَآءُ ۚ	فَ	لْ	يَاْتُوْا
ساتھ	اس	ذمہ دار	کیا	واسطے	ان	ساجھی	پس	چاہئے	وہ ہیں

ع ١٥ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ۚ اَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ ۚ فَلْيَاْتُوْا

کون تم میں سے اس کا ذمہ دار ہے یا کیا (اس دعوے میں) ان کے اور بھی شریک لوگ ہیں تو

بِ	شُرَكَآءِ	هِمْ	اِنْ	كَانُوْا	صٰدِقِيْنَ ۝	يَوْمَ	يُكْشَفُ
ساتھ	شریکوں	اپنے	اگر	تھے وہ	سچ بولنے والے	دن	کھولا جائے گا

بِشُرَكَآئِهِمْ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ۝ يَوْمَ يُكْشَفُ

پھر اگر یہ سچے ہیں تو اپنے شریکوں کو بھی پیش کریں جس دن پنڈلی ظاہر کی

عَنْ	سَاقٍ	وَّ	يُدْعَوْنَ	اِلَى	السُّجُوْدِ	فَ	لَا
سے	پنڈلی	اور	وہ بلائے جائیں گے	طرف	سجدے۔ زمین پر ماتھا ٹیک دینا	پس	نہ

عَنْ سَاقٍ وَّيُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ فَلَا

جائے گی (یعنی معاملہ شدت اختیار کر جائے گا) اور وہ سجدہ کرنے کے لئے بلائے جائیں گے

يَسْتَطِيْعُوْنَ ۝	خَاشِعَةً	اَبْصَارُ	هُمْ	تَرْهَقُ	هُمْ
وہ طاقت رکھیں گے	جھکی ہوں گی	آنکھیں	(ان کی)	چھا جائے گی	ان

يَسْتَطِيْعُوْنَ ۝ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ

تو وہ سجدہ نہ کر سکیں گے ان کی نظریں نیچی ہوں گی ان پر رسوائی

ذِلَّةٌ ۭ	وَ	قَدْ	كَانُوْا	يُدْعَوْنَ	اِلَى	السُّجُوْدِ	وَ	هُمْ
رسوائی	اور	ضرور	تھے وہ	بلائے جاتے	طرف	سجدوں	اور	وہ

ذِلَّةٌ ۭ وَقَدْ كَانُوْا يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَهُمْ

مسلط ہو گی حالانکہ جب وہ بھلے چنگے تھے سجدہ کی طرف بلائے جاتے تھے (تو توجہ

سٰلِمُوْنَ ۝	فَ	ذَرْ	نِيْ	وَ	مَنْ	يُّكَذِّبُ	بِ	هٰذَا الْحَدِيْثِ ۭ
تندرست رہنے والے صحیح سلامتی والے	پس	چھوڑ دے	مجھے	اور	جو شخص	وہ جھٹلاتا ہے	ساتھ	اس بات

سٰلِمُوْنَ ۝ فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ۭ

نہیں دیتے تھے) پس آپ مجھے اور جو اس بات کو جھٹلاتا ہے اپنی اپنی حالت میں رہنے دیجئے

سَ	نَسْتَدْرِجُ	هُمْ	مِّنْ	حَيْثُ	لَا	يَعْلَمُوْنَ ○
جلد ہی	درجہ بدرجہ لے جائینگے ہم	انہیں	سے	جہاں	نہ	وہ جانتے ہیں

سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۴۴

ہم آہستہ آہستہ انہیں ایسے مقام کی طرف لے جا رہے ہیں جس کا انہیں پتہ بھی نہیں

وَ	اُمْلِیْ	لَ	هُمْ	اِنَّ	كَيْدِ	یْ	مَتِيْنٌ ○	اَمْ
اور	میں ڈھیل دوں گا	واسطے	اُن	بیشک	تدبیر	میری	پختہ۔ مضبوط	کیا

وَاُمْلِیْ لَهُمْ ؕ اِنَّ كَيْدِیْ مَتِيْنٌ ۝۴۵ اَمْ

اور میں انہیں مہلت دونگا بلاشبہ میری تدبیر نہایت مضبوط ہے کیا

تَسْـَٔلُ	هُمْ	اَجْرًا	فَ	هُمْ	مِّنْ	مَّغْرَمٍ	مُّثْقَلُوْنَ ○
تو مانگتا ہے	ان	مزدوری۔ ثواب	پس	وہ	سے	تاوان۔ چٹی	دب جانے والے۔ بوجھل ہونے والے

تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ۝۴۶

آپ ان سے کوئی محنتانہ طلب کرتے ہیں کہ وہ چٹی کی وجہ سے دبے جا رہے ہیں

اَمْ	عِنْدَ	هُمُ	الْغَيْبُ	فَ	هُمْ	يَكْتُبُوْنَ ○	فَ	اصْبِرْ
کیا	پاس	ان	پوشیدہ بات	پس	وہ	وہ لکھتے ہیں	پس	صبر کر تو

اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ۝۴۷ فَاصْبِرْ

کیا ان کے پاس علم غیب ہے جسے وہ لکھ لیتے ہیں پس آپ اپنے پروردگار

لِ	حُكْمِ	رَبِّ	كَ	وَ	لَا	تَكُنْ	كَ	صَاحِبِ	الْحُوْتِ
واسطے	فیصلہ	پالنے والا	تیرا	اور	نہ	ہو تو	مانند	ساتھی	مچھلی

لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ ۘ

کے فرمان کے مطابق صبر سے کام لیں اور مچھلی والے (یونس) کی طرح مت ہو جائیے

اِذْ	نَادٰى	وَ	هُوَ	مَكْظُوْمٌ ○	لَوْ	لَآ	اَنْ	تَدٰرَكَ	هٗ
جب	پکارا اس نے	اور	وہ	غم سے بھرا ہوا	اگر	نہ	کہ	پالیا اس نے	اُسے

اِذْ نَادٰى وَهُوَ مَكْظُوْمٌ ۝۴۸ ؕ لَوْلَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ

جب اس نے پکارا اور وہ غم سے بھرا ہوا تھا اگر اس کے پروردگار کا فضل اس کی

نِعْمَةٌ	مِّنْ	رَّبِّ	هٖ	لَ	نُبِذَ	بِ	الْعَرَآءِ	وَ	هُوَ
فضل	سے	پالنے والا	اس	البتہ	پھینکا گیا وہ	ساتھ	چٹیل میدان	اور	وہ

نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ

دست گیری نہ کرتا تو وہ چٹیل میدان میں پھینک دیا جاتا اور وہ

مَذْمُوْمٌ ○	فَ	اجْتَبٰى	هُ	رَبُّ	هٗ	فَ	جَعَلَ	هٗ	مِنَ
ملامت کیا گیا	پس	چن لیا۔ پسند کیا	اُسے	پالنے والا	اس	پس	بنایا	اُسے	سے

مَذْمُوْمٌ ۝٤٩ فَاجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ

زیر الزام رہتا پھر اس کے پروردگار نے اسے چن لیا تو پھر سے نیکوکار بندوں میں

الصّٰلِحِيْنَ ○	وَ	اِنْ	يَّكَادُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
نیکی کرنے والے	اور	بیشک	نزدیک ہے	جو لوگ	انکار کیا انہوں نے

الصّٰلِحِيْنَ ۝٥٠ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اسے شامل کر لیا اور جن لوگوں نے حق کا انکار کیا وہ

لَ	يُزْلِقُوْنَ	كَ	بِ	اَبْصَارِ	هِمْ	لَمَّا	سَمِعُوا	الذِّكْرَ
البتہ	پھسلا دیتے ہیں وہ	تجھے	ساتھ	آنکھوں	اُن	جب	سنا انہوں نے	نصیحت

لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ

یقیناً اس بات میں لگے ہوتے ہیں کہ وہ اپنی تیز نگاہی سے آپ کو اپنے مقصد سے باز رکھیں جب

وَ	يَقُوْلُوْنَ	اِنَّ	هٗ	لَ	مَجْنُوْنٌ ○	وَ	مَا	هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ
اور	وہ کہتے ہیں	بیشک	وہ	البتہ	دیوانہ	اور	نہیں	وہ	مگر	نصیحت

وقف لازم

وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝٥١ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

انہوں نے نصیحت بھی سنی (پھر بھی باز نہیں آتے) اور کہتے ہیں لازماً وہ کوئی دیوانہ ہے، حالانکہ (یہ بھی کوئی بات نہیں)

لِّ	الْعٰلَمِيْنَ ○ ع
واسطے	تمام جہان

ع ٢

لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝٥٢ ع

وہ تو فقط تمام جہانوں کے لئے ایک نصیحت (کرنیوالا) ہے

(٦٩) سُوْرَةُ الْحَآقَّةِ مَكِّيَّةٌ (٧٨)

سورہ حاقہ مکی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ٥٢ ———— رُكُوْعَاتُهَا ٢

اس کی ٥٢ آیات ———— اور ———— ٢ رکوع ہیں

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

اَلْحَآقَّةُ ○	مَا	الْحَآقَّةُ ○	وَ	مَآ	اَدْرٰى	كَ	مَا	الْحَآقَّةُ ○
سچ مچ ہو جانیوالی	کیا ہے	سچ مچ ہو جانے والی	اور	کیا چیز	بتایا اس نے	تجھے	کیا ہے	سچ مچ ہو جانے والی

اَلْحَآقَّةُ ○ مَا الْحَآقَّةُ ○ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحَآقَّةُ ○

سچ مچ ہو جانیوالی کیا ہے سچ مچ ہو جانیوالی اور کس چیز نے تجھے بتایا کہ سچ مچ وقوع میں آنیوالی کیا ہے

كَذَّبَتْ	ثَمُوْدُ	وَ	عَادٌۢ	بِ	الْقَارِعَةِ ○	فَ	اَمَّا	ثَمُوْدُ
جھٹلایا	ثمود (قوم نے)	اور	عاد (قوم نے)	ساتھ	کھڑکھڑانے والی	پس	جو کہ	ثمود

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ○ فَاَمَّا ثَمُوْدُ

(او سنو) قوم ثمود اور عاد نے بھی کھڑکھڑاہٹ والی (گھڑی) کو جھٹلایا تھا لیکن ثمود تو

فَ	اُهْلِكُوْا	بِ	الطَّاغِيَةِ ○	وَ	اَمَّا	عَادٌ	فَ	اُهْلِكُوْا
پس	وہ ہلاک کئے گئے	ساتھ	حد سے نکل جانیوالی۔ زوردار	اور	جو کہ	عاد	پس	ہلاک کئے گئے وہ

فَاُهْلِكُوْا بِالطَّاغِيَةِ ○ وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا

زوردار آفت سے برباد کئے گئے اور رہے عاد تو وہ ایک تیز و تند بے قابو

بِ	رِيْحٍ	صَرْصَرٍ	عَاتِيَةٍ ○	سَخَّرَ	هَا	عَلٰى	هِمْ	سَبْعَ
ساتھ	ہوا	سخت سرد تیز	بے قابو ہونے والی	لگا دیا اس نے	اسے	اوپر	ان	سات

بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ○ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ

آندھی سے ہلاک کئے گئے خدا تعالیٰ نے جسے ان پر سات

لَيَالٍ	وَّ	ثَمٰنِيَةَ	اَيَّامٍ	حُسُوْمًا	فَ	تَرَى	الْقَوْمَ
راتیں	اور	آٹھ	دن	جڑ کاٹنے والے	پس	تو دیکھتا ہے	لوگ

لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا ۙ فَتَرَى الْقَوْمَ

راتیں اور آٹھ دن لگاتار لگائے رکھا تھا ان کی جڑیں کاٹنے والی ثابت ہوئی۔ اے مخاطب تو اگر اس قوم کو

فِيْ	هَا	صَرْعٰى	كَ	اَنَّ	هُمْ	اَعْجَازُ	نَخْلٍ	خَاوِيَةٍ ۝
میں	اس	گرا ہوا	گویا	کہ	وہ	تنے	کھجور	گری ہوئی

فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝

اس حالت میں گرا ہوا دیکھتا تو (تجھے ایسا لگتا) گویا وہ کھجوروں کے کھوکھلے گرے ہوئے تنے ہیں

فَ	هَلْ	تَرٰى	لَ	هُمْ	مِّنْ	بَاقِيَةٍ ۝	وَ	جَآءَ	فِرْعَوْنُ
پس	کیا	دیکھتا ہے تو	واسطے	ان	سے	بچی ہوئی	اور	آیا	فرعون

فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ۝ وَجَآءَ فِرْعَوْنُ

پس (اب تو) کیا ان کا کوئی بچے ہوئے آثار دیکھ پاتا ہے اور فرعون اور جو لوگ اس سے

وَ	مَنْ	قَبْلَ	هٗ	وَ	الْمُؤْتَفِكٰتُ	بِ	الْخَاطِئَةِ ۝	فَ	عَصَوْا
اور	سے	پہلے	اس	اور	الٹائی گئیں (بستیاں)	ساتھ سبب	خطائیں	پس	نافرمانی کی انہوں نے

وَمَنْ قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ۝ فَعَصَوْا

پہلے تھے اور الٹائی گئی بستیوں (والے) سب نے بڑی خطائیں کیں انہوں نے اپنے

رَسُوْلَ	رَبِّ	هِمْ	فَ	اَخَذَ	هُمْ	اَخْذَةً	رَّابِيَةً ۝
پیغامبر (کی)	پروردگار	اُن	پس	پکڑا اس نے	انہیں	پکڑنا	اونچا۔ سخت

رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ۝ ۱۰

پروردگار کے بھیجے ہوئے کی نافرمانی کی، سو اس نے انہیں سخت طور پر پکڑا

اِنَّا	لَمَّا	طَغَا	الْمَآءُ	حَمَلْنٰ	كُمْ	فِي	الْجَارِيَةِ ۝
بیشک ہم	جبکہ	سرکشی کی، چڑھ دوڑا	پانی	اٹھایا ہم نے	تمہیں	بیچ	چلنے والی (کشتی)

اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ۝ ۱۱

یقیناً ہم نے جبکہ پانی میں طغیانی آئی تمہیں کشتی میں سوار کیا

لِ	نَجْعَلَ	هَا	لَ	كُمْ	تَذْكِرَةً	وَّ	تَعِيَ	هَآ	اُذُنٌ	وَّاعِيَةٌ ۝
تاکہ	ہم بنادیں	اُسے	واسطے	تمہارے	یادگار	اور	یاد رکھیں	اُسے	کان	یاد رکھنے والے

لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ۝ ١٢

تاکہ ہم اس (نجات) کو تمہارے لئے یادگار بنائیں اور یاد رکھنے والے کان اسے یاد رکھیں

فَ	اِذَا	نُفِخَ	فِى	الصُّوْرِ	نَفْخَةٌ	وَّاحِدَةٌ ۝
پس	جب	پھونکا گیا	میں	بگل	پھونکنا	ایک بار

فَاِذَا نُفِخَ فِى الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝ ١٣

پس جب ایک بار بگل میں پھونکا جائے گا

وَّ	حُمِلَتِ	الْاَرْضُ	وَ	الْجِبَالُ	فَ	دُكَّتَا	دَكَّةً
اور	اٹھائی گئی	زمین	اور	پہاڑ	پس	توڑ دیئے گئے	توڑ دینا

وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً

اور زمین اور پہاڑوں کو اٹھایا جائے گا تو انہیں یک دم توڑ پھوڑ کر

وَّاحِدَةً ۝	فَ	يَوْمَ	اِذٍ	وَّقَعَتِ	الْوَاقِعَةُ ۝	وَ	انْشَقَّتِ
ایک مرتبہ	پس	دن	اس	ہو جائے گی	ہو جانے والی	اور	پھٹ پڑے گا

وَّاحِدَةً ۝ ١٤ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝ ١٥ وَانْشَقَّتِ

رکھ دیا جائے گا تب اس دن ہونیوالی (قیامت) وقوع پذیر ہو جائے گی اور آسمان پھٹ

السَّمَآءُ	فَ	هِىَ	يَوْمَ	اِذٍ	وَّاهِيَةٌ ۝	وَّ	الْمَلَكُ
آسمان	پس	وہ	دن	اس	سست۔ بودا	اور	فرشتے

السَّمَآءُ فَهِىَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ۝ ١٦ وَّالْمَلَكُ

جائے گا تو اس دن وہ بھی بودا ہو جائے گا اور فرشتے اس کے

عَلٰٓى	اَرْجَآءِ	هَا	وَ	يَحْمِلُ	عَرْشَ	رَبِّ	كَ	فَوْقَ	هُمْ
اوپر	کنارے	اس	اور	اٹھائیں گے	تخت	پروردگار	تیرا	اوپر	ان

عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ؕ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ

کناروں پر سمٹ آئیں گے اور اس دن تیرے پروردگار کے تخت کو آٹھ فرشتے اپنے اوپر

يَوْمَ	اِذٍ	ثَمٰنِيَةٌ ۝	يَوْمَ	اِذٍ	تُعْرَضُوْنَ	لَا	تَخْفٰى
دن	اس	آٹھ	دن	اس	پیش کیے جاؤ گے تم	نہیں	پوشیدہ ہوگا

يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ۝ ۱۷ يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى

لئے ہوتے ہوں گے   اس دن تم پیش کیے جاؤ گے   تمہاری کوئی سی خفیہ حرکت

مِنْ	كُمْ	خَافِيَةٌ ۝	فَ	اَمَّا	مَنْ	اُوْتِيَ	كِتٰبَ	هٗ
سے	تم	پوشیدہ رہنے والی	پس	جو کہ	کوئی شخص	دیا گیا	لکھت - اعمال نامہ	اس

مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ۝ ۱۸ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ

تم سے پوشیدہ نہیں ہوگی   پھر جس کا اعمالنامہ اس کے داہنے ہاتھ میں دیا گیا

بِ	يَمِيْنِ	هٖ	فَ	يَقُوْلُ	هَاۤؤُمُ	اقْرَءُوْا	كِتٰبِ	يَهْ ۝	اِنِّ	يْ
ساتھ	دائیں	اس	پس	وہ کہے گا	یہ لو - پکڑ لو	پڑھو تم	اعمال نامہ	میرا	بیشک	میں

بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَاۤؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ۝ ۱۹ اِنِّيْ

ہوگا   تو وہ کہے گا (دوسروں سے) لو پڑھو (تم بھی) میرا اعمالنامہ   بلاشبہ میرا تو

ظَنَنْتُ	اَنِّ	يْ	مُلٰقٍ	حِسَابِ	يَهْ ۝	فَ	هُوَ	فِيْ	عِيْشَةٍ
خیال کیا میں نے	یہ کہ	میں	ملنے والا	حساب	میرا	پس	وہ	بیچ	زندگی

ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ۝ ۲۰ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ

پہلے سے خیال تھا کہ میرا حساب کتاب مجھے ملے گا   سو وہ خوشگوار زندگی میں ہوگا

رَّاضِيَةٍ ۝	فِيْ	جَنَّةٍ	عَالِيَةٍ ۝	قُطُوْفُ	هَا	دَانِيَةٌ ۝
پسندیدہ	میں	باغ	بلند شان	میوے	اس	نزدیک - جھکے ہوئے

رَّاضِيَةٍ ۝ ۲۱ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝ ۲۲ قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ۝ ۲۳

یعنی بلند شان بہشت میں   اس کے میوے   جھکے ہوئے نزدیک تر ہوں گے

كُلُوْا	وَ	اشْرَبُوْا	هَنِيْٓـًٔا	بِ	مَآ	اَسْلَفْتُمْ	فِي	الْاَيَّامِ
کھاؤ تم	اور	پیو تم	مزے سے	سبب	جو	کر چکے تھے	میں	دنوں

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ

(کہا جائیگا) تم مزے سے کھاؤ اور پیو   بہ گزرے ہوئے دنوں کے تمہارے

الْخَالِيَةِ ○	وَ	اَمَّا	مَنْ	اُوْتِيَ	كِتٰبَ	هٗ	بِ	شِمَالِ	هٖ	فَ	يَقُوْلُ
گزرے ہوئے	اور	جو کہ	شخص	دیا گیا	اعمال نامہ	اس	ساتھ	بائیں	اس	پس	وہ کہے گا

الْخَالِيَةِ ○ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ فَيَقُوْلُ

اعمال کا صلہ ہے ۔ اور جسے اس کا اعمال نامہ بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا سو وہ کہے گا

يٰلَيْتَ	نِيْ	لَمْ	اُوْتَ	كِتٰبِ	يَهْ ○	وَ	لَمْ	اَدْرِ	مَا
اے کاش	مجھے	نہ	دیا گیا	اعمال نامہ	میرا	اور	نہیں	جانتا میں	کیا

يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ○ ٢٥ وَلَمْ اَدْرِ مَا

اے کاش مجھے میرا اعمال نامہ نہ دیا گیا ہوتا اور مجھے خبر تک نہ ہوتی کہ

حِسَابِ	يَهْ ○	يٰلَيْتَ	هَا	كَانَتِ	الْقَاضِيَةَ ○	مَآ	اَغْنٰى
حساب	میرا	اے کاش	وہ	ہوتی	تمام کرنیوالی ۔ فیصلہ کرنیوالی	نہیں	کام آیا

حِسَابِيَهْ ○ ٢٦ يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ○ ٢٧ مَآ اَغْنٰى

میرا حساب کتاب کیا ہے ، اے کاش (موت میرا ہمیشہ کے لئے خاتمہ کرچکی ہوتی (اب تو) میرا مال بھی

عَنْ	نِيْ	مَالِ	يَهْ ○	هَلَكَ	عَنْ	نِيْ	سُلْطٰنِ	يَهْ ○	خُذُوْ	هُ
سے	مجھ	مال	میرا	برباد ہوا	سے	مجھ	غلبہ طاقت	میری	پکڑو تم	اُسے

عَنِّيْ مَالِيَهْ ○ ٢٨ هَلَكَ عَنِّيْ سُلْطٰنِيَهْ ○ ٢٩ خُذُوْهُ

میرے کسی کام نہ آیا ۔ ہائے میری تمام شان وشوکت ملیامیٹ ہوگئی (حکم ہوگا) پکڑلو اسے

فَ	غُلُّوْ	هُ ○	ثُمَّ	الْجَحِيْمَ	صَلُّوْ	هُ ○	ثُمَّ	فِيْ
پس	طوق پہناؤ تم	اُسے	پھر	دوزخ	داخل کردو تم	اُسے	پھر	میں

فَغُلُّوْهُ ○ ٣٠ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ○ ٣١ ثُمَّ فِيْ

پھر طوق پہنا دو اسے پھر دوزخ میں ڈال دو اسے پھر ایک ایسی زنجیر میں

سِلْسِلَةٍ	ذَرْعُ	هَا	سَبْعُوْنَ	ذِرَاعًا	فَ	اسْلُكُوْ	هُ ○
زنجیر	پیمائش	اس کی	ستر	ہاتھ ۔ گز	پس	جکڑ دو تم	اُسے

سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ○ ٣٢

جس کی پیمائش ستر ہاتھ ہے اس میں اس کو جکڑ دو

اِنَّ	هٗ	كَانَ	لَا	يُؤْمِنُ	بِ	اللّٰهِ	الْعَظِيْمِ ۝	وَ	لَا	يَحُضُّ
بیشک	وہ	تھا وہ	نہیں	وہ ایمان لاتا ہے	ساتھ	اللہ تعالیٰ	بڑی شان والا	اور	نہ	وہ رغبت دلاتا ہے

اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ۝۳۳ وَلَا يَحُضُّ

یقیناً وہ خدائے بزرگ و برتر پر ایمان لاتا تھا اور نہ کسی محتاج کو

عَلٰى	طَعَامِ	الْمِسْكِيْنِ ۝	فَ	لَيْسَ	لَ	هُ	الْيَوْمَ
اوپر	کھانا	محتاج	پس	نہیں	واسطے	اس	آج

عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝۳۴ فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ

کھانا کھلانے کی ترغیب دلاتا تھا سو آج یہاں اس کا کوئی

هٰهُنَا	حَمِيْمٌ ۝	وَّ	لَا	طَعَامٌ	اِلَّا	مِنْ	غِسْلِيْنٍ ۝
اس جگہ	دوست	اور	نہ	کھانا	مگر	سے	زخموں کا دھوون

هٰهُنَا حَمِيْمٌ ۝۳۵ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ۝۳۶

دوست نہیں ہے اور نہ اس کے لئے بجز زخموں کے دھوون کے کوئی کھانا ہے

لَّا	يَاْكُلُ	هٗٓ	اِلَّا	الْخَاطِئُوْنَ ۝	فَ	لَآ	اُقْسِمُ	بِ	مَا
نہیں	کھائیں گے	اُسے	مگر	گنہ گار لوگ	پس	×	قسم کھاتا ہوں میں	ساتھ	جو

ع ۵

لَّا يَاْكُلُهٗٓ اِلَّا الْخَاطِئُوْنَ ۝۳۷ فَلَآ اُقْسِمُ بِمَا

جسے خطاکار لوگوں کے سوائے اور کوئی نہیں کھائیگا میں قسم کھاتا ہوں ان چیزوں کی جنہیں تم

تُبْصِرُوْنَ ۝	وَ	مَا	لَا	تُبْصِرُوْنَ ۝	اِنَّ	هٗ	لَ	قَوْلُ
تم دیکھتے ہو	اور	جو	نہیں	تم دیکھتے ہو	بیشک	وہ	البتہ	بات

تُبْصِرُوْنَ ۝۳۸ وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ ۝۳۹ اِنَّهٗ لَقَوْلُ

دیکھتے ہو اور جنہیں تم نہیں دیکھتے بلاشبہ یہ (قرآن)

رَسُوْلٍ	كَرِيْمٍ ۝	وَّ	مَا	هُوَ	بِ	قَوْلِ	شَاعِرٍ	قَلِيْلًا
بھیجا ہوا	عزت والا	اور	نہیں	وہ	ساتھ	کلام	شعر کہنے والا	تھوڑا

رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ۝۴۰ وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ۭ قَلِيْلًا

ایک معزز پیغام رساں کا (لایا ہوا) کلام ہے، اور یہ کسی شاعر کا کلام نہیں بہت ہی کم

مَّا	تُؤْمِنُوْنَ ○	وَ	لَا	بِ	قَوْلِ	كَاهِنٍ ۭ	قَلِيْلًا	مَّا
جو	تم مانتے ہو	اور	نہ	ساتھ	کہنا	نجومی (کا)	تھوڑا	جو

مَّا تُؤْمِنُوْنَ ۝٤١ وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ۭ قَلِيْلًا مَّا

تم یقین کرتے ہو — اور نہ یہ کسی کاہن کی بات ہے — بہت ہی کم — تم

تَذَكَّرُوْنَ ۭ ○	تَنْزِيْلٌ	مِّنْ	رَّبِّ	الْعٰلَمِيْنَ ○	وَ	لَوْ
تم نصیحت حاصل کرتے ہو	اُتارا ہوا	سے	پروردگار	جہانوں (کا)	اور	اگر

تَذَكَّرُوْنَ ۭ ۝٤٢ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٤٣ وَلَوْ

نصیحت پاتے ہو — یہ کلام تمام جہانوں کے پروردگار کی طرف سے اتارا گیا ہے، اور اگر

تَقَوَّلَ	عَلَيْ	نَا	بَعْضَ	الْاَقَاوِيْلِ ○	لَ	اَخَذْ	نَا	مِنْ	هُ
بات بنا لے وہ	اوپر	ہمارے	کچھ	باتیں	البتہ	پکڑ لیتے ہم		سے	اس

تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ۝٤٤ لَاَخَذْنَا مِنْهُ

یہ (نبی) ہمارے ذمہ کوئی ایک بات بھی من گھڑت منسوب کر دیتا — تو ہم اسے دائیں ہاتھ سے

بِ	الْيَمِيْنِ ○	ثُمَّ	لَ	قَطَعْنَا	مِنْ	هُ	الْوَتِيْنَ ○
ساتھ	دائیں	پھر	البتہ	کاٹ دیا ہم نے	سے	اس	شاہ رگ - رگِ جان

بِالْيَمِيْنِ ۝٤٥ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ ۝٤٦

پکڑ لیتے — پھر اس کی شاہ رگ کاٹ کر — رکھ دیتے

فَ	مَا	مِنْ	كُمْ	مِّنْ	اَحَدٍ	عَنْ	هُ	حٰجِزِيْنَ ○	وَ	اِنَّ	هٗ
پس	نہیں	سے	تم	سے	ایک	سے	اس	بچانے والے	اور	بیشک	وہ

فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حٰجِزِيْنَ ۝٤٧ وَاِنَّهٗ

پھر تم میں سے کوئی بھی اس سزا سے اسے بچانے والا نہ ہوتا — اور یقیناً

لَ	تَذْكِرَةٌ	لِ	الْمُتَّقِيْنَ ○	وَ	اِنْ	نَّا	لَ	نَعْلَمُ	اَنَّ	مِنْ	كُمْ
البتہ	نصیحت	واسطے	پرہیزگار لوگ	اور	بیشک	ہم	البتہ	ہم جانتے ہیں	یہ کہ	سے	تم

لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝٤٨ وَاِنَّا لَنَعْلَمُ اَنَّ مِنْكُمْ

یہ (قرآن) پرہیزگاروں کے لئے نصیحت ہے — اور ہم ضرور واقف ہیں کہ تم میں کچھ لوگ

مُكَذِّبِيْنَ ○	وَ	اِنَّ	هٗ	لَ	حَسْرَةٌ	عَلَى	الْكٰفِرِيْنَ ○
جھٹلانے والے	اور	بیشک	وہ	البتہ	پچھتاوا	اوپر	انکار کرنے والے

مُكَذِّبِيْنَ ۴۹ وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۵۰

جھٹلانے والے بھی ہیں اور یہ بات بھی یقینی ہے کہ (بالآخر) کافروں کو پچھتاوا ہوگا

وَ	اِنَّ	هٗ	لَ	حَقُّ	الْيَقِيْنِ ○	فَ	سَبِّحْ	بِ	اسْمِ	رَبِّ	كَ	الْعَظِيْمِ ○
اور	بیشک	وہ	البتہ	سچ	پختہ بات	پس	پاکیزگی بیان کر	ساتھ	نام	پروردگار	تیرا	بڑا

۲/۲۵/۶ وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ۵۱ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۵۲

اور بلاشبہ یہ (قرآن) یقینی سچائی ہے پس آپ اپنے بزرگ و برتر خدا کے نام کی تسبیح کیجئے

(۷۰) سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ (۷۹)

سورہ معارج مکی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ۴۴ ——— رُكُوْعَاتُهَا ۲

اس کی ۴۴ آیات ——— اور ——— ۲ رکوع ہیں

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

سَاَلَ	سَآئِلٌ	بِ	عَذَابٍ	وَّاقِعٍ ○	لِ	الْكٰفِرِيْنَ	لَيْسَ
پوچھا	سوال کرنیوالا	ساتھ	دکھ	ہونے والا	واسطے	انکار کرنے والے	نہیں

سَاَلَ سَآئِلٌ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ۱ لِّلْكٰفِرِيْنَ لَيْسَ

ایک مانگنے والے نے اس پڑنے والے عذاب کی مانگ کی (وہ عذاب) کافروں پر وارد ہوگا تو کوئی

لَ	هٗ	دَافِعٌ ○	مِّنَ	اللّٰهِ	ذِي	الْمَعَارِجِ ○	تَعْرُجُ
واسطے	اس	ہٹانے والا	سے	اللہ تعالیٰ	والا	سیڑھیاں	چڑھتے ہیں

لَهٗ دَافِعٌ ۲ مِّنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ ۳ تَعْرُجُ

ہٹانے والا نہ ہوگا اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو بلند مرتبوں والا ہے (وہ عذاب) آئیگا۔ اس کی طرف

الْمَلٰٓئِكَةُ	وَ	الرُّوْحُ	اِلَیْ	هِ	فِیْ	یَوْمٍ	كَانَ	مِقْدَارُ	هٗ
فرشتے	اور	تمام ارواح	طرف	اس	میں	دن	ہے	اندازہ	اس

الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَیْهِ فِیْ یَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ

فرشتے اور روحیں ایک دن میں چڑھتے ہیں جس کی مقدار

خَمْسِیْنَ	اَلْفَ	سَنَةٍ ۚ	فَ	اصْبِرْ	صَبْرًا	جَمِیْلًا ۝
پچاس	ہزار	سال	پس	صبر کر تو	صبر کرنا	اچھا۔خوبصورت

خَمْسِیْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِیْلًا ۝

پچاس ہزار سال ہوگی پس آپ عمدہ طور پر صبر کیجئے

اِنَّ	هُمْ	یَرَوْنَ	هٗ	بَعِیْدًا ۙ	وَ	نَرٰی	هُ	قَرِیْبًا ۭ	یَوْمَ
بیشک	وہ	وہ دیکھتے ہیں	اسے	دُور	اور	ہم دیکھتے ہیں	اسے	نزدیک	دن

اِنَّهُمْ یَرَوْنَهٗ بَعِیْدًا ۙ وَّنَرٰىهُ قَرِیْبًا ۭ یَوْمَ

وہ لوگ تو اسے بہت دُور سمجھتے ہیں لیکن ہم اسے نزدیک دیکھتے ہیں، جس دن

تَكُوْنُ	السَّمَآءُ	كَ	الْمُهْلِ ۙ	وَ	تَكُوْنُ	الْجِبَالُ
ہوجائے گا	آسمان	مانند	تلچھٹ۔پگھلا ہوا تانبہ	اور	ہوجائے گا	پہاڑ

تَكُوْنُ السَّمَآءُ كَالْمُهْلِ ۙ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ

آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہوگا اور پہاڑ دھنی ہوئی اون کی طرح

كَ	الْعِهْنِ ۙ	وَ	لَا	یَسْئَلُ	حَمِیْمٌ	حَمِیْمًا ۚ	یُّبَصَّرُوْنَ	هُمْ ۭ
مانند	دھنی ہوئی اون	اور	نہ	پوچھے گا	دوست	دوست (کو)	وہ دکھائے جائیں گے	انہیں

كَالْعِهْنِ ۙ وَلَا یَسْئَلُ حَمِیْمٌ حَمِیْمًا ۚ یُّبَصَّرُوْنَهُمْ ۭ

ہوں گے اور کوئی دوست کسی دوست کا پُرسانِ حال نہ ہوگا، حالانکہ وہ ایکدوسرے کو دیکھ

یَوَدُّ	الْمُجْرِمُ	لَوْ	یَفْتَدِیْ	مِنْ	عَذَابِ	یَوْمِ	اِذٍ
پسند کریگا	گنہگار	کاش	وہ بدلے میں دے	سے	دُکھ	دن	اس

یَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ یَفْتَدِیْ مِنْ عَذَابِ یَوْمِىِٕذٍ

رہے ہونگے (اس دن) گنہگار پسند کرے گا اگر ممکن ہو تو اس دن کے عذاب (چھٹکارا پانے کیلئے) بدلے میں دے ڈالے

بِ	بَنِيْ	هِ	وَ	صَاحِبَتِ	هٖ	وَ	اَخِيْ	هِ	وَ	فَصِيْلَتِ	هِ	الَّتِيْ
ساتھ	بیٹے	اس	اور	بیوی	اس کی	اور	بھائی	اس کا	اور	کنبہ	اس	جو

بِبَنِيْهِ ۙ وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيْهِ ۙ وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ

اپنے بیٹے کو اور اپنی بیوی اور اپنے بھائی کو اور اپنے کنبے کو جو اسے

تُؤْوِيْ	هِ	وَ	مَنْ	فِي	الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	ثُمَّ	يُنْجِيْ	هِ
جگہ دیتا	اسے	اور	جو کچھ	بیچ	زمین	سب	پھر	وہ چھڑا دے	اسے

تُؤْوِيْهِ ۙ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ ثُمَّ يُنْجِيْهِ ۙ ۱۴

پناہ دیتا تھا اور سب کچھ جو زمین میں ہے وہ عذاب سے چھٹکارا حاصل کرے

كَلَّا	اِنَّ	هَا	لَظٰى	نَزَّاعَةً	لِ	الشَّوٰى	تَدْعُوْا	مَنْ
ہرگز نہیں	بیشک	وہ	شعلہ والی آگ	اُدھیڑنے والی	واسطے	سر کا چمڑا	وہ بلاتی ہے	جس

كَلَّا ۭ اِنَّهَا لَظٰى ۙ ۱۵ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ۚ ۱۶ تَدْعُوْا مَنْ

ایسا قطعاً نہیں ہوگا وہ تو شعلہ زن آگ ہے کھال ادھیڑنے والی ہے اسے وہ آواز دے گی جس نے

اَدْبَرَ	وَ	تَوَلّٰى	وَ	جَمَعَ	فَ	اَوْعٰى	اِنَّ	الْاِنْسَانَ
پیٹھ پھیری اس نے	اور	منہ پھیر لیا اس نے	اور	اکٹھا کیا اس نے	پس	بند کیا اس نے	بیشک	انسان

اَدْبَرَ وَتَوَلّٰى ۙ وَجَمَعَ فَاَوْعٰى ۙ اِنَّ الْاِنْسَانَ

پیٹھ پھیرلی اور روگردانی کی ہوگی، اور مال جمع کیا پھر اسے بند کر رکھا، یقیناً انسان کم حوصلہ پیدا

خُلِقَ	هَلُوْعًا	اِذَا	مَسَّ	هُ	الشَّرُّ	جَزُوْعًا
پیدا کیا گیا	بے صبر ہونے والا	جب	چھوئے	اسے	برائی	واویلا کرنے والا

خُلِقَ هَلُوْعًا ۙ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا ۙ ۲۰

کیا گیا ہے یعنی جب اسے دکھ پہنچے تو واویلا کرتا ہے

وَ	اِذَا	مَسَّ	هُ	الْخَيْرُ	مَنُوْعًا	اِلَّا	الْمُصَلِّيْنَ
اور	جب	چھوئے	اسے	بھلائی	روکنے والا	مگر	نماز پڑھنے والے

وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا ۙ ۲۱ اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ۙ ۲۲

اور جب اسے سکھ پہنچے تو روک لیتا ہے سوائے ان نمازیوں کے

الَّذِيْنَ	هُمْ	عَلٰى	صَلَاةِ	هِمْ	دَآئِمُوْنَ ۝	وَ	الَّذِيْنَ
جو لوگ	وہ	اوپر	نماز	اُن (کی)	ہمیشگی کرنیوالے۔ قائم رہنے والے	اور	جو لوگ

الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ۝۲۳ وَالَّذِيْنَ

جو اپنی نماز کی ادائیگی پر دوام رکھتے ہیں اور جن کے

فِيْٓ	اَمْوَالِ	هِمْ	حَقٌّ	مَّعْلُوْمٌ ۝	لِ	السَّآئِلِ	وَ	الْمَحْرُوْمِ ۝
میں	مالوں	ان	حصہ ہے	جانا ہوا	واسطے	سوالی	اور	بے سوالی (کے)

فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ ۝۲۴ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝۲۵

مالوں میں مقررہ حصہ ہوتا ہے طلب کرنے والوں کے لئے اور بے سوالی کے لئے

وَ	الَّذِيْنَ	يُصَدِّقُوْنَ	بِ	يَوْمِ	الدِّيْنِ ۝	وَ	الَّذِيْنَ
اور	جو لوگ	تصدیق کرتے ہیں۔ سچ مانتے ہیں	ساتھ	دن	جزا سزا (کا)	اور	جو لوگ

وَالَّذِيْنَ يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝۲۶ وَالَّذِيْنَ

اور وہ لوگ ہیں جو جزا سزا کے دن کو سچ مانتے ہیں اور وہ ہیں جو

هُمْ	مِّنْ	عَذَابِ	رَبِّ	هِمْ	مُّشْفِقُوْنَ ۝	اِنَّ
وہ	سے	سزا	پروردگار	ان	ڈرنے والے	بیشک

هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝۲۷ اِنَّ

اپنے پروردگار کے عذاب سے ڈرنے والے ہیں یقیناً ان کے

عَذَابَ	رَبِّ	هِمْ	غَيْرُ	مَاْمُوْنٍ ۝	وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ
سزا۔ دکھ	پروردگار	ان	نہ	بے خطر ہونے والا	اور	جو لوگ	وہ

عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ۝۲۸ وَالَّذِيْنَ هُمْ

پروردگار کا عذاب بے خوف رہنے والی بات نہیں اور وہ لوگ ہیں جو

لِ	فُرُوْجِ	هِمْ	حٰفِظُوْنَ ۝	اِلَّا	عَلٰٓى	اَزْوَاجِ	هِمْ
واسطے	شرم گاہوں	اپنی	حفاظت کرنیوالے	مگر	اوپر	بیویاں	اپنی

لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝۲۹ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ

اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں سوائے اپنی بیویوں کے

اَوْ	مَا	مَلَكَتْ	اَيْمَانُ	هُمْ	فَ	اِنَّ	هُمْ	غَيْرُ	مَلُوْمِيْنَ ۝
یا	جو	مالک ہوئے	داہنے ہاتھ	ان	پس	بیشک	وہ	غ	ملامت کئے جانے والے

اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝

یا جن کے مالک ان کے داہنے ہاتھ ہیں تو ان پر کوئی ملامت نہیں

فَ	مَنِ	ابْتَغٰى	وَرَآءَ	ذٰلِكَ	فَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْعٰدُوْنَ ۝
پس	جو شخص	چاہا اس نے	سوا	اس	پس	وہ لوگ	وہ	حد سے نکل جانیوالے

فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝

پھر جو شخص اس کے علاوہ کچھ اور چاہے گا تو ایسے لوگ حد سے بڑھنے والے ہوں گے

وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	لِ	اَمٰنٰتِ	هِمْ	وَ	عَهْدِ	هِمْ	رٰعُوْنَ ۝
اور	جو لوگ	وہ	واسطے	امانتوں	اپنی	اور	اقرار	اپنا	لحاظ رکھنے والے

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝

اور وہ لوگ بھی جو اپنی امانتوں اور اپنے اقرار کا لحاظ رکھنے والے ہیں

وَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	بِ	شَهٰدٰتِ	هِمْ	قَآئِمُوْنَ ۝	وَ	الَّذِيْنَ
اور	جو لوگ	وہ	ساتھ	گواہیوں	اپنی	قائم رہنے والے	اور	جو لوگ

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ قَآئِمُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ

اور وہ لوگ بھی جو اپنی گواہیوں پر قائم رہنے والے ہیں اور وہ بھی جو

هُمْ	عَلٰى	صَلَاةِ	هِمْ	يُحَافِظُوْنَ ۝	اُولٰٓئِكَ	فِىْ	
وہ	اوپر	نماز	اپنی	حفاظت کرنے والے	یہی لوگ	میں	

هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ فِىْ

اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں یہی لوگ باغات میں

جَنّٰتٍ	مُّكْرَمُوْنَ ۝	فَ	مَا	لِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	قِبَلَ	كَ
باغات	عزت دئیے گئے	پس	کیا	واسطے	جو لوگ	انکار کیا انہوں نے	سامنے	تیرے

جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ۝ فَمَالِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قِبَلَكَ

عزت دیئے جائیں گے لیکن ان کافروں کو کیا ہوا کہ آپ کی طرف منہ اٹھائے

ع ١

مُهْطِعِيْنَ	عَنِ	الْيَمِيْنِ	وَ	عَنِ	الشِّمَالِ	عِزِيْنَ
دوڑنے والے	سے	دائیں	اور	سے	بائیں	بے ترتیب جتھے

مُهْطِعِيْنَ ۳۶ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ ۳۷

دوڑے چلے آرہے ہیں کبھی دائیں سے اور کبھی بائیں سے متفرق جتھوں کی صورت میں

اَ	يَطْمَعُ	كُلُّ	امْرِئٍ	مِّنْ	هُمْ	اَنْ	يُّدْخَلَ	جَنَّةَ
کیا	وہ طمع رکھتا ہے	ہر	شخص	سے	ان	کہ	وہ داخل کیا جائے گا	بہشت

اَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّدْخَلَ جَنَّةَ

کیا ہر شخص ان میں سے اس بات کا لالچ رکھتا ہے کہ وہ نعمت والے باغ میں داخل

نَعِيْمٍ	كَلَّا	اِنْ	نَّا	خَلَقْنَا	هُمْ	مِّنْ	مَّا	يَعْلَمُوْنَ	فَ	لَا
نعمت۔آسائش	ہرگز نہیں	بیشک	ہم	پیدا کیا ہم نے	انہیں	سے	جو	وہ جانتے ہیں	پس	×

نَعِيْمٍ ۳۸ كَلَّا اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا يَعْلَمُوْنَ ۳۹ فَلَا

کیا جائے گا (ہرگز ایسا نہیں ہوگا) ہم نے انہیں اس چیز سے بناوٹ بخشی ہے جسے وہ جانتے ہیں۔ پس میں

اُقْسِمُ	بِ	رَبِّ	الْمَشٰرِقِ	وَ	الْمَغٰرِبِ	اِنْ	نَّا	لَ	قٰدِرُوْنَ
میں قسم کھاتا ہوں	ساتھ	پالنے والا	مشرقوں	اور	مغربوں	بیشک	ہم	البتہ	طاقت والے

اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَالْمَغٰرِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ۴۰

مشرقوں اور مغربوں کے رب کی قسم کھاتا ہوں یقیناً ہم ضرور اس بات کی قدرت رکھتے ہیں

عَلٰٓى	اَنْ	نُّبَدِّلَ	خَيْرًا	مِّنْ	هُمْ	وَ	مَا	نَحْنُ
اوپر	کہ	ہم بدل ڈالیں	بہتر	سے	ان	اور	نہیں	ہم

عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ خَيْرًا مِّنْهُمْ وَمَا نَحْنُ

کہ ان سے بہتر (انسان) بدل ڈالیں اور ہم

بِ	مَسْبُوْقِيْنَ	فَ	ذَرْ	هُمْ	يَخُوْضُوْا	وَ	يَلْعَبُوْا
×	عاجز رہنے والے	پس	چھوڑ تو	انہیں	وہ شغل کریں	اور	وہ کھیلیں

بِمَسْبُوْقِيْنَ ۴۱ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا

عاجز رہنے والے نہیں سو آپ انہیں چھوڑ دیں بیکار مشاغل اور کھیل کود میں اس وقت تک لگے رہیں

حَتّٰى	يُلٰقُوْا	يَوْمَ	هُمُ	الَّذِىْ	يُوْعَدُوْنَ ۝
یہاں تک	وہ مل جائیں	دن	وہ	جو	وہ وعدہ دیے جاتے ہیں

حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِىْ يُوْعَدُوْنَ ۝ۙ ۴۲

یہاں تک کہ وہ اپنے اس دن کو پالیں جس کا وہ وعدہ دیئے جارہے ہیں

يَوْمَ	يَخْرُجُوْنَ	مِنَ	الْاَجْدَاثِ
دن	وہ نکل پڑیں گے	سے	قبروں

يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ

یعنی وہ دن جب وہ بھاگم بھاگ قبروں سے

سِرَاعًا	كَ	اَنَّ	هُمْ	اِلٰى	نُصُبٍ
دوڑ لگاتے ہوئے	گویا	کہ	وہ	طرف	پرستش گاہیں

سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ

جیسے وہ اپنے بتوں کی پرستش گاہوں کی طرف کھڑے ہوں گے

يُّوْفِضُوْنَ ۝	خَاشِعَةً	اَبْصَارُ	هُمْ	تَرْهَقُ	هُمْ
وہ دوڑتے ہیں	جھکی ہوئی	آنکھیں	ان (کی)	چھا رہی ہوگی	اُن

يُّوْفِضُوْنَ ۝ۙ ۴۳ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ

دوڑ رہے ہوں نظریں ان کی جھکی ہوئی ہوں گی رسوائی اُن پر

ذِلَّةٌ ؕ	ذٰلِكَ	الْيَوْمُ	الَّذِىْ	كَانُوْا
رسوائی	یہ	دن	جو	تھے وہ

ذِلَّةٌ ؕ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِىْ كَانُوْا

چھائی ہوگی یہ وہ دن ہوگا جس کا وہ

يُوْعَدُوْنَ ۝
وہ وعدہ دیے جاتے ہیں

يُوْعَدُوْنَ ۝ ۴۴ ع

وعدہ دیے جاتے رہے

ع ۲ ۸

(۷۱) سُوْرَةُ نُوْحٍ مَّكِّيَّةٌ (۷۱)

سورۃ نوح مکی سورت ہے

اٰیَاتُهَا ۲۸ ———— رُكُوْعَاتُهَا ۲

اس کی ۲۸ آیتیں ———— اور ———— ۲ رکوع

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کا نام لے کر جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

اِنْ	نَآ	اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	اِلٰى	قَوْمِ	هٖٓ	اَنْ	اَنْذِرْ	قَوْمَ	كَ
بیشک	ہم	بھیجا ہم نے	نوح (کو)	طرف	قوم	اس	کہ	ڈرا تو	قوم	تیری

اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ

ہم نے ہی نوح کو اس کی قوم کی طرف یہ کہہ کر بھیجا تھا کہ تُو اپنی قوم کو پہلے اس کے

مِنْ	قَبْلِ	اَنْ	يَّاْتِىَ	هُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ ۝	قَالَ
سے	پہلے	کہ	آئے	ان	دکھ	دردناک	کہا اس نے

مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ قَالَ

کہ انہیں دردناک عذاب آلے ہوشیار کر نوح نے کہا

يَا	قَوْمِ	اِنِّ	ىْ	لَ	كُمْ	نَذِيْرٌ	مُّبِيْنٌ ۝	اَنِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ
اے	قوم میری	بیشک	میں	واسطے	تمہارے	ڈرانے والا ہوں	صاف ظاہر کرنے والا	کہ	تم عبادت کرو	اللہ تعالیٰ

يٰقَوْمِ اِنِّىْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

اے میری قوم میں تو تمہیں واضح طور پر ہوشیار کرنے والا ہوں اور یہ بھی کہتا ہوں کہ تم

وَ	اتَّقُوْ	هُ	وَ	اَطِيْعُوْنِ ۝	يَغْفِرْ	لَ	كُمْ	مِّنْ	ذُنُوْبِ	كُمْ
اور	ڈرو تم	اس	اور	پیروی کرو تم میری	وہ بخش دیگا	واسطے	تمہارے	سے	گناہوں	تمہارے

وَاتَّقُوْهُ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ

اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو اور میری پیروی کرو وہ تمہارے گناہ بخش دے گا

وَ	يُؤَخِّرْ	كُمْ	اِلٰٓى	اَجَلٍ	مُّسَمًّى ؕ	اِنَّ	اَجَلَ	اللّٰهِ	اِذَا
اور	پیچھے ڈال دیگا	تمہیں	طرف	میعاد	مقرر شدہ	بیشک	میعاد	اللہ تعالیٰ	جب

وَيُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا

اور تمہیں ایک مقررہ میعاد تک مہلت دے گا جب خدا تعالیٰ کی مقررہ میعاد آجاتی ہے

جَآءَ	لَا	يُؤَخَّرُ	لَوْ	كُنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ ۝	قَالَ	رَبِّ	اِنِّ	ىْ
آیا	نہیں	پیچھے کیا جاتا وہ	کاش	ہوتم	تم جانتے ہو	کہا اس نے	پروردگار	بیشک	میں

وقف لازم

جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ

تو پیچھے نہیں کی جاتی کاش تم جان لیتے نوح نے کہا اے میرے پروردگار

دَعَوْتُ	قَوْمِ	ىْ	لَيْلًا	وَّ	نَهَارًا	فَ	لَمْ	يَزِدْ	هُمْ	دُعَآءِ	ىْٓ
پکارا میں نے	قوم	اپنی	رات	اور	دن	پس	نہ	زیادہ کیا	انھیں	پکارنے	میری

دَعَوْتُ قَوْمِىْ لَيْلًا وَّنَهَارًا ۝ فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَآءِىْٓ

دن	اس	واسطے	جھٹلانے والوں (کے)	وہ جو	جھٹلاتے ہیں	کو	دن

يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ

جھٹلانے والوں کے لئے تباہی ہے   وہ جو   روز   جزا   کو

الدِّيْنِ ۝	وَ	مَا	يُكَذِّبُ	بِ	هٖ	اِلَّا	كُلُّ	مُعْتَدٍ	اَثِيْمٍ ۝
جزا/سزا	اور	نہیں	جھٹلاتا	کو	اس	سوائے	ہر	حد سے نکل جانیوالا	گنہ گار

الدِّيْنِ ۝ وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝

جھٹلاتے ہیں   اور اس کو تو وہی شخص جھٹلاتا ہے جو حد سے نکل جانے والا گنہ گار ہو

اِذَا	تُتْلٰى	عَلَيْ	هِ	اٰيٰتُ	نَا	قَالَ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ ۝
جب	پڑھی جاتی ہیں	اوپر	اس کے	آیتیں	ہماری	اس نے کہا	کہانیاں (ہیں)	پہلوں (کی)

اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ ۱۳

جب اس پر ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتا ہے پہلوں کے افسانے ہیں

كَلَّا	بَلْ سکتة	رَانَ	عَلٰى	قُلُوْبِ	هِمْ	مَّا	كَانُوْا	يَكْسِبُوْنَ ۝
ہرگز نہیں	بلکہ	زنگ بیٹھ گیا ہے	اوپر	دلوں	ان	جو	وہ تھے	وہ کرتے ہیں

كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ ۱۴

ہرگز ایسا نہیں بات یہ ہے کہ زنگ بیٹھ گیا ہے ان کے دلوں پر جو وہ (بداعمالیاں) کیا کرتے تھے

كَلَّآ	اِنَّ	هُمْ	عَنْ	رَّبِّ	هِمْ	يَوْمَ	ئِذٍ	لَّ	مَحْجُوْبُوْنَ ۝
ہرگز نہیں	یقیناً	وہ	سے	پروردگار	اپنے	دن	اس	البتہ	اوٹ میں رکھے گئے

كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ۝ ۱۵

ہرگز نہیں یقیناً وہ اپنے رب کے دیدار سے اس دن روک دیئے جائیں گے

ثُمَّ	اِنَّ	هُمْ	لَ	صَالُوا	الْجَحِيْمِ ۝	ثُمَّ	يُقَالُ	هٰذَا
پھر	یقیناً	وہ	ضرور	داخل ہونے والے	دوزخ	پھر	کہا جائیگا	یہ

ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ۝ ۱۶ ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا

پھر یقیناً وہ دوزخ میں داخل ہوں گے پھر کہا جائے گا (انہیں) یہ وہ ہے

الَّذِىْ	كُنْتُمْ	بِ	هٖ	تُكَذِّبُوْنَ ۝	كَلَّآ	اِنَّ	كِتٰبَ	الْاَبْرَارِ
وہ	تھے تم	کو	اس	وہ جھٹلاتے ہیں	ہرگز یوں نہیں	یقیناً	اعمال نامہ	نیکوں

الَّذِىْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝ ۱۷ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ

جس کو تم جھٹلاتے تھے ہرگز یوں نہیں یقیناً اعمال نامہ نیکوں کا

لَ	فِىْ	عِلِّيِّيْنَ ۝	وَ	مَآ	اَدْرٰىكَ	مَا	عِلِّيُّوْنَ ۝
ضرور	میں	بلند مقامات	اور	کس چیز نے	معلوم کرایا	کیا	بلند مقام

لَفِىْ عِلِّيِّيْنَ ۝ ۱۸ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا عِلِّيُّوْنَ ۝ ۱۹

البتہ علیین میں ہے اور کس چیز نے معلوم کرایا تجھے کہ علیین کیا ہے

كِتٰبٌ	مَّرْقُوْمٌ ○	يَّشْهَدُ	هُ	الْمُقَرَّبُوْنَ ○	اِنَّ	الْاَبْرَارَ
کتاب	لکھی ہوئی	حاضر ہونگے	اس	قریب کیے گئے	یقیناً	نیکوکار

كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۝۲۰ يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝۲۱ اِنَّ الْاَبْرَارَ

لکھی ہوئی کتاب ہے، دیکھیں گے اسے (خدا کے) مقرب بندے یقیناً نیکوکار

لَ	فِيْ	نَعِيْمٍ ○	عَلَى	الْاَرَآئِكِ	يَنْظُرُوْنَ ○	تَعْرِفُ	فِيْ
البتہ	میں	نعمتوں	اوپر	تختوں	دیکھتے ہوں گے	تو پہچانے گا	میں

لَفِيْ نَعِيْمٍ ۝۲۲ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ۝۲۳ تَعْرِفُ فِيْ

ضرور نعمتوں میں ہوں گے تختوں پر بیٹھے ہوئے دیکھتے ہونگے ، تو ان کے چہروں میں

وُجُوْهِ	هِمْ	نَضْرَةَ	النَّعِيْمِ ○	يُسْقَوْنَ	مِنْ	رَّحِيْقٍ	مَّخْتُوْمٍ ○
چہروں	ان (کے)	تازگی	نعمتوں (کی)	وہ پلائے جائینگے	سے	شراب خالص	مہر لگی ہوئی

وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ ۝۲۴ يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ۝۲۵

نعمتوں کی تازگی معلوم کرے گا ، وہ پلائے جائیں گے سر بمہر شراب خالص سے

خِتٰمُ	هٗ	مِسْكٌ	وَ	فِيْ	ذٰلِكَ	فَ	لْ	يَتَنَافَسِ	الْمُتَنَافِسُوْنَ ○
مہر	اس	مشک	اور	میں	اس	پس	چاہئے	رغبت کریں	رغبت کرنے والے

خِتٰمُهٗ مِسْكٌ وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ۝۲۶

اس کی مہر مشک کی ہوگی اور اس میں چاہئے کہ رغبت کرنیوالے رغبت کریں

وَ	مِزَاجُ	هٗ	مِنْ	تَسْنِيْمٍ ○	عَيْنًا	يَّشْرَبُ	بِ	هَا	الْمُقَرَّبُوْنَ ○
اور	ملونی	اس	سے	تسنیم	چشمہ	پئیں گے	ساتھ	اس	قریب کئے گئے

وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ۝۲۷ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ۝۲۸

اور آمیزش اس کی تسنیم سے ہوگی یعنی اس چشمہ سے جس سے خدا کے مقرب پئیں گے

اِنَّ	الَّذِيْنَ	اَجْرَمُوْا	كَانُوْا	مِنَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
یقیناً	وہ جو	گنہگار ہوئے	تھے	سے	ان جو	ایمان لائے

اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

یقیناً گنہگار لوگ (دنیا میں) ایمان والوں سے

يَتَغَامَزُونَ ۝	هِمْ	بِ	مَرُّوا	إِذَا	وَ	يَضْحَكُونَ ۝
آنکھوں سے ایک دوسرے کو اشارہ کرتے	ان کے	ساتھ	گذرتے وہ	جب	اور	وہ ہنسی کرتے ہیں

يَضْحَكُونَ ۝ وَإِذَا مَرُّوا بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ ۝

ہنسی کیا کرتے تھے اور جب گزرتے ان کے سامنے تو (حقارت سے) ایک دوسرے کو اشارہ کرتے

إِذَا	وَ	فَكِهِينَ ۝	انْقَلَبُوا	هِمُ	أَهْلِ	إِلَى	انْقَلَبُوا	إِذَا	وَ
جب	اور	باتیں بناتے ہوئے	لوٹتے وہ	اپنے	گھر والوں	طرف	لوٹتے وہ	جب	اور

وَإِذَا انْقَلَبُوا إِلَى أَهْلِهِمُ انْقَلَبُوا فَكِهِينَ ۝ وَإِذَا

اور جب وہ واپس لوٹتے اپنے گھروں کی طرف تو باتیں بناتے ہوئے لوٹتے اور جب

أُرْسِلُوا	مَا	وَ	ضَالُّونَ ۝	لَ	هٰؤُلَاءِ	إِنَّ	قَالُوا	هُمْ	رَأَوْ
بھیجے گئے وہ	نہیں	حالانکہ	گمراہ ہیں	ضرور	یہ لوگ	یقیناً	انہوں نے کہا	انہیں	وہ دیکھتے

رَأَوْهُمْ قَالُوا إِنَّ هٰؤُلَاءِ لَضَالُّونَ ۝ وَمَا أُرْسِلُوا

وہ دیکھتے ان کو وہ کہتے یقیناً یہ لوگ تو گمراہ ہیں حالانکہ نہیں بھیجے گئے تھے وہ

اٰمَنُوا	الَّذِينَ	الْيَوْمَ	فَ	حٰفِظِينَ ۝	هِمْ	عَلَى
ایمان لائے	وہ جو	آج	پس	نگہبان	ان (کے)	اوپر

عَلَيْهِمْ حٰفِظِينَ ۝ فَالْيَوْمَ الَّذِينَ اٰمَنُوا

ان پر نگران (بنا کر) پس آج کے دن ایمان دار

يَنْظُرُونَ ۝	الْأَرَائِكِ	عَلَى	يَضْحَكُونَ ۝	الْكُفَّارِ	مِنَ
دیکھتے ہیں	تختوں (کے)	اوپر	ہنستے ہیں	کافروں	سے

مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُونَ ۝ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنْظُرُونَ ۝

کافروں پر ہنستے ہوں گے تختوں پر بیٹھے ہوئے ان کا حال دیکھتے ہوں گے

يَفْعَلُونَ ۝	كَانُوا	مَا	الْكُفَّارُ	ثُوِّبَ	هَلْ
کرتے	تھے وہ	جو	کافر	بدلہ دیئے گئے	کیا

هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ۝

کیا کافروں کو وہی بدلہ دیا گیا جو وہ کیا کرتے تھے

(۸۴) سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ (۸۳)

سورۃ انشقاق مکی سورت ہے

اٰیَاتُهَا ۲۵ —— رُكُوْعُهَا ۱

اس کی ۲۵ آیتیں —— اور —— ایک رکوع ہے

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	
ساتھ	نام	اللہ تعالےٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا	

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

اِذَا	السَّمَآءُ	انْشَقَّتْ ۝	وَ	اَذِنَتْ	لِ	رَبِّ	هَا	وَ	حُقَّتْ ۝
جب	آسمان	پھٹ جائے گا	اور	کان دھریگا	واسطے	پروردگار	اپنے	اور	اس پر واجب کیا گیا

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝

جب آسمان پھٹ جائے گا اور کان دھریگا اپنے رب کے حکم پر اور اس پر یہی واجب ہے

وَ	اِذَا	الْاَرْضُ	مُدَّتْ ۝	وَ	اَلْقَتْ	مَا	فِيْ	هَا	وَ	تَخَلَّتْ ۝	
اور	جب	زمین	پھیلائی جائے گی	اور	اگل دے گی	جو	میں	اس	اور	خالی ہو جائے گی	

وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝

اور جب زمین پھیلائی جائے گی اور اگل دے گی جو اس میں ہے اور خالی ہو جائے گی

وَ	اَذِنَتْ	لِ	رَبِّ	هَا	وَ	حُقَّتْ ۝	يٰۤ - اَيُّهَا	الْاِنْسَانُ	اِنَّ	كَ
اور	کان دھرے گی	واسطے	پروردگار	اپنے	اور	اسی لائق ہے وہ	اے وے	انسان	یقیناً	تو

وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ

اور کان دھرے گی اپنے رب کے حکم پر اور اس پر یہی لازم ہے، اے انسان تو اپنے پروردگار تک پہنچنے تک

كَادِحٌ	اِلٰى	رَبِّ	كَ	كَدْحًا	فَ	مُلٰقِيْ	هِ ۝	فَ	اَمَّا	مَنْ	اُوْتِيَ	
مشقت میں لگنے والا ہے	طرف	رب	اپنے	خوب محنت کر کے	پھر	ملنے والا	اسے	پس	لیکن	جو	دیا گیا	

كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۝ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ

لئے خوب زور لگائیگا پھر تو ملنے والا ہے اس کو پھر جس کو دیا جائے گا

كِتٰبَ	هٗ	بِ	يَمِيْنِ	هٖ	فَ	سَوْفَ	يُحَاسَبُ	حِسَابًا	يَسِيْرًا
اعمالنامہ	اس	ساتھ	دائیں ہاتھ	اس کے	پس	جلد ہی	حساب کیا جائیگا اس کا	حساب	آسان

كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۙ

اس کا اعمالنامہ اس کے دائیں ہاتھ میں، تو ضرور اس سے آسان حساب لیا جائے گا

وَ	يَنْقَلِبُ	اِلٰٓى	اَهْلِ	هٖ	مَسْرُوْرًا	وَ	اَمَّا	مَنْ	اُوْتِيَ
اور	آئے گا واپس	طرف	گھر والوں	اپنے	خوش	اور	مگر	جو	دیا گیا

وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۭ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ

اور وہ اپنے گھر والوں کی طرف خوش بخوش لوٹ آئے گا مگر جسے اس کا اعمالنامہ اس کی

كِتٰبَ	هٗ	وَرَآءَ	ظَهْرِ	هٖ	فَ	سَوْفَ	يَدْعُوْا	ثُبُوْرًا
اعمالنامہ	اپنا	پیچھے	پیٹھ	اپنی	تو	جلد ہی	وہ پکارے گا	ہلاکت (کو)

كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۙ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۙ

پیٹھ کے پیچھے سے دیا گیا تو ضرور وہ پکارے گا ہلاکت کو

وَ	يَصْلٰى	سَعِيْرًا	اِنَّ	هٗ	كَانَ	فِيْٓ	اَهْلِ	هٖ	مَسْرُوْرًا
اور	داخل ہوگا وہ	دوزخ (میں)	یقیناً	وہ	تھا	میں	گھر والوں	اپنے	خوش

وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ۭ اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۭ

اور وہ دوزخ میں داخل ہوگا یقیناً وہ (پہلے) اپنے گھر والوں میں خوش تھا

اِنَّ	هٗ	ظَنَّ	اَنْ	لَّنْ	يَّحُوْرَ	بَلٰٓى	اِنَّ	رَبَّ	هٗ	كَانَ	بِ	هٖ
یقیناً	اس نے	خیال کیا تھا	یہ کہ	ہرگز نہیں	لوٹ کر آئے گا	کیوں نہیں	یقیناً	پروردگار	اس کا	تھا	ساتھ	اس

اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۛ بَلٰٓى ۛ اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ

بلاشبہ اس نے خیال کیا تھا کہ وہ ہرگز لوٹ کر نہیں آئیگا، ہاں ہاں یقیناً اس کا پروردگار اس کو

معانقہ ۱۷

بَصِيْرًا	فَ	لَآ	اُقْسِمُ	بِ	الشَّفَقِ	وَ	الَّيْلِ	وَ	مَا
دیکھنے والا	پس	نہیں	میں قسم کھاتا ہوں	کی	سورج غروب ہونے کے بعد کی سرخی	اور	رات (کی)	اور	جسے

بَصِيْرًا ۭ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۙ وَالَّيْلِ وَمَا

دیکھ رہا تھا پس (جیسا تم خیال کرتے ہو) ایسا نہیں، میں قسم کھاتا ہوں شام کی سرخی کی اور رات کی اور اس کی

وَسَقَ ۝	وَ	الْقَمَرِ	إِذَا	اتَّسَقَ ۝	لَ	تَرْكَبُنَّ	طَبَقًا	عَنْ	
وہ اکٹھا کرتی ہے	اور	چاند کی	جب	پورا روشن ہو جائے	ضرور	تم سوار ہو گے	ایک حالت	سے	

وَسَقَ ۝۱۷ وَالْقَمَرِ إِذَا اتَّسَقَ ۝۱۸ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ

جس کو وہ اکٹھا کرتی ہے، اور چاند کی جب وہ کامل ہو جائے، ضرور تم چڑھو گے ایک حالت کے بعد

طَبَقٍ ۝	فَ	مَا	لَ	هُمْ	لَا	يُؤْمِنُونَ ۝	وَ	إِذَا	قُرِئَ
ایک حالت	پس	کیا ہے	واسطے	ان	نہیں	وہ ایمان لاتے	اور	جب	پڑھا جاتا ہے

طَبَقٍ ۝۱۹ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝۲۰ وَإِذَا قُرِئَ

دوسری حالت کی طرف، پھر کیا ہوا ان کو کہ وہ ایمان نہیں لاتے اور جب پڑھا جاتا ہے

عَلَى	هِمُ	الْقُرْآنُ	لَا	يَسْجُدُونَ ۝	بَلِ	الَّذِينَ	كَفَرُوا
اوپر	ان (کے)	قرآن	نہیں	سجدہ کرتے وہ	بلکہ	وہ جو	کافر ہوئے

عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ ۝۲۱ بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا

سجدہ

اس کے سامنے قرآن وہ فرمانبرداری نہیں کرتے بلکہ جو کافر ہوئے

يُكَذِّبُونَ ۝	وَ	اللّٰهُ	أَعْلَمُ	بِ	مَا	يُوعُونَ ۝	فَ	بَشِّرْ	هُمْ
جھٹلاتے ہیں	اور	اللہ تعالیٰ	خوب جانتا ہے	ساتھ	جو	وہ جمع کرتے ہیں	پس	خبر دے	ان

يُكَذِّبُونَ ۝۲۲ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ ۝۲۳ فَبَشِّرْهُمْ

وہ جھٹلاتے ہیں اور حق تعالیٰ خوب جانتا ہے جو وہ جمع کرتے ہیں، پس ان کو

بِ	عَذَابٍ	أَلِيمٍ ۝	إِلَّا	الَّذِينَ	آمَنُوا	وَ	عَمِلُوا
ساتھ	عذاب	دردناک	مگر	جو	ایمان لائے	اور	عمل کئے انہوں نے

بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝۲۴ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

دردناک عذاب کی خبر دے دو مگر جو لوگ ایمان لائے اور وہ اچھے اعمال

الصّٰلِحٰتِ	لَ	هُمْ	أَجْرٌ	غَيْرُ	مَمْنُونٍ ۝
مناسب حال	واسطے	ان کے	ثواب	نہ	کاٹا گیا

الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ۝۲۵ ع

بجا لائے ان کے واسطے ایسا ثواب ہے، جو ختم نہ ہو گا

ع ۱

(۸۵) سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ مَكِّيَّةٌ (۲۷)

سورہ البروج مکی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ۲۲ —— رُكُوْعُهَا ۱

اس کی ۲۲ آیتیں —— اور —— ایک رکوع ہے

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	باربار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو نہایت مہربان باربار رحم کرنیوالا ہے

وَ	السَّمَآءِ	ذَاتِ	الْبُرُوْجِ ۙ	وَ	الْيَوْمِ	الْمَوْعُوْدِ ۙ
قسم ہے	آسمان	والے	برجوں	اور	دن	وعدہ کیا گیا

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ۙ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ۙ

قسم ہے برجوں والے آسمان کی اور وعدہ کئے گئے دن کی

وَ	شَاهِدٍ	وَ	مَشْهُوْدٍ ۭ	قُتِلَ	اَصْحٰبُ	الْاُخْدُوْدِ ۙ
اور	حاضر ہونے والے	اور	حاضر کئے گئے	مارے گئے	والے	کھائیوں

وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ۭ قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۙ

اور حاضر ہونے والے اور حاضر کئے گئے کی مارے گئے کھائیوں والے

النَّارِ	ذَاتِ	الْوَقُوْدِ ۙ	اِذْ	هُمْ	عَلٰى	هَا	قُعُوْدٌ ۙ	وَ	هُمْ
آگ	والی	بہت ایندھن	جبکہ	وہ	اوپر	اس	بیٹھے ہوئے	اور	وہ

النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۙ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۙ وَّهُمْ

یعنی جو آگ تھی بہت ایندھن والی جبکہ وہ اس (کے کناروں) پر بیٹھے ہوئے تھے اور وہ

عَلٰى	مَا	يَفْعَلُوْنَ	بِ	الْمُؤْمِنِيْنَ	شُهُوْدٌ ۭ	وَ	مَا
اوپر	اسکے جو	کرتے تھے	ساتھ	ایمان والوں	آگاہ (تھے)	اور	نہیں

عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ ۭ وَمَا

اس پر جو وہ کرتے تھے ایمان لانے والوں کے ساتھ آگاہ تھے اور ان سے

نَقَمُوْا	مِنْ	هُمْ	اِلَّآ	اَنْ	يُّؤْمِنُوْا	بِ	اللّٰهِ	الْعَزِيْزِ	الْحَمِيْدِ ۙ
بُرا منایا انہوں نے	سے	ان	سوائے	کہ	وہ ایمان لائے	ساتھ	اللہ تعالیٰ	غالب	خوبیوں والے

نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ

صرف اس بات کو بُرا مناتے تھے کہ وہ ایمان لائے تھے اللہ تعالیٰ غالب اور خوبیوں والے پر

الَّذِيْ	لَ	هٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ ۭ	وَ اللّٰهُ	عَلٰي
جس	واسطے	اس	بادشاہی	آسمانوں	اور	زمین	اور اللہ تعالیٰ	اوپر

الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي

وہ جس کی بادشاہی ہے آسمانوں اور زمین کی اور اللہ تعالیٰ ہر ایک

كُلِّ	شَيْءٍ	شَهِيْدٌ ۭ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	فَتَنُوا	الْمُؤْمِنِيْنَ
ہر	چیز	حاضر ہے	یقیناً	جنہوں نے	دکھ دیا	ایمان والوں

كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ

چیز سے واقف ہے یقیناً جنہوں نے دکھ دیا ایمان والوں

وَ	الْمُؤْمِنٰتِ	ثُمَّ	لَمْ	يَتُوْبُوْا	فَ	لَ	هُمْ	عَذَابُ	جَهَنَّمَ
اور	ایمان والیوں	پھر	نہ	توبہ کی انہوں نے	پس	واسطے	ان	عذاب	دوزخ

وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ

اور ایمان والیوں کو پھر توبہ بھی نہ کی تو ان کے لئے دوزخ کا عذاب ہے

وَ	لَ	هُمْ	عَذَابُ	الْحَرِيْقِ ۭ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا
اور	واسطے	ان	عذاب	جلانے والا	یقیناً	جو	ایمان لائے	اور	عمل کئے

وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

اور (اس کے علاوہ) ان کے لئے عذاب ہوگا جلنے کا، یقیناً جو ایمان لائے اور نیک اعمال

الصّٰلِحٰتِ	لَ	هُمْ	جَنّٰتٌ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِ	هَا	الْاَنْهٰرُ ڛ
اچھے	واسطے	ان	باغات	چلتی ہونگی	سے	نیچے	ان کے	نہریں

الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ڛ

بجالائے ان کے لئے باغات ہیں جن کے اندر نہریں چلتی ہوں گی

ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْكَبِيْرُ	اِنَّ	بَطْشَ	رَبِّ	كَ	لَ	شَدِيْدٌ
یہ	کامیابی	بڑی	یقیناً	پکڑ	پروردگار	تیرے کی	ضرور	سخت (ہے)

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ۝١١ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ۝١٢

یہی بڑی کامیابی ہے یقیناً تیرے رب کی پکڑ بڑی سخت ہے

اِنَّ	هٗ	هُوَ	يُبْدِئُ	وَ	يُعِيْدُ	وَ	هُوَ	الْغَفُوْرُ
یقیناً	وہ	وہ	پہلی بار کرتا ہے	اور	دوبارہ کرے گا	اور	وہ	بہت بخشنے والا

اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ۝١٣ وَهُوَ الْغَفُوْرُ

یقیناً پہلی بار بھی وہی ابتدا کرتا ہے اور دوبارہ بھی وہی کریگا ، اور وہ بہت بخشنے والا

الْوَدُوْدُ	ذُو	الْعَرْشِ	الْمَجِيْدُ	فَعَّالٌ
محبت کرنے والا	صاحب	عرش	بزرگی والا	کر لینے والا

الْوَدُوْدُ ۝١٤ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ۝١٥ فَعَّالٌ

محبت کرنے والا ہے صاحب عرش اور بزرگی والا ہے کر لینے والا ہے

لِ	مَا	يُرِيْدُ	هَلْ	اَتٰى	كَ	حَدِيْثُ	الْجُنُوْدِ	فِرْعَوْنَ
واسطے	جو	وہ چاہے	کیا	آئی	تیرے	بات	لشکروں	فرعون

لِّمَا يُرِيْدُ ۝١٦ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ۝١٧ فِرْعَوْنَ

جو کچھ وہ چاہے کیا آئی ہے تیرے پاس لشکروں کی بات یعنی فرعون

وَ	ثَمُوْدَ	بَلِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فِيْ	تَكْذِيْبٍ
اور	ثمود	بلکہ	وہ جنہوں نے	کفر کیا	میں	جھٹلانے

وَثَمُوْدَ ۝١٨ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ۝١٩

اور ثمود کی بلکہ وہ جنہوں نے کفر کیا جھٹلانے میں (لگے ہوئے ہیں) اور

وَ	اللّٰهُ	مِنْ	وَّرَآءِ	هِمْ	مُّحِيْطٌ	بَلْ	هُوَ
اور	اللہ تعالیٰ	سے	پیچھے	ان (کے)	گھیرنے والا (ہے)	بلکہ	وہ

وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ۝٢٠ بَلْ هُوَ

اللہ تعالیٰ بھی پیچھے سے ان کو گھیرنے والا ہے بلکہ وہ

قُرْاٰنٌ	مَّجِيْدٌ ۝	فِيْ	لَوْحٍ	مَّحْفُوْظٍ ۝
قرآن	بڑے رتبہ والا	میں	تختی	محفوظ

قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۝ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝

قرآن ہے بڑے رتبہ والا محفوظ تختی میں لکھا ہوا موجود ہے

ع ۳۲ ۱۰

(۸۶) سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ (۳۶)

سورۃ الطارق مکی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ۱۷ ——— رُكُوْعُهَا ۱

اس کی ۱۷ آیتیں ——— اور ——— ایک رکوع ہے

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا	

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کا نام لے کر جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

وَ	السَّمَآءِ	وَ	الطَّارِقِ ۝	وَ	مَآ	اَدْرٰى	كَ	مَا	الطَّارِقُ ۝
قسم ہے	آسمان	قسم ہے	رات کو آنے والے	اور	کیا	جانے	تو	کیا ہے	رات کو آنے والا

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۝

قسم ہے آسمان کی اور رات کو آنے والے کی، اور کیا جانے تو کیا ہے رات کو آنے والا

النَّجْمُ	الثَّاقِبُ ۝	اِنْ	كُلُّ	نَفْسٍ	لَّمَّا	عَلَيْ	هَا	حَافِظٌ ۝
ستارہ	چمکتا ہوا	نہیں	ہر	جان	مگر	اوپر	اس کے	نگہبان (ہے)

النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝

ستارہ ہے چمکتا ہوا کوئی جان ایسی نہیں کہ اس پر ایک نگہبان مقرر نہ ہو

فَ	لْ	يَنْظُرِ	الْاِنْسَانُ	مِنْ	مَّ	خُلِقَ ۝	خُلِقَ	مِنْ	مَّآءٍ
پس	چاہئے	دیکھے	انسان	سے	کس	پیدا کیا گیا وہ	پیدا کیا گیا	سے	پانی

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ

پس انسان کو دیکھنا چاہئے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے، وہ پیدا کیا گیا ہے

دَافِقٍ	يَّخْرُجُ	مِنْۢ	بَيْنِ	الصُّلْبِ	وَ	التَّرَآئِبِ
اچھلنے والے	نکلتا ہے	سے	درمیان	پیٹھ	اور	سینہ کی ہڈیوں

دَافِقٍ ۙ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۗ

اچھلنے والے پانی سے، جو پیٹھ اور سینوں کی ہڈیوں کے درمیان میں سے نکلتا ہے

اِنَّ	هٗ	عَلٰى	رَجْعِ	هٖ	لَ	قَادِرٌ	يَوْمَ	تُبْلَى	السَّرَآئِرُ
یقیناً	وہ	اوپر	لوٹانے	اس	ضرور	طاقت ور	دن	ظاہر کی جائینگی	مخفی باتیں

اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۗ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۙ

بیشک وہ اس کے لوٹانے پر قادر ہے جس دن کہ ظاہر کی جائیں گی مخفی باتیں

فَ	مَا	لَ	هٗ	مِنْ	قُوَّةٍ	وَّ	لَا	نَاصِرٍ	وَ	السَّمَآءِ	ذَاتِ	الرَّجْعِ
پس	نہ	واسطے	اس	سے	طاقت	اور	نہ	مددگار	قسم ہے	آسمان	والے	لوٹانا۔بارش

فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۗ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۙ

پس اس کی کوئی طاقت اس کے مقابلہ میں پیش نہیں کی جائیگی اور نہ کوئی مددگار ہوگا، اور قسم ہے آسمان کی جو بارش لانے والا

وَ	الْاَرْضِ	ذَاتِ	الصَّدْعِ	اِنَّ	هٗ	لَ	قَوْلٌ	فَصْلٌ
اور	زمین	والی	پھٹنے	یقیناً	یہ	البتہ	بات (ہے)	فیصلہ کرنیوالی

وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۙ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۙ

اور زمین کی جو (روئیدگی کیلئے) پھٹنے والی ہے یقیناً یہ ایک فیصلہ کن کلام ہے

وَّ	مَا	هُوَ	بِ	الْهَزْلِ	اِنَّ	هُمْ	يَكِيْدُوْنَ	كَيْدًا	وَّ	اَكِيْدُ
اور	نہیں	وہ		بے ہودہ	یقیناً	وہ	تدبیریں کرتے ہیں	ایک تدبیر	اور	میں تدبیر کرتا ہوں

وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۗ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّاَكِيْدُ

اور وہ بیہودہ بات نہیں ہے یقیناً وہ خوب تدبیریں کرتے ہیں اور میں بھی کرتا ہوں

كَيْدًا	فَ	مَهِّلِ	الْكٰفِرِيْنَ	اَمْهِلْ	هُمْ	رُوَيْدًا
ایک تدبیر	پس	مہلت دے	کافروں (کو)	مہلت دے	ان کو	کچھ مدت

كَيْدًا ۚ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۧ ع ۱ / ۱۱

خوب تدبیر پس مہلت دے کافروں کو (ہاں) کچھ مدت انہیں اور مہلت دے

(۸۷) سُوْرَةُ الْاَعْلٰى مَكِّيَّةٌ (۸)

سورۃ الاعلیٰ مکی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ۱۹ ——— رُكُوْعُهَا ۱

اس کی ۱۹ آیتیں ——— اور ——— ایک رکوع ہے

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کا نام لے کر جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

سَبِّحِ	اسْمَ	رَبِّ	كَ	الْاَعْلَى ۝	الَّذِيْ	خَلَقَ	فَ	سَوّٰى ۝
بے عیب ہونا بیان کر	نام	پالنے والا	تیرا	بلند شان والا	جس نے	پیدا کیا	پس	ٹھیک ٹھاک کیا

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۝ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۝

اپنے بلند شان والے پروردگار کا بے عیب ہونا بیان کر جس نے پیدا کیا پھر ٹھیک ٹھاک کیا

وَ	الَّذِيْ	قَدَّرَ	فَ	هَدٰى ۝	وَ	الَّذِيْٓ	اَخْرَجَ	الْمَرْعٰى ۝
اور	جس نے	اندازہ کیا	پس	راہ دکھائی	اور	جس نے	نکالا	چارہ

وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۝ وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۝

اور جس نے اس کی (طاقتوں) کا اندازہ کیا پھر راہ دکھائی، اور جس نے چارا نکالا

فَ	جَعَلَ	هٗ	غُثَآءً	اَحْوٰى ۝	سَ	نُقْرِئُ	كَ	فَ	لَا	تَنْسٰٓى ۝
پھر	کر دیا	اسے	کوڑا کرکٹ	سیاہ	جلد ہی	ہم پڑھائینگے	تجھے	پھر	نہ	تو بھولے گا

فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ۝ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۝

پھر اس نے اسے کوڑا کرکٹ سیاہ رنگت والا کر دیا، جلد ہی ہم آپ کو ایسا پڑھائینگے کہ پھر آپ نہیں بھولینگے

اِلَّا	مَا	شَآءَ	اللّٰهُ	اِنَّ	هٗ	يَعْلَمُ	الْجَهْرَ	وَ	مَا	يَخْفٰى ۝
مگر	جو	چاہے	اللہ تعالیٰ	یقیناً	وہ	جانتا ہے	ظاہر بات	اور	جو	پوشیدہ بات

اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۝

مگر جو بھلانا چاہے اللہ تعالیٰ یقیناً وہ جانتا ہے ظاہر کو اور جو مخفی ہے اسے بھی

وَ	نُيَسِّرُ	كَ	لِ	الْيُسْرٰى ۝	فَ	ذَكِّرْ	اِنْ	نَّفَعَتِ	الذِّكْرٰى ۝
اور	ہم آسانی دینگے	تجھے	واسطے	آسانی کے	پس	نصیحت کر	اگر	نفع دیتا ہے	نصیحت کرنا

وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۝٨ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۝٩

اور ہم آسانی کر دینگے تیرے لئے آسان کرنا پس نصیحت کر جب تک کہ نفع دیتا ہے نصیحت کرنا

سَ	يَذَّكَّرُ	مَنْ	يَّخْشٰى ۝	وَ	يَتَجَنَّبُ	هَا	الْاَشْقَى ۝
ضرور	نصیحت پکڑیگا	جو	ڈرتا ہے	اور	ایک طرف رہیگا	اس	بدبخت

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝١٠ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۝١١

ضرور نصیحت پکڑتا ہے جو خدا سے ڈرتا ہے، اور اس سے گریز کرتا رہے گا بدبخت انسان

الَّذِىْ	يَصْلَى	النَّارَ	الْكُبْرٰى ۝	ثُمَّ	لَا	يَمُوْتُ
جو	داخل ہوگا	آگ	بڑی	پھر	نہ	مرے گا

الَّذِىْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۝١٢ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ

جو بڑی آگ میں داخل ہوگا پھر نہ مرے گا

فِىْ	هَا	وَ	لَا	يَحْيٰى ۝	قَدْ	اَفْلَحَ	مَنْ	تَزَكّٰى ۝	وَ	ذَكَرَ
میں	اس	اور	نہ	زندہ رہے گا وہ	یقیناً	کامیاب ہو گیا	جس نے	پاکیزگی اختیار کی	اور	یاد کیا

فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝١٣ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝١٤ وَذَكَرَ

اس میں اور نہ زندہ رہے گا یقیناً وہ کامیاب ہو گیا جس نے پاکیزگی اختیار کی، اور یاد کیا

اسْمَ	رَبِّ	هٖ	فَ	صَلّٰى ۝	بَلْ	تُؤْثِرُوْنَ	الْحَيٰوةَ
نام	پروردگار	اپنے	پھر	نماز پڑھی	بلکہ	تم مقدم رکھتے ہو	زندگی

اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۝١٥ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ

اپنے رب کا نام پھر نماز پڑھی بلکہ تم تو ترجیح دیتے ہو دنیاوی

الدُّنْيَا ۝	وَ	الْاٰخِرَةُ	خَيْرٌ	وَّ	اَبْقٰى ۝	اِنَّ	هٰذَا
دنیاوی	اور	آخرت	بہت بہتر	اور	بہت باقی رہنے والی	یقیناً	یہ

الدُّنْيَا ۝١٦ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝١٧ اِنَّ هٰذَا

زندگی کو حالانکہ آخرت کہیں بہتر اور دیر پا رہنے والی ہے، یقیناً یہ

لَ	فِي	الصُّحُفِ	الْأُولَىٰ ۝	صُحُفِ	إِبْرَاهِيمَ	وَ	مُوسَىٰ ۝	
البتہ	میں	چھوٹی کتابیں	پہلوں	چھوٹی کتابیں	ابراہیمؑ	اور	موسیٰؑ	

لَفِي الصُّحُفِ الْأُولَىٰ ۝١٨ صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ ۝١٩

یقیناً یہ پہلے صحیفوں میں بھی موجود ہے یعنی ابراہیمؑ اور موسیٰؑ کے صحیفوں میں

(٨٨) سُورَةُ الْغَاشِيَةِ مَكِّيَّةٌ (٦٨)

سورۃ الغاشیہ مکی سورت ہے

آيَاتُهَا ٢٦ ——— رُكُوعُهَا ١

اس کی ٢٦ آیتیں ——— اور ——— ایک رکوع ہے

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيمِ	
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا	

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کا نام لے کر جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

هَلْ	أَتَىٰ	كَ	حَدِيثُ	الْغَاشِيَةِ ۝	وُجُوهٌ	يَوْمَ	إِذٍ	
کیا	آئی	تیرے پاس	بات	ڈھانک لینے والی (کی)	کتنے چہرے	دن	اس	

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ ۝١ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ

کیا تیرے پاس دنیا پر چھا جانے والی مصیبت کی خبر آئی ہے، کتنے چہرے اس دن

خَاشِعَةٌ ۝	عَامِلَةٌ	نَّاصِبَةٌ ۝	تَصْلَىٰ	نَارًا	حَامِيَةً ۝		
ذلیل ہوں گے	عمل کرنیوالے	تھکے ہوئے	داخل ہونگے	آگ	جلتی ہوئی		

خَاشِعَةٌ ۝٢ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۝٣ تَصْلَىٰ نَارًا حَامِيَةً ۝٤

ذلیل ہونگے عمل کرنے والے اور تھکے ماندہ ہونگے دہکتی آگ میں داخل ہوں گے

تُسْقَىٰ	مِنْ	عَيْنٍ	آنِيَةٍ ۝	لَيْسَ	لَ	هُمْ	طَعَامٌ	إِلَّا		
پلائے جائینگے	سے	چشمہ	کھولتے ہوئے	نہیں	واسطے	ان (کے)	کھانا	مگر		

تُسْقَىٰ مِنْ عَيْنٍ آنِيَةٍ ۝٥ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلَّا

کھولتے ہوئے چشمہ میں سے پلائے جائینگے ان کے لئے کھانا سوکھی شبرق گھاس کے سوا

مِنْ	ضَرِيْعٍ ۝	لَا	يُسْمِنُ	وَ	لَا	يُغْنِيْ	مِنْ	جُوْعٍ ۝
سے	شبرق گھاس	نہ	موٹا کرے گا وہ	اور	نہ	کافی ہوگی	سے	بھوک

مِنْ ضَرِيْعٍ ۝ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ۝٧

اور کچھ نہ ہوگا انہیں نہ تو موٹا کرے گا وہ اور نہ بھوک کو مٹائے گا

وُجُوْهٌ	يَّوْمَ	اِذٍ	نَّاعِمَةٌ ۝	لِّ	سَعْيِ	هَا	رَاضِيَةٌ ۝	فِيْ
کئی چہرے	دن	اس	نعمتوں والے	واسطے	کوشش	اپنی	خوش ہوں گے	میں

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ۝٨ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۝٩ فِيْ

کئی چہرے اس دن خوش وخرم ہوں گے، اپنی کوشش سے خوش ہوں گے۔

جَنَّةٍ	عَالِيَةٍ ۝	لَّا	تَسْمَعُ	فِيْ	هَا	لَاغِيَةً ۝	فِيْ	هَا
جنت	بلند	نہ	سنیں گے	میں	اس	بے ہودہ بات	میں	اس

جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝١٠ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ۝١١ فِيْهَا

بلند شان جنت میں ہوں گے اس میں کوئی بیہودہ بات نہ سنیں گے اس میں

عَيْنٌ	جَارِيَةٌ ۝	فِيْ	هَا	سُرُرٌ	مَّرْفُوْعَةٌ ۝	وَّ	اَكْوَابٌ
چشمہ	جاری	میں	اس	تخت	بلند کئے گئے	اور	آبخورے

وقف لازم

عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۝١٢ فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ۝١٣ وَّاَكْوَابٌ

بہتا ہوا چشمہ ہوگا اس میں اونچے تخت ہوں گے اور آبخورے

مَّوْضُوْعَةٌ ۝	وَّ	نَمَارِقُ	مَصْفُوْفَةٌ ۝	وَّ	زَرَابِيُّ
رکھے ہوئے	اور	تکئے	قطار وار	اور	قالین

مَّوْضُوْعَةٌ ۝١٤ وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ۝١٥ وَّزَرَابِيُّ

دھرے ہوں گے اور تکئے قطاروں میں رکھے ہوں گے اور قالین

مَبْثُوْثَةٌ ۝	اَ	فَ	لَا	يَنْظُرُوْنَ	اِلَى	الْاِبِلِ	كَيْفَ	خُلِقَتْ ۝
بچھائے ہوئے	کیا	پس	نہیں	وہ دیکھتے ہیں	طرف	اونٹوں	کس طرح	وہ پیدا کئے گئے

مَبْثُوْثَةٌ ۝١٦ اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ۝١٧

بچھے ہوئے ہوں گے پھر کیا وہ دیکھتے نہیں اونٹوں کی طرف کس طرح وہ پیدا کئے گئے

وَ	اِلَى	السَّمَآءِ	كَيْفَ	رُفِعَتْ ○ وقفة	وَ	اِلَى	الْجِبَالِ	كَيْفَ
اور	طرف	آسمان	کس طرح	وہ بلند کیا گیا	اور	طرف	پہاڑوں	کیسے

وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ۝۱۸ وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ

اور آسمان کی طرف کس طرح وہ بلند کیا گیا ہے اور پہاڑوں کی طرف کس طرح وہ

نُصِبَتْ ○ وقفة	وَ	اِلَى	الْاَرْضِ	كَيْفَ	سُطِحَتْ ○ وقفة	فَ	ذَكِّرْ	اِنَّمَآ
وہ گاڑے گئے	اور	طرف	زمین	کیسے	وہ بچھائی گئی	پس	نصیحت کر	صرف

نُصِبَتْ ۝۱۹ وَاِلَى الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ۝۲۰ فَذَكِّرْ اِنَّمَآ

گاڑے گئے اور زمین کی طرف کیسے وہ بچھائی گئی پس نصیحت کر

اَنْتَ	مُذَكِّرٌ ○	لَسْتَ	عَلَى	هِمْ	بِ	مُصَيْطِرٍ ○	اِلَّا	مَنْ
تو	نصیحت کرنے والا	نہیں تو	اوپر	ان کے	×	داروغہ	مگر	جس نے

اَنْتَ مُذَكِّرٌ ۝۲۱ لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ۝۲۲ اِلَّا مَنْ

آپ تو صرف نصیحت کرنیوالے ہیں، آپ ان پر داروغہ مقرر نہیں ہیں ، ہاں جس نے

تَوَلّٰى	وَ	كَفَرَ ○	فَ	يُعَذِّبُ	هُ	اللّٰهُ	الْعَذَابَ
منہ پھیرا	اور	کفر کیا	پس	عذاب دے گا	اُسے	اللہ تعالیٰ	دکھ

تَوَلّٰى وَكَفَرَ ۝۲۳ فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ

منہ پھیرا اور کفر کیا تو اسے اللہ تعالیٰ بہت بڑا عذاب

الْاَكْبَرَ ○	اِنَّ	اِلَى	نَا	اِيَابَ	هُمْ ○	ثُمَّ	اِنَّ
بہت بڑا	یقیناً	طرف	ہماری	لوٹنا	ان (کا)	پھر	یقیناً

الْاَكْبَرَ ۝۲۴ اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ۝۲۵ ثُمَّ اِنَّ

دے گا یقیناً ہماری طرف ہی ان کا لوٹنا ہے پھر یقیناً

عَلَى	نَا	حِسَابَ	هُمْ ○ ع
اوپر	ہمارے	حساب	ان کا

عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ۝۲۶ ع

ہمارے ہی ذمے ان کا حساب ہے۔

(۸۹) سُوْرَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ (۱۰)

سورۃ الفجر مکی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ۳۰ ———— رُكُوْعُهَا ۱

اس کی ۳۰ آیتیں ———— اور ———— ایک رکوع ہے

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کا نام لے کر جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

وَ	الْفَجْرِ	وَ	لَيَالٍ	عَشْرٍ	وَّ	الشَّفْعِ	وَ	الْوَتْرِ
قسم	فجر (کی)	قسم ہے	راتوں	دس (کی)	قسم ہے	جفت (کی)	اور	طاق (کی)

وَالْفَجْرِ ۙ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ۙ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ۙ

قسم ہے فجر کی اور قسم ہے دس راتوں کی اور جفت اور طاق (کی)

وَ	الَّيْلِ	اِذَا	يَسْرِ	هَلْ	فِيْ	ذٰلِكَ	قَسَمٌ	لِّ	ذِيْ
قسم ہے	رات (کی)	جب	چل پڑے وہ	کیا	میں	اس	قسم ہے	واسطے	والا

وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ۚ هَلْ فِيْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِيْ

اور قسم ہے ایک رات کی جب چل پڑے وہ، کیا اس میں کوئی قسم ہے؟ (یا نہیں)

حِجْرٍ	اَ	لَمْ	تَرَ	كَيْفَ	فَعَلَ	رَبُّ	كَ	بِ	عَادٍ	اِرَمَ
عقل	کیا	نہ	دیکھا تونے	کیسا	معاملہ کیا	پروردگار	تیرے نے	ساتھ	عاد	ارم

حِجْرٍ ۭ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ۠ اِرَمَ

عقلمند کے لئے، کیا نہ دیکھا تو نے کیا معاملہ کیا تیرے ربّ نے عاد سے یعنی عاد ارم سے

ذَاتِ	الْعِمَادِ	الَّتِيْ	لَمْ	يُخْلَقْ	مِثْلُ	هَا	فِي	الْبِلَادِ
والے	ستونوں	وہ جو	نہیں	پیدا کیا گیا	جیسا	ان	میں	شہروں

ذَاتِ الْعِمَادِ ۠ الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ۠

جو بڑے ستونوں (عمارتوں) والے تھے، یہ وہ قوم تھی کہ نہیں پیدا کی گئی ان جیسی کوئی (قوم) ان شہروں میں

وَ	ثَمُوْدَ	الَّذِيْنَ	جَابُوا	الصَّخْرَ	بِ	الْوَادِ ۝	وَ	فِرْعَوْنَ
اور	ثمود	جنہوں (نے)	تراشا انہوں نے	پتھروں کو	میں	وادی	اور	فرعون

وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝ وَفِرْعَوْنَ

اور ثمود کا جنہوں نے پتھر تراش کر وادی میں (گھر بنائے تھے) اور فرعون

ذِی	الْاَوْتَادِ ۝	الَّذِيْنَ	طَغَوْا	فِی	الْبِلَادِ ۝	فَ	اَكْثَرُوْا
والے	میخوں (کو)	جنہوں (نے)	سرکشی کی انہوں نے	میں	شہروں	پس	انہوں نے بہت کیا

ذِی الْاَوْتَادِ ۝ الَّذِيْنَ طَغَوْا فِی الْبِلَادِ ۝ فَاَكْثَرُوْا

میخوں والے کا جنہوں نے سرکشی کی شہروں میں پس انہوں نے

فِیْ	هَا	الْفَسَادَ ۝	فَ	صَبَّ	عَلٰی	هِمْ	رَبُّ	كَ	سَوْطَ
میں	ان	فساد	پس	برسایا	اوپر	ان (کے)	پروردگار	تیرے نے	کوڑا

فِيْهَا الْفَسَادَ ۝ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ

ان میں بہت اودھم مچایا تب ان پر تیرے رب نے عذاب کا کوڑا

عَذَابٍ ۝	اِنَّ	رَبَّ	كَ	لَ	بِ	الْمِرْصَادِ ۝	فَ	اَمَّا	الْاِنْسَانُ
عذاب (کا)	یقیناً	رب	تیرا	البتہ	میں	گھات (ہے)	پس	لیکن	انسان

عَذَابٍ ۝ اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ۝ فَاَمَّا الْاِنْسَانُ

برسایا یقیناً (دشمن حق کے خلاف) تیرا رب گھات میں ہے ، مگر انسان تو (ایسا ہے) کہ

اِذَا	مَا	ابْتَلٰی	هُ	رَبُّ	هٗ	فَ	اَكْرَمَ	هٗ	وَ	نَعَّمَ	هٗ	فَ	يَقُوْلُ
جب	کہ	آزماتا ہے	اسے	پروردگار	اس کا	پس	عزت دیتا ہے	اسے	اور	نعمت دیتا ہے	اسے	پس	وہ کہتا ہے

اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ فَيَقُوْلُ

جب آزماتا ہے اسے اس کا رب پس عزت دیتا ہے اس کو اور نعمت دیتا ہے اس کو تو کہتا ہے

رَبِّ	یْ	اَكْرَمَ	نِ-ی ۝	وَ	اَمَّآ	اِذَا	مَا	ابْتَلٰی	هُ	فَ	قَدَرَ	عَلٰی	هِ
پروردگار	میرے نے	عزت دی	مجھ کو	اور	لیکن	جب	کہ	آزماتا ہے	اُسے	پس	تنگ کرتا ہے	اوپر	اس (کے)

رَبِّیْۤ اَكْرَمَنِ ۝ وَاَمَّآ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ

میرے رب نے عزت دی مجھ کو اور ہاں وہ جب اس کو آزماتا ہے پس اس پر رزق اس کا

رِزْقَ	هٗ	فَ	يَقُوْلُ	رَبِّ	يْ	اَهَانَ	نِ	كَلَّا	بَلْ	لَا	تُكْرِمُوْنَ
روزی	اس (کی)	پس	وہ کہتا ہے	پروردگار	میرے نے	ذلیل کیا	مجھ کو	ہرگز نہیں	بلکہ	نہیں	تم عزت کرتے ہو

رِزْقَهٗ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَهَانَنِ ۱۶ كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ

تنگ کر دیتا ہے تو وہ کہتا ہے میرے رب نے مجھ کو رسوا کیا ۔ ہرگز یہ بات نہیں بلکہ تم عزت نہیں کرتے

الْيَتِيْمَ	وَ	لَا	تَحٰٓضُّوْنَ	عَلٰى	طَعَامِ	الْمِسْكِيْنِ
یتیم کی	اور	نہ	ترغیب دیتے ہو ایک دوسرے کو	اوپر	کھانا کھلانے	مسکین فقیر (کے)

الْيَتِيْمَ ۱۷ وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۱۸

یتیم کی اور نہ ترغیب دیتے ہو ایک دوسرے کو مسکین کو کھانا کھلانے کی

وَ	تَاْكُلُوْنَ	التُّرَاثَ	اَكْلًا	لَّمًّا	وَ	تُحِبُّوْنَ
اور	تم کھا جاتے ہو	ورثہ	کھانا	سمیٹ کر	اور	تم محبت کرتے ہو

وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ۱۹ وَّتُحِبُّوْنَ

اور تم کھا جاتے ہو (اپنے بزرگوں کا) سارا ورثہ پوری طرح سمیٹ کر اور تم مال سے محبت

الْمَالَ	حُبًّا	جَمًّا	كَلَّآ	اِذَا	دُكَّتِ	الْاَرْضُ
مال (سے)	محبت	بڑی	ہرگز نہیں	جب	توڑی جائے گی	زمین

الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ۲۰ كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ

کرتے ہو بے انتہا ہرگز نہیں جب توڑ دی جائے گی زمین

دَكًّا	دَكًّا	وَّ	جَآءَ	رَبُّ	كَ	وَ	الْمَلَكُ	صَفًّا	صَفًّا
ریزہ	ریزہ کر کے	اور	آیا	پروردگار	تیرا	اور	فرشتے	قطار (در)	قطار

دَكًّا دَكًّا ۲۱ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ۲۲

ریزہ ریزہ کر کے اور تیرا رب اور فرشتے صف باندھ کر آئیں گے

وَ	جِايْٓءَ	يَوْمَ	اِذٍ	بِ	جَهَنَّمَ	يَوْمَ	اِذٍ	يَّتَذَكَّرُ
اور	لایا گیا	دن	اس	کو	جہنم	دن	اس	نصیحت پکڑے گا

وَجِايْٓءَ يَوْمَىِٕذٍۢ بِجَهَنَّمَ يَوْمَىِٕذٍ يَّتَذَكَّرُ

اور اس دن جہنم کو لایا جائے گا تب اس دن نصیحت پکڑے گا

الْاِنْسَانُ	وَ	اَنّٰى	لَ	هُ	الذِّكْرٰى ۝	يَقُوْلُ	يَا	لَيْتَ	نِىْ
انسان	اور	کہاں ہوگا	واسطے اسکے		نصیحت پکڑنا	وہ کہے گا	اے	کاش	میں

الْاِنْسَانُ وَاَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ۝٢٣ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِىْ

انسان اور کہاں ہوگا اس کے لئے نصیحت پکڑنے کا فائدہ ۔ وہ کہے گا اے کاش میں

قَدَّمْتُ	لِ	حَيَاتِ	ىْ ۝	فَ	يَوْمَ	اِذٍ	لَا	يُعَذِّبُ
پہلے بھیج لیتا میں	واسطے	زندگانی	اپنی کے	پس	دن	اس	نہ	عذاب دے گا

قَدَّمْتُ لِحَيَاتِىْ ۝٢٤ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ

پہلے بھیج لیتا کچھ اپنی زندگی کے لئے ۔ پس اس دن کوئی ایک بھی اس جیسا

عَذَابَ	هٗ	اَحَدٌ ۝	وَ	لَا	يُوْثِقُ	وَثَاقَ	هٗ	اَحَدٌ ۝
عذاب	اس	کوئی	اور	نہ	قابو کرے گا	قابو کرنا	اس	کوئی

عَذَابَهٗ اَحَدٌ ۝٢٥ وَّلَا يُوْثِقُ وَثَاقَهٗ اَحَدٌ ۝٢٦

عذاب نہ دے گا اور نہ اس جیسی گرفت کوئی ایک بھی گرفت کر سکے گا

يٰۤاَيَّتُهَا	النَّفْسُ	الْمُطْمَئِنَّةُ ۝	ارْجِعِىْ	اِلٰى
اے	جی	آرام پکڑنے والے	لوٹ جا	طرف

يٰۤاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ۝٢٧ ارْجِعِىْ اِلٰى

اے اطمینان یافتہ نفس لوٹ جا اپنے

رَبِّ	كِ	رَاضِيَةً	مَّرْضِيَّةً ۝	فَ	ادْخُلِىْ	فِىْ	عِبَادِ	ىْ
پروردگار	اپنے	خوش ہونے والا	پسند کیا گیا	پس	داخل ہو جا	میں	بندوں	میرے

رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ۝٢٨ فَادْخُلِىْ فِىْ عِبٰدِىْ ۝٢٩

رب کی طرف تو خوش ہونے والا ہے اور پسند کیا گیا ہے ، پھر داخل ہو جا میرے بندوں میں

وَ	ادْخُلِىْ	جَنَّتِ	ىْ ۝
اور	داخل ہو جا	بہشت	میری

وَادْخُلِىْ جَنَّتِىْ ۝٣٠

اور جا میرے بہشت میں (بھی) داخل ہو جا

ع ۱

(۹۰) سُوْرَةُ الْبَلَدِ مَكِّيَّةٌ (۳۵)

سورۃ البلد مکی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ۲۰ —— رُكُوْعُهَا ۱

اس کی ۲۰ آیتیں —— اور —— ایک رکوع ہے

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کا نام لے کر جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

لَآ	اُقْسِمُ	بِ	هٰذَا	الْبَلَدِ ۝	وَ	اَنْتَ	حِلٌّۢ	بِ	هٰذَا	الْبَلَدِ ۝
نہیں	میں قسم کھاتا ہوں	کی	اس	شہر	اور	تو	اترنے والا	میں	اس	شہر

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝

ایسا نہیں میں قسم کھاتا ہوں اس شہر (مکہ) کی   اور آپ اترنے والے ہیں اس شہر میں

وَ	وَالِدٍ	وَّ	مَا	وَلَدَ ۝	لَقَدْ	خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	فِيْ
قسم ہے	باپ کی	اور	جو	اس نے جنا	یقیناً	ہم نے پیدا کیا	انسان (کو)	میں

وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْ

قسم ہے باپ کی اور اس کے بیٹے کی، یقیناً ہم نے پیدا کیا انسان کو   محنت کش

كَبَدٍ ۝	اَ	يَحْسَبُ	اَنْ	لَّنْ	يَّقْدِرَ	عَلَىْ	هِ	اَحَدٌ ۝	يَقُوْلُ
محنت	کیا	وہ گمان کرتا ہے	کہ	ہرگز نہیں	قابو پائیگا	اوپر	اس کے	کوئی	وہ کہتا ہے

كَبَدٍ ۝ اَيَحْسَبُ اَنْ لَّنْ يَّقْدِرَ عَلَيْهِ اَحَدٌ ۝ يَقُوْلُ وقف لازم

بنا کر   کیا وہ گمان کرتا ہے کہ ہرگز کوئی بھی اس پر قابو نہیں پائے گا، وہ کہتا ہے

اَهْلَكْتُ	مَالًا	لُّبَدًا ۝	اَ	يَحْسَبُ	اَنْ	لَّمْ	يَرَ	هٗٓ	اَحَدٌ ۝
میں نے خرچ کیا	مال	ڈھیروں ڈھیر	کیا	وہ گمان کرتا ہے	کہ	نہیں	دیکھا	اسے	کسی (نے)

اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ۝ اَيَحْسَبُ اَنْ لَّمْ يَرَهٗٓ اَحَدٌ ۝

میں نے مال خرچ کیا ڈھیروں ڈھیر   کیا وہ گمان کرتا ہے کہ نہیں دیکھا اسے کسی نے

أَ	لَمْ	نَجْعَلْ	لَّ	هٗ	عَيْنَيْنِ ۝	وَ	لِسَانًا	وَّ	شَفَتَيْنِ ۝
کیا	نہیں	بنائیں ہم نے	واسطے	اس کے	دو آنکھیں	اور	زبان	اور	دو ہونٹ

أَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ ۝٨ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ۝٩

کیا نہیں بنائیں ہم نے اس کی دو آنکھیں اور زبان اور دو ہونٹ بھی

وَ	هَدَيْنَا	هُ	النَّجْدَيْنِ ۝	فَ	لَا	اقْتَحَمَ	الْعَقَبَةَ ۝
اور	دکھائیں ہم نے	اسے	دو راہیں	پس	نہیں	داخل ہوا وہ	گھاٹی (میں)

وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ۝١٠ فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ۝١١

اور ہم نے اس کو دو راہیں بھی دکھائیں پس وہ گھاٹی میں داخل نہیں ہوا

وَ	مَآ	اَدْرٰى	كَ	مَا	الْعَقَبَةُ ۝	فَكُّ	رَقَبَةٍ ۝	اَوْ	اِطْعَامٌ
اور	کس نے	بتایا	تجھ کو	کیا ہے	وہ گھاٹی	آزاد کرنا	گردن (کا)	یا	کھانا کھلانا

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ۝١٢ فَكُّ رَقَبَةٍ ۝١٣ اَوْ اِطْعٰمٌ

اور کیا جانے تو کہ کیا ہے وہ گھاٹی آزاد کرنا گردن (کا) یعنی غلام کا، یا کھانا کھلانا

فِيْ	يَوْمٍ	ذِيْ	مَسْغَبَةٍ ۝	يَّتِيْمًا	ذَا	مَقْرَبَةٍ ۝
میں	دن	والے	بھوک	یتیم	والے	قرابت

فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ ۝١٤ يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ۝١٥

بھوک والے دن میں یتیم قرابت والے رشتہ دار کو یا

اَوْ	مِسْكِيْنًا	ذَا	مَتْرَبَةٍ ۝	ثُمَّ	كَانَ	مِنَ	الَّذِيْنَ
یا	مسکین	والا	مٹی میں لت پت	پھر	ہو وہ	سے	اُن جو

اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ۝١٦ ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ

مسکین خاک افتادہ کو پھر وہ ہو جائے ان میں سے جو

اٰمَنُوْا	وَ	تَوَاصَوْا	بِ	الصَّبْرِ	وَ	تَوَاصَوْا	بِ	الْمَرْحَمَةِ ۝
ایمان لائے	اور	ایک دوسرے کو نصیحت کی	ساتھ	صبر	اور	ایک دوسرے کو نصیحت کی	ساتھ	رحم کرنا

اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ۝١٧

ایمان لائے اور ایک دوسرے کو نصیحت کرتے ہیں صبر کی اور ایک دوسرے کو نصیحت کرتے ہیں رحم کرنے کی

أُولٰٓئِكَ	أَصْحٰبُ	الْمَيْمَنَةِ ۝	وَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
یہ لوگ	والے	برکت	اور	جنہوں (نے)	نہ مانا

أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

یہ لوگ برکت والے ہیں اور جنہوں نے انکار کیا

بِ	اٰيٰتِ	نَا	هُمْ	أَصْحٰبُ	الْمَشْئَمَةِ ۝	عَلَيْ	هِمْ
کو	حکموں	ہمارے	وہ	والے	نحوست	اوپر	ان کے

بِاٰيٰتِنَا هُمْ أَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۝ عَلَيْهِمْ

ہماری آیتوں کا وہ نحوست والے ہیں ان پر

نَارٌ	مُّؤْصَدَةٌ ۝
آگ	بند کی ہوئی

نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ۝

بند بھٹی کی آگ مسلط ہوگی

(۹۱) سُوْرَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ (۲۶)

سورۃ الشمس مکی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ۱۵ رُكُوْعُهَا ۱

اس کی ۱۵ آیتیں ——— اور ——— ایک رکوع ہے

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کا نام لے کر جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

وَ	الشَّمْسِ	وَ	ضُحٰى	هَا ۝	وَ	الْقَمَرِ	إِذَا	تَلٰى	هَا ۝
قسم ہے	سورج (کی)	قسم ہے	دھوپ	اس	قسم ہے	چاند	جب	وہ پیچھے آئے	اس (کے)

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۝ وَالْقَمَرِ إِذَا تَلٰهَا ۝

قسم ہے سورج کی اور قسم ہے اس کی دھوپ کی، اور قسم ہے چاند کی جب وہ پیچھے آئے اس (سورج) کے

وَ	النَّهَارِ	اِذَا	جَلّٰى	هَا ۝	وَ	الَّيْلِ	اِذَا	يَغْشٰى	هَا ۝	وَ	السَّمَآءِ
	دن کی	جب	وہ ظاہر کرے	اسے	قسم ہے	رات	جب	ڈھانک لے	اسے	قسم ہے	آسمان

وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰىهَا ۝ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ۝ وَالسَّمَآءِ

اور قسم ہے دن کی جب وہ ظاہر کر دے اس سورج کو، قسم ہے رات کی جب ڈھانک لے اس کو، اور قسم ہے آسمان کی

وَ	مَا	بَنٰى	هَا ۝	وَ	الْاَرْضِ	وَ	مَا	طَحٰى	هَا ۝	وَ	نَفْسٍ
اور	اس کی	بنایا جس نے	اسے	قسم ہے	زمین	اور	اس	بچھایا	اسے	قسم ہے	جان

وَمَا بَنٰىهَا ۝ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ۝ وَنَفْسٍ

اور اس ذات کی جس نے بنایا اس کو، اور قسم ہے زمین کی اور اس کی جس نے بچھایا اس کو، اور قسم ہے جان کی

وَ	مَا	سَوّٰى	هَا ۝	فَ	اَلْهَمَ	هَا	فُجُوْرَ	هَا	وَ	تَقْوٰى	هَا ۝
اور	اس کی	جس نے درست کیا	اسے	پس	جتا دی	اس کو	بدکاری	اس کی	اور	پرہیزگاری	اس کی

وَمَا سَوّٰىهَا ۝ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝

اور اس کی جس نے درست کیا اس کو، پھر اس کو بدکاری اس کی اور اس کی پرہیزگاری جتا دی

قَدْ	اَفْلَحَ	مَنْ	زَكّٰى	هَا ۝	وَ	قَدْ	خَابَ	مَنْ	دَسّٰى	هَا ۝
یقیناً	مراد کو پہنچا	جس نے	پاک کیا	اسے	اور	یقیناً	نامراد ہوا وہ	جس نے	گاڑ دیا	اسے

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ۝

یقیناً مراد کو پہنچا جس نے پاک کیا اس (نفس کو) اور یقیناً نامراد ہوا وہ جس نے گاڑ دیا (گنہگار بنایا) اس کو

كَذَّبَتْ	ثَمُوْدُ	بِ	طَغْوٰى	هَا ۝	اِذِ		انْۢبَعَثَ	اَشْقٰى	هَا ۝
جھٹلایا	ثمود (نے)	بوجہ	سرکشی	اپنی	جب		اٹھا	بدبخت بڑا	ان (کا)

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَا ۝ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝

جھٹلایا ثمود نے بوجہ اپنی سرکشی کے . جب اٹھ کھڑا ہوا ان میں کا سب سے بڑا بدبخت

فَ	قَالَ	لَ	هُمْ	رَسُوْلُ	اللّٰهِ	نَاقَةَ	اللّٰهِ	وَ	سُقْيَا	هَا ۝
پس	کہا	واسطے	ان	بھیجا ہوا	اللہ تعالیٰ	اونٹنی	اللہ تعالیٰ کی	اور	پانی پلانا	اس کا

فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝

پس کہا اللہ کے رسول نے (بچتے رہو) اللہ تعالیٰ کی اونٹنی سے اور خیال رکھو اس کے پانی پلانے کا

فَ	كَذَّبُوْ	هُ	فَ	عَقَرُوْ	هَا	فَ	دَمْدَمَ	عَلَيْ	هِمْ	رَبُّ	هُمْ
پس	جھٹلایا انہوں نے	اُسے	پس	پاؤں کاٹے	اس	پھر	تباہی ڈال دی	اوپر	ان (کے)	پروردگار	ان (کے)

فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۪ۙ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ

تو انہوں نے جھٹلایا اس کو پس پاؤں کاٹے اس کے پھر تباہی ڈال دی ان پر ان کے رب نے

بِ	ذَنْبِ	هِمْ	فَ	سَوّٰى	هَا	وَ	لَا	يَخَافُ	عُقْبٰى	هَا ۝ ۱
بوجہ	گناہ	ان (کے)	پھر	برابر کر دیا	انہیں	اور	نہ	وہ ڈرا	انجام	ان

بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۝ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝

بوجہ ان کے گناہ کے پھر انہیں ملیامیٹ کر کے برابر کر دیا، اور اسے ان کے بُرے انجام کا اندیشہ نہ ہوا

(۹۲) سُوْرَةُ الَّيْلِ مَكِّيَّةٌ (۹)

سورۃ الیل مکی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ۲۱ ———— رُكُوْعُهَا ۱

اس کی ۲۱ آیتیں ———— اور ———— ایک رکوع ہے

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

وَ	الَّيْلِ	اِذَا	يَغْشٰى ۝	وَ	النَّهَارِ	اِذَا	تَجَلّٰى ۝	وَ	مَا
قسم ہے	رات کی	جب	ڈھانک لے	قسم ہے	دن کی	جب	روشن ہو جائے	قسم ہے	جو

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝ وَمَا

قسم ہے رات کی جب ڈھانک لے (دن کو) اور قسم ہے دن کی جب روشن ہو جائے اور قسم ہے

خَلَقَ	الذَّكَرَ	وَ	الْاُنْثٰى ۝	اِنَّ	سَعْيَ	كُمْ	لَ	شَتّٰى ۝
اس نے پیدا کیا	نر	اور	مادہ	یقیناً	کوشش	تمہاری	البتہ	مختلف

خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ۝ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝

اس کی جو اس نے نر اور مادہ کو پیدا کیا بلاشبہ تمہاری دوڑ دھوپ جدا جدا ہیں

فَ	اَمَّا	مَنْ	اَعْطٰى	وَ	اتَّقٰى ۝	وَ	صَدَّقَ	بِ	الْحُسْنٰى ۝
پس	لیکن	جس نے	دیا	اور	پرہیزگاری اختیار کیا	اور	تصدیق کی	ساتھ	اچھی بات

فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝

پس جس نے دیا (راہ خدا میں) اور تقویٰ اختیار کیا اور نیک بات کی تصدیق کی

فَ	سَ	نُيَسِّرُ	هٗ	لِ	الْيُسْرٰى ۝	وَ	اَمَّا	مَنْ	بَخِلَ
تو	ضرور	ہم آسانی دینگے	اسے	واسطے	آسانی (کے)	اور	مگر	جس نے	بخل کیا

فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ

تو ہم بھی اسے آسان راہ اختیار کرنے کی توفیق دیں گے ، اور جس نے بخل کیا اور

وَ	اسْتَغْنٰى ۝	وَ	كَذَّبَ	بِ	الْحُسْنٰى ۝	فَ	سَ	نُيَسِّرُهٗ
اور	بے پروائی کی	اور	جھٹلایا	ساتھ اس کو	اچھی بات	پس	ضرور	ہم آسانی دینگے

وَاسْتَغْنٰى ۝ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ

بے پروائی کی اور اس نے جھٹلایا اچھی بات کو پس ضرور ہم بھی تنگی وارد

لِ	الْعُسْرٰى ۝	وَ	مَا	يُغْنِىْ	عَنْ	هُ	مَالُ	هٗ	اِذَا	تَرَدّٰى ۝
واسطے	تنگی (کے)	اور	نہ	کام آئے گا	سے	اس	مال	اس	جب	وہ نیچے گرے گا

لِلْعُسْرٰى ۝ وَمَا يُغْنِىْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰى ۝

کرنے کیلئے اس پر راہ کھول دینگے ، اور اس کے کسی کام نہ آئے گا مال اس کا جب وہ ہلاک ہوگا

اِنَّ	عَلَيْ	نَا	لَ	الْهُدٰى ۝	وَ	اِنَّ	لَ	نَا	لَ	الْاٰخِرَةَ
بیشک	اوپر	ہمارے	البتہ	راہ دکھانا	اور	یقیناً	واسطے	ہمارے	البتہ	انتہا

اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۝ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ

ہمارے ہی ذمہ ہے یقیناً راہ دکھانا (لوگوں کو) اور یقیناً ہمارے ہی اختیار میں ہے انتہا

وَ	الْاُوْلٰى ۝	فَ	اَنْذَرْتُ	كُمْ	نَارًا	تَلَظّٰى ۝	لَا	يَصْلٰى	هَاۤ
اور	ابتدا	پس	میں نے ڈرایا	تمہیں	آگ	شعلہ مارتی ہے	نہ	داخل ہوگا	اس

وَالْاُوْلٰى ۝ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۝ لَا يَصْلٰىهَاۤ

اور ابتدا پس میں نے ڈرایا تم کو آگ سے جو شعلہ مارتی ہے ، نہ داخل ہوگا اس میں کوئی

اِلَّا	الْاَ	شْقَى	الَّذِیْ	كَذَّبَ	وَ	تَوَلّٰى	وَسَ	یُجَنَّبُ	هَا الْاَتْقَى
مگر	بڑا	بدبخت	جس نے	جھٹلایا	اور	منہ پھیرا	اور ضرور	دور رکھا جائیگا	اس سے بڑا پرہیزگار

اِلَّا الْاَشْقَى ۝ الَّذِیْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝ وَسَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ۝

مگر بڑا بدبخت انسان جس نے جھٹلایا نبیوں کو، اور منہ پھیرا (صداقت سے) اور ضرور دور رکھا جائیگا اس (آگ) سے

الَّذِیْ	یُؤْتِیْ	مَالَ	هٗ	یَتَزَكّٰى	وَ	مَا	لِ	اَحَدٍ	عِنْدَ	هٗ	مِنْ	نِّعْمَةٍ
وہ جو	دیتا ہے	مال	اپنا	پاک ہوتا ہے وہ	اور	نہیں	واسطے	کسی کے	نزدیک	اس	کوئی	نعمت احسان

الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَهٗ یَتَزَكّٰى ۝ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ

بڑا پرہیزگار، وہ جو دیتا ہے مال اپنا پاک ہونے کیلئے، اور کسی کا اس کے ذمہ کوئی احسان نہیں تھا جس کا

تُجْزٰٓى	اِلَّا	ابْتِغَآءَ	وَجْهِ	رَبِّ	هِ	الْاَعْلٰى	وَ	لَ	سَوْفَ	یَرْضٰى
بدلہ دیا جائے	سوائے	چاہنے	رضامندی	رب	اپنے	بلند مرتبہ والا	اور	البتہ	عنقریب	وہ راضی ہوگا

تُجْزٰٓى ۝ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۝ وَلَسَوْفَ یَرْضٰى ۝

اسے بدلہ چکانا ہوتا سوائے اس کے کہ وہ اپنے بلند مرتبہ پروردگار کی خوشنودی چاہتا ہے، اور عنقریب وہ راضی ہوگا (ایسے انسان سے)

ع ۱۷

(۹۳) سُوْرَةُ الضُّحٰى مَكِّیَّةٌ (۱۱)

سورۃ الضحیٰ مکی سورت ہے

اٰیَاتُهَا ۱۱ —— رُكُوْعُهَا ۱

اس کی ۱۱ آیتیں —— اور —— ایک رکوع ہے

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کا نام لے کر جو نہایت مہربان اور بار بار رحم کرنے والا ہے

وَ	الضُّحٰى	وَ	الَّیْلِ	اِذَا	سَجٰى	مَا	وَدَّعَ	كَ	رَبُّ	كَ
قسم ہے	دن کی روشنی	قسم ہے	رات	جب	ڈھانک لے	نہیں	چھوڑا	تجھے	پالنے والا	تیرے

وَالضُّحٰى ۝ وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰى ۝ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ

قسم ہے دن کی جب وہ روشن ہو اور قسم ہے رات کی جب چھا جائے۔ نہیں چھوڑا تجھ کو تیرے رب نے

وَ	مَا	قَلٰی ۝	وَ	لَ	الْاٰخِرَةُ	خَیْرٌ	لَ	كَ	مِنَ	الْاُوْلٰی ۝
اور	نہ	وہ ناراض ہوا	اور	البتہ	پچھلی	بہتر ہے	واسطے	تیرے	سے	پہلی

وَمَا قَلٰی ۝ وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰی ۝

اور نہ وہ آپ سے خفا ہوا اور (ثبوت یہ ہے کہ) آپ کی ہر پچھلی گھڑی پہلی گھڑی سے بہتر ہوتی ہے

وَ	لَ	سَوْفَ	یُعْطِیْ	كَ	رَبُّ	كَ	فَ	تَرْضٰی ۝	اَ	لَمْ
اور	البتہ	عنقریب	دے گا	تجھے	پروردگار	تیرا	پس	تو راضی ہوگا	کیا	نہیں

وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی ۝ اَلَمْ

اور عنقریب تجھ کو (وہ کچھ) تیرا رب دے گا کہ تو راضی ہو جائے گا کیا اس نے

یَجِدْ	كَ	یَتِیْمًا	فَ	اٰوٰی ۝	وَوَجَدَ	كَ	ضَآلًّا	فَ	هَدٰی ۝
اس نے پایا	تجھے	یتیم	پھر	اس نے پناہ دی	اور پایا اس نے	تجھے	فریفتہ	پس	رہنمائی کی

یَجِدْكَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی ۝ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰی ۝

تجھ کو یتیم نہیں پایا پھر اس نے پناہ دی، اور تجھ کو اپنی محبت میں فریفتہ پایا تو تیری رہنمائی کی

وَ	وَجَدَ	كَ	عَآئِلًا	فَ	اَغْنٰی ۝	فَ	اَمَّا	الْیَتِیْمَ
اور	پایا اس نے	تجھے	تنگ دست	تو	غنی کیا	پس	جو	یتیم

وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی ۝ فَاَمَّا الْیَتِیْمَ

اور جب پایا تجھ کو تنگدست تو مالدار کر دیا پس جو یتیم ہو آپ

فَ	لَا	تَقْهَرْ ۝	وَ	اَمَّا	السَّآئِلَ	فَ	لَا	تَنْهَرْ ۝
پس	نہ	سختی کر تو	اور	جو	مانگنے والا	پس	نہ	ڈانٹ تو

فَلَا تَقْهَرْ ۝ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝

اس پر سختی نہ کریں اور جو مانگنے والا ہو اسے مت جھڑکیے

وَ	اَمَّا	بِ	نِعْمَةِ	رَبِّ	كَ	فَ	حَدِّثْ ۝
اور	مگر	ساتھ	نعمت	رب	اپنے	پس	بیان کر

وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝ ع

اور آپ اپنے رب کی نعمت کا ضرور اظہار کیا کریں

ع ۱۴ / ۱

(۹۴) سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ (۱۲)

سورۃ الم نشرح مکی سورت ہے

اٰیَاتُهَا ۸ —— رُكُوْعُهَا ۱

اس کی ۸ آیتیں —— اور —— ایک رکوع ہے

بِ	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کا نام لے کر جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

اَ	لَمْ	نَشْرَحْ	لَ	كَ	صَدْرَ	كَ ۙ	وَ	وَضَعْنَا	عَنْ	كَ
کیا	نہیں	کھول دیا ہم نے	واسطے	تیرے	سینہ	تیرا	اور	اتار دیا ہم نے	سے	تجھ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ وَ وَضَعْنَا عَنْكَ

کیا نہیں کھول دیا ہم نے تیرے لئے سینہ تیرا —— اور اتار پھینکا ہم نے تجھ سے

وِزْرَ	كَ ۙ	الَّذِيْٓ	اَنْقَضَ	ظَهْرَ	كَ ۙ	وَ	رَفَعْنَا	لَ	كَ
بوجھ	تیرا	جس نے	توڑ دی	پیٹھ	تیری	اور	بلند کیا ہم نے	واسطے	تیرے

وِزْرَكَ ۙ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَ رَفَعْنَا لَكَ

بوجھ تیرا —— کہ جس نے تیری کمر توڑ رکھی تھی —— اور بلند کیا ہم نے تیرے لئے

ذِكْرَ	كَ ؕ	فَ	اِنَّ	مَعَ	الْعُسْرِ	يُسْرًا ۙ	اِنَّ	مَعَ	الْعُسْرِ	يُسْرًا ؕ
ذکر	تیرا	پس	یقیناً	ساتھ	سختی	آسانی	یقیناً	ساتھ	سختی	آسانی

ذِكْرَكَ ؕ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ؕ

ذکر تیرا —— سو یقیناً (اس) سختی کے ساتھ (ہی بڑی) آسانی ہے (ہاں) یقیناً (اس) سختی کے ساتھ ہی بڑی آسانی ہے

فَ	اِذَا	فَرَغْتَ	فَ	انْصَبْ ۙ	وَ	اِلٰى	رَبِّ	كَ	فَ	ارْغَبْ ۧ
پس	جب	فارغ ہو تو	تو	محنت کر	اور	طرف	پالنے والا	اپنے	پس	رغبت کر

فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَ اِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۧ

پس جب بھی تو فارغ ہو تو محنت میں لگ جا (عبادت میں) اور اپنے رب کی طرف (ہی) رغبت رکھ

ع ۱۹

(۹۵) سُوْرَةُ التِّيْنِ مَكِّيَّةٌ (۲۸)

سورۃ التین مکی سورت ہے

اٰيَاتُهَا ۸ ——— رُكُوْعُهَا ۱

اس کی ۸ آیتیں ——— اور ——— ایک رکوع ہے

ب	اسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
ساتھ	نام	اللہ تعالیٰ	نہایت مہربان	بار بار رحم کرنے والا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو نہایت مہربان بار بار رحم کرنے والا ہے

وَ	التِّيْنِ	وَ	الزَّيْتُوْنِ ۝	وَ	طُوْرِ	سِيْنِيْنَ ۝	وَ	هٰذَا
قسم ہے	انجیر (کی)	اور	زیتون (کی)	قسم ہے	پہاڑ	سینین (کی)	قسم ہے	اس

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝ وَهٰذَا

قسم ہے انجیر کی اور قسم ہے زیتون کی اور سینین پہاڑ کی اور قسم ہے

الْبَلَدِ	الْاَمِيْنِ ۝	لَ	قَدْ	خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	فِيْٓ	اَحْسَنِ
شہر	امن والے	البتہ	تحقیق	ہم نے پیدا کیا	انسان	میں	اچھی

الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ

اس شہر امن والے کی یقیناً ہم نے انسان کو پیدا کیا ہے اچھی

تَقْوِيْمٍ ۝	ثُمَّ	رَدَدْنَا	هُ	اَسْفَلَ	سٰفِلِيْنَ ۝	اِلَّا	الَّذِيْنَ
ترکیب	پھر	ہم نے لوٹا دیا	اس کو	نچلا درجہ	نچلے درجوں	سوائے	ان جو

تَقْوِيْمٍ ۝ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ

ترکیب میں پھر ہم نے لوٹا دیا اس کو نچلے سے نچلے درجوں کی طرف سوائے ان کے جو

اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	فَ	لَ	هُمْ	اَجْرٌ	غَيْرُ
ایمان لائے	اور	عمل کئے	اچھے	پس	واسطے	ان کے	ثواب ہے	نہ

